تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ

فون نمبر: 2834643
فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 26 | ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء | 05 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 02

بلوچستان انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن — خودکش خواتین بمبار سمیت اہم دہشتگرد کمانڈر گرفتار

ریاست کے آئین اور ریاست کو قبول کرنے والوں کو سرنڈر ہو کر اپنی خوشگوار زندگی گزارنے کا موقع فراہم کر رہی ہے اس کے علاوہ 90 گرفتار دہشت گرد ڈیٹینشن سینٹر میں موجود ہیں جن سے تفتیش جاری ہے

گرفتار دہشتگرد ڈیٹینشن سینٹر میں موجود ہیں تفتیش جاری ہے وہاں پر ان کے کیسز کی سماعت بھی جاری ہے ریاست کے دروازے قانون، ریاست کو ماننے والوں کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں حمزہ شفقات، ڈی آئی جی کوئٹہ کی مشترکہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ کومبنگ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم بی ایل اے کے 6 خواتین خودکش بمبار 2 اور 2 کالعدم تنظیم کے کمانڈروں کو گرفتار کیا ہے۔ ریاست اور حکومت پاکستان کے آئین اور ریاست کو قبول کرنے والوں کو سرنڈر ہو کر اپنی خوشگوار زندگی
بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، مملکتِ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، شہباز شریف

وزیراعظم سے سعودی سفیر کی ملاقات دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ
بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہیدوں کے بارے میں توہین آمیز بیان دیکر بھارت کے بیانیے کو فروغ دیا جا رہا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل
بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان زراعت اور لائیو اسٹاک کیلئے زیادہ موزوں خطہ ہے، گورنر بلوچستان

زراعت اور مالداری یہاں کے عوام کے اہم معاشی ذرائع ہیں بلوچستان پورے پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے

بلوچستان بنیادی طور پر مالداری اور گلہ بانی کا خطہ ہے لائیو اسٹاک کی پیداوار اور غذائی مصنوعات کی برآمدات کے بے پناہ امکانات پائے جاتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی اعتبار سے زراعت، لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کیلئے زیادہ موزوں خطہ ہے۔ زراعت اور مالداری یہاں کے عوام کے اہم معاشی ذرائع ہیں۔ بلوچستان پورے پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زراعت، لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کے شعبوں کو
بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچوں کو اصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

نہتے لوگوں کو شہید کرنا کہاں کی روایات ہے ایک معزز آدمی کا نام لیا گیا جس کے والد وزیراعلیٰ رہے ہیں کہ اسکے گھر پر اسماجنگ کے والد کے قاتل موجود ہیں

اسماجنگ کی فیملی سے رابطے میں ہیں پہلے بھی کہا ہے کہ یہ معاملہ حساس ہے اس کو اسمبلی فلور پر بیان نہیں کر سکتا' میر سرفراز بگٹی کا اسمبلی اظہار خیال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دشت گوران میں دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہم پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ یہ بلوچیت نہیں بلکہ دہشت گردی ہے، اسما جنگ کی فیملی سے رابطے میں ہیں پہلے بھی کہا ہے کہ
بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبے کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے معاہدے پر دستخط

معاہدہ صوبے میں نجی سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان اور ہاؤس آف
بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کے پی میں ایمرجنسی نافذ کرنے کے حوالے سے کسی حکومت کے رابطے کا علم نہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد
بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

[illegible]

بھارتی وزیر دفاع کا بیان مسترد، جارحیت کا بھرپور جواب دینگے، پاکستان

یروشلم میں سفارت خانہ کھولنے کے فیصلے کی سخت الفاظ میں مذمت پاکستان فلسطینی عوام کے حق میں اپنی حمایت جاری رکھے گا، سعودی عرب پر حوثی حملے علاقائی امن کے لیے خطرہ ہیں، مکمل حمایت کا اعلان

افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکنے کی یقین دہانی نہیں دی جا رہی، غیر قانونی ہجرت میں 64 فیصد کمی آئی، ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان، ہفتہ وار پریس بریفنگ

... ہیں، شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے والے حملے خطے کے امن و استحکام کے لیے خطرہ ہیں۔ پاکستان مکہ معاہدے کے تحت اپنی ذمہ
بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تمام تعلیمی ادارے اور صحت مراکز کی عمارتوں کی رپورٹ پیش کریں' وزیراعلیٰ

مدارس کا معاملہ بہت حساس ہے، قائد حزب اختلاف سے مل کر مدارس کی جانچ پڑتال کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز
بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسماء جنگ اور لائبہ ستار کیسز، آئی جی بلوچستان کو منگل کے اجلاس میں طلب کرنے کا فیصلہ

بلوچستان اسمبلی دونوں واقعات پر پولیس سے رپورٹ لے گی، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی یقین دہانی

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن
بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے، رانا تنویر حسین

پاکستان کو بہتر بیج، مضبوط تحقیق کے ذریعے اپنی ممکنہ اور موجودہ پیداوار کے درمیان فرق کم کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی
بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کا ایران کیخلاف جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان

امریکا جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر روس اور چین سے بھی بات چیت کر رہا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے
بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

احد چیمہ کی ورلڈ بینک کے صدر سے ملاقات

روزگار اور نجی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے شراکت داری مزید مضبوط بنانے کا عزم

عالمی مہارت اور سرکاری و نجی سرمایہ کاری متحرک کرنے کی صلاحیت سے مربوط کرے گی

بنکاک (این این آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور اور نے بنکاک میں 2026 کے ورلڈ بینک - آئی ایم ورلڈ بینک گروپ میں پاکستان کے گورنر احد چیمہ
بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی اقلیتوں کو بھی نظر انداز کیا جا رہا ہے، دنیش کمار

بلوچستان کی تو اکثریت کے ساتھ بھی ظلم ہو رہا ہے، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں متروکہ وقف
بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مشرق وسطیٰ کی جنگیں، ماحولیاتی نسل کشی کے مترادف ہیں، ایرانی صدر

اثرات سرحدوں تک محدود نہیں رہتے، عالمی ماحولیاتی اجلاس سے خطاب

تہران (آن لائن) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگوں کے نتیجے میں ہونے والی ماحولیاتی تباہی
بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا پانڈا بانڈز پروگرام میں توسیع کا منصوبہ

7.2 ارب چینی یوآن کے منظور شدہ پروگرام کے تحت پانڈا بانڈز کے مزید اجرا کا منصوبہ بنایا ہے

بانڈز کا اجرا مارکیٹ کی صورت حال، قرض لینے کی لاگت اور قرضوں کی پائیداری پر منحصر ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے چین کی مقامی بانڈ مارکیٹ سے مزید سرمایہ حاصل کرنے کے لیے 7.2 ارب چینی یوآن کے منظور شدہ
بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری ایوی ایشن ... اہم ترجیحات ... (عنوان) [illegible]

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، سول ایوی ایشن کے شعبے میں پیشرفت اور اہم ترجیحات بارے جائزہ لیا گیا

آپریشنل فریم ورک، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، اپ گریڈیشن اور بین الاقوامی پروازوں کے روٹس میں توسیع کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار ... اقتصادی ترقی ... تجارت
بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے پر ایوان میں احتجاج، وزیراعلیٰ کی مذمت

... اسلام آباد ... بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ... میر جان محمد مینگل ...
بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی بہتر کردار ادا کرے تو مذاکرات پر غور ہو سکتا ہے: رانا ثناء اللہ

ہمارے وزیراعظم اپوزیشن لیڈر سے مصافحہ اور گفتگو کرتے ہیں، انٹرویو

... سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ...
بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کے پی میں سیاسی مقاصد کارفرما تھے اور نہ ہیں، طارق فضل

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد دوسرا مرحلہ ...

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری ...
بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، رانا احسان

درمیانی مدت میں برآمدات کو 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر
بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملک میں بڑی صنعتوں کی سالانہ ترقی 0.7 فیصد بڑھ گئی، ادارہ شماریات

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں بڑی صنعتوں کی مجموعی ترقی میں ...
بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 19 اکتوبر سہ پہر 3 بجے تک ملتوی

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 19 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا

اکتوبر سے ریاض ایئرپورٹ پر حوثیوں کے 20 حملے ناکام بنائے، سعودی اتحادی افواج

ریاض (آن لائن) سعودی اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے دعویٰ کیا ہے کہ یکم سے 11 اکتوبر کے دوران ریاض کے شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانے کی 20 کوششیں ناکام بنائی گئیں۔ ریاض میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے حوثی ملیشیا کی
بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حوثی ملیشیا کی بارودی سرنگوں نے ہزاروں یمنی شہریوں کی جان لے لی

بارودی سرنگوں سے 4,501 افراد ہلاک، متاثرین میں ہزاروں بچے اور خواتین شامل

اسلام آباد (آن لائن) حوثی ملیشیا کی بارودی
بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خواتین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ضیاء اللہ لانگو

جرم کرنے والوں کو گرفتاری سے بچنے کیلئے چھپنے کی کوشش کرنا ہے ... قانون کی گرفت میں لائیں گے

لائبہ ستار کیس میں نامزد ... کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں ...

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ...
بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی نے بلدیاتی اداروں کو مالی و انتظامی خودمختاری دینے کی قرارداد منظور کر لی

...
بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی شہزادی انتقال کر گئیں

ریاض (این این آئی) سعودی ایوان شاہی کے ...
بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

الزام تراشی کی بجائے اصل حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے، محسن نقوی

... آگ بھڑکانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن کی بحالی اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کریں، لاہور میں غیر رسمی گفتگو

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ...
بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان ورلڈ فوڈ ڈے کی مناسبت سے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے موقع پر سٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

... آئینی عدالت نے سابق ڈی جی نیب ... کے خلاف ...

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تین سال کے دوران مجموعی طور پر 13 ہزار 922 اسلحہ لائسنس جاری کیے گئے، وزارت داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) وزارت داخلہ نے گزشتہ تین سال کے دوران ممنوعہ اور غیر ممنوعہ بور کے
بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کیساتھ غیر مشروط یکجہتی کا اعلان کرتے ہیں، حافظ طاہر محمود اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے حرمین شریفین پر حوثی باغیوں کے مسلسل حملوں کی مذمت کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں انھوں نے کہا کہ مملکت سعودی عرب کے ساتھ غیر مشروط یکجہتی کا اعلان کرتے ہیں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا دنیا بھر میں حوثی باغیوں کی دہشت گردانہ کارروائیوں کے
بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک ملائیشین افواج، انسداد دہشت گردی کی مشترکہ مشق اختتام پذیر

مشترکہ مشق ہریما مارخور IV- نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر پبی میں ہوئی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور ملائیشین افواج کے درمیان انسداد دہشت گردی کی مشترکہ مشق ہریما مارخور IV- نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر (این
بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی، پاکستان آنیوالے بین الاقوامی سیاحوں کی تفصیلات پیش

سال 2025 میں 22 لاکھ 90 ہزار بین الاقوامی سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں گزشتہ دو سال کے دوران پاکستان آنے والے بین الاقوامی سیاحوں کی تفصیلات پیش کر دی گئیں، جن کے
بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سستی خوراک کی فراہمی قومی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے، سردار ایاز صادق

زرعی لاگت میں اضافہ غذائی قلت کے بڑے چیلنجز ہیں، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور سائنسی تحقیق کا فروغ ناگزیر ہے

ایسا نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں کوئی بھی فرد غذائی قلت کے باعث صحت مند زندگی گزارنے کے بنیادی حق سے محروم نہ رہے

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ معیاری اور متوازن خوراک صحت مند زندگی کی بنیادی ضمانت ہے، جبکہ ہر شہری کو سستی، محفوظ اور غذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی فراہم کرنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ عالمی یوم خوراک کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے غذائی تحفظ کو قومی ترجیحات میں شامل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بڑھتی ہوئی
بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خوراک کا عالمی دن 16 اکتوبر جمعہ کو منایا گیا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خوراک کا عالمی دن 16 اکتوبر جمعہ کو منایا گیا اس
بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سید حیدر شاہ کو اقوام متحدہ میں پاکستان کا مستقل مندوب مقرر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے سید حیدر شاہ کو نیویارک میں اقوام متحدہ کے لیے نیا مستقل
بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ اجلاس، ن لیگی سینیٹر نے وفاقی دارالحکومت میں اخبارات کی ترسیل نہ ہونے کا معاملہ اٹھا دیا

سی ڈی اے نے ریڈ کیا اور وہ دفاتر سیل کر دیے جہاں سے اخبارات کی ترسیل ہوتی تھی، وزارت داخلہ جواب دے، سعدیہ عباسی اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ اجلاس۔ ن لیگی سینیٹر نے وفاقی
بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی میں گزشتہ روز انٹرنیٹ پاٹیکنیکل ایشو تھا، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں گزشتہ روز انٹرنیٹ پا ٹیکنیکل ایشو تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے عقیل ملک نے کہا کہ وزیر
بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکی میزائل دفاعی ذخائر 2030 تک کمی برقرار رہنے کا خدشہ

امریکا کے پاس تقریباً 355 تھاڈ انٹرسیپٹرز تھے، 190 سے 290 تک استعمال ہونے کی اطلاع ہے

واشنگٹن (آن لائن) ایران جنگ کے باعث امریکی میزائل دفاعی ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا ہے، جبکہ تھاڈ اور پیٹریاٹ میزائلوں کے ذخائر 2030 تک
بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

(ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل 0.55 فیصد سستا ہو کر 97.43 ڈالر فی بیرل پر آ گیا

لندن (آن لائن) تیل بردار جہازوں پر پابندیاں
بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پائیدار ترقی کے لئے مقامی شمولیت اور جامع قیادت ناگزیر ہے، آصفہ بھٹو

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے حکومتوں، بین الاقوامی تنظیموں، سول سوسائٹی اور مقامی آبادیوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، خاتون اول کا مضمون

خاتون اول نے کہا کہ دیرپا تبدیلی کا آغاز کمیونٹیز سے ہوتا ہے، باہمی شرکت اور جامع قیادت کے ذریعے لوگوں کو اپنا مستقبل سنوارنے کے قابل بنایا جاتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے پائیدار ترقی کے لیے مقامی آبادیوں کی شمولیت، عوامی اعتماد اور جامع قیادت کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسائل کے دیرپا حل مقامی آبادیوں کی ضروریات اور تجربات کو مدنظر رکھ کر
بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جے یو آئی ف کا مزاج نہیں کہ پیسے دے کر نشستیں حاصل کرے، کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے اس الزام کو سختی سے مسترد کر دیا ہے کہ پارٹی نے 25 کروڑ روپے دے کر اسمبلی کی نشستیں حاصل کیں۔ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر سینیٹر کامران مرتضیٰ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے محمود
بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کو امتیازی سلوک، جبری شادیوں اور تشدد کا سامنا ہے، ایچ آر سی پی

لاہور (این این آئی) انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان نے اپنی تازہ رپورٹ میں مذہبی اقلیتوں کو
بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سولر نظام نے زیر زمین پانی کی سطح گرا دی، ظہور بلیدی

پانی کا بے دریغ استعمال روکنا ہوگا، ورنہ آنے والی نسلیں بھی پانی سے محروم ہوں گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبے بھر میں پانی کی گرتی ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے
بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ، پانچ سالہ بچے سے زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد

جو کچھ ہوا وہ صحیح نہیں ہے، ایسے ملزمان کے ساتھ نرمی نہیں رکھی جا سکتی، جسٹس محمد علی مظہر

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے پانچ سالہ بچے سے زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد کر دی۔ دوران سماعت بنچ کی سربراہی کرتے ہوئے جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ پانچ سالہ بچے سے زیادتی اسکول میں ہوئی، یہ جو کچھ ہوا وہ صحیح
بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں استحکام کیلئے نگرانی ناگزیر ہے

ذخیرہ اندوزی، مصنوعی قلت و گرانفروشی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے عوام کو اشیائے ضروریہ کی مناسب قیمتوں پر بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے اور مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کے لیے
بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکا کو ایران کیخلاف مظالم پر سزا ملنی چاہیے، باقر قالیباف

جو کوئی بھی ایران پر حملے کے احمقانہ خیال کو دل میں لاتا ہے، اسے تاریخی تجربے کو دیکھنا چاہیے اور سمجھنا چاہیے کہ وہ مقابلہ نہیں کر سکتا

مفاہمتی یادداشت ایران کی میدان جنگ میں حاصل کردہ اسٹریٹجک برتری تھی جس نے امریکا کو اس مفاہمت کو قبول کرنے پر مجبور کیا

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمانی اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کو ایران کے خلاف کیے گئے مظالم پر سزا ملنی چاہیے، اسے اپنا رویہ بدلنا چاہیے اور یہ سمجھنا چاہیے کہ اسے ایرانی عوام کے جائز مطالبات تسلیم کرنا ہوں گے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس
بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مستحق مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، نور محمد دمڑ

عوام کی خدمت محض دعوؤں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات، احساسِ ذمہ داری اور دکھی انسانیت کے ساتھ ہمدردی سے کی جاتی ہے

وسائل کی کمی کے باعث کوئی بھی مستحق مریض علاج سے محروم نہ رہے اور ضرورت مند افراد کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ غریب اور مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ضلع ہرنائی، شاہرگ سے تعلق رکھنے والے کینسر کے مریض نور اللہ ترین مختلف موذی بیماریوں میں مبتلا غریب اور مستحق افراد کے علاج معالجے کے لیے اینڈومنٹ فنڈ سے منظوری دلوانے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

غذائی قلت کا خاتمہ ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں، ربابہ بلیدی

ماں اور بچے کی مناسب غذائیت ایک صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی (ستارہ امتیاز) کا عالمی یوم خوراک پر پیغام خوراک کا تحفظ، غذائیت سے بھرپور غذا تک ہر شہری کی رسائی اور غذائی قلت کا خاتمہ ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین اور بچوں کو متوازن اور معیاری غذا کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، مشیر

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی نیشنل لائبریری اسلام آباد میں پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کی حیات، سیاسی جدوجہد اور قومی خدمات پر مبنی تصویری و کتب نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

پولیس میں بھرتی کا عمل میرٹ کی بنیاد پر ضابطہ کار کے تحت جاری ہے، شہزادہ اکبر

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل آئی جی پولیس آپریشن و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی شہزادہ اکبر نے کہا ہے کہ پولیس میں بھرتی کا عمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ضابطہ کار کے تحت جاری ہے زیارت میں 98 امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے جس کے بعد کاغذات کی جانچ پڑتال، قد و چھاتی کی پیمائش

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا ہدایت الرحمٰن کا محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس کے دوران حق دو تحریک کے قائد اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) کے حوالے سے ایک اہم توجہ دلاؤ نوٹس ایوان میں پیش کیا گیا۔ نوٹس پیش کرتے ہوئے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بھوک اور غذائی قلت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونا چاہیے، سینیٹر عبدالقادر

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار کے چیئرمین سینیٹر محمد عبدالقادر نے عالمی ہنگر انڈیکس سے متعلق تازہ خبر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھوک اور غذائی قلت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونا چاہیے۔ معاشی بہتری کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسماجتک کیساتھ ہونے والے ظلم پر بلوچستان شرمندہ ہے، علی مدد جتک

ظالم سرداروں اور نوابوں کی نجی جیلیں ہیں، ہم مظلوم کے ساتھ کھڑے رہیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے اسماجتک [illegible] کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر علی مدد جتک [illegible]

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

[illegible]

[illegible]

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خواتین کو وراثت سے محروم رکھنا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے، ڈاکٹر راغب نعیمی

خاندانی رسم و رواج یا دباؤ کی بنیاد پر کسی کو وراثت سے محروم کرنا درست نہیں، [illegible] سے خطاب

لاہور (این این آئی) [illegible]

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشتگردی پر قابو پانے میں ناکام اور بے بس ہو کر حکومت کیخلاف اقدامات کرتے ہیں، شازیہ مری

خیبر پختونخوا میں اب کوئی بھی خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا، پشاور جیسے شہری علاقے بھی دہشت گردی سے متاثر ہو رہے ہیں

پارلیمنٹ ہاؤس میں پی پی پی رہنماؤں سینیٹر قرۃ العین مری، رکن قومی اسمبلی فتح اللہ خان اور رہنما اخونزادہ چٹان کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات، معصوم شہریوں کی شہادتوں اور عوام کے عدم تحفظ کی صورتحال پر سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے، صوبائی حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کی جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور تعلیم اور صحت سمیت بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہے، تاہم صوبے میں دہشت گردی جاری ہے اور حکومت کو دیگر سیاسی معاملات کی فکر ہے۔ اگر کوئی حکومت دہشت گردی پر قابو پانے میں ناکام ہو جائے اور سہولت کار بن جائے تو آئینی اقدامات کرنا پڑتے ہیں، وفاقی حکومت نے آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے قدم اٹھایا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ

بقیہ 47 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ٹینکرز مافیا غریب عوام کو لوٹ رہے ہیں، زرک مندوخیل

عوام کو اگر ہم پانی اور بنیادی سہولیات نہیں دے سکتے تو ایوان میں بیٹھنے کا کوئی جواز نہیں ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پانی کی شدید قلت اور ٹینکرز مافیا کی من مانیوں پر رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے سخت احتجاج اور شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ میں پینے کے پانی کا مسئلہ انتہائی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گوادر زیرو پوائنٹ پر مسافر کوچ اور ٹرالر میں تصادم، 3 افراد شدید زخمی

گوادر (یو این اے) گوادر کے علاقے زیرو پوائنٹ پر مسافر کوچ اور ٹرالر کے درمیان المناک حادثے کے نتیجے میں تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب مسافر کوچ کے ڈرائیور نے ٹرالر کو اوورٹیک کرنے کی کوشش کی۔ حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر جی ڈی اے اے ایڈس ہسپتال

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تربت کی ڈاکٹر کالونی میں گھر کے اندر فائرنگ کا واقعہ، 2 افراد ہلاک

ہلاک شدگان میں ایک اشتہاری ملزم بھی شامل، لاشیں ورثا کے حوالے کر کے پولیس نے تفتیش شروع کر دی

تربت (یو این اے) سرکاری ذرائع کے مطابق تربت کے علاقے ڈاکٹر کالونی میں ایک گھر کے اندر مبینہ فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ مسلح افراد کے درمیان باہمی تنازع اور چپقلش کے باعث پیش آیا۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت سرفراز ولد غلام (ساکنہ شاہی تمپ) اور عامر ولد عبدالنبی (ساکنہ سریاب کوئٹہ) کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مقتولین میں شامل سرفراز عرف ملا ایک نامعلوم اشتہاری ملزم تھا جو پولیس کو قتل کے ایک

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مراد جمالی اور کچھی میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور کچھی میں مختلف فائرنگ کے واقعات تین افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود اوچ پاور مین قومی شاہراہ پر مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے محمد رحیم جنگ شدید زخمی ہوگئے جن کو فوری طور نیجنگ

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کو متعلقہ آفیسران صاحبزادہ کاریز پر ٹیوب ویلوں کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

جامعہ تربت، اسپرنگ 2027 کے داخلوں کی آخری تاریخ میں 10 نومبر تک توسیع

تربت (این این آئی) جامعہ تربت نے تعلیمی سال 2027 کے اسپرنگ سیشن میں مختلف انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ پروگراموں میں داخلہ لینے کے لئے آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 10 نومبر 2026 تک توسیع کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان جامعہ تربت کے مطابق خواہشمند امیدوار 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش ناکام، دو مبینہ ڈاکو ہلاک

پولیس اور ایف سی کا ڈانو پھاٹک کے قریب ملزمان سے مقابلہ، زخمی کانسٹیبل جان محمد کی حالت مستحکم

دالبندین (یو این اے) دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے پولیس اور فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) نے جوابی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں دو مبینہ ڈاکوؤں کو ہلاک کر دیا، جبکہ ملزمان کی فائرنگ سے ایک ٹریفک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق دوپہر تقریباً 2 بج کر 20 منٹ پر دو نامعلوم مسلح ملزمان دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش کر رہے تھے کہ وہاں موجود ٹریفک پولیس کے کانسٹیبل جان محمد نے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غربت کے خاتمے کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں غربت کے خاتمے کا عالمی دن (آج) 17 اکتوبر بروز ہفتہ کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر سے غربت کے خاتمے کیلئے مشترکہ حکمت عملی ترتیب دینا ہے اس دن کی مناسبت سے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، سردار شاہ زمان خان علیزئی اور ان کے فرزند بحفاظت بازیاب

اہل خانہ اور سردارزادہ خلیل زمان علیزئی ایڈووکیٹ کی رہائی کی تصدیق، علاقے میں خوشی کی لہر

مستونگ (یو این اے) چیف آف علیزئی و سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی مستونگ سردار شاہ زمان خان علیزئی اور انکے فرزند 56 روز کے بعد بحفاظت بازیاب ہو گئے۔ سردار شاہ زمان خان علیزئی اور ان کے فرزند بحفاظت اپنے گھر پہنچ گئے۔ سردارزادہ خلیل زمان علیزئی ایڈووکیٹ کی تصدیق واضح رہے سردار شاہ زمان علیزئی کو

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ

پرنٹر و پبلشر نادر حسین زہرو نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت جیل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زہرو

081 - 2005129
081 - 2011314

نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

منداور تمپ میں غریب بلوچوں کی گاڑیاں جلانے والے دہشتگرد ہیں، مینا مجید

دہشتگرد عام شہریوں کو معاشی نقصان پہنچا رہا ہے یہ عناصر بھارت کے آلہ کار ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں مشیر کھیل مینا مجید نے کہا ہے کہ منداور تمپ میں دہشت گردی کے واقعات کے دوران غریب بلوچ شہریوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور راستے بند کر کے لوگوں کی گاڑیاں جلائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بزرگ شخص مند سے تربت کے درمیان گاڑی چلا کر روزگار کماتا تھا، لیکن دہشت گردوں نے اس کی گاڑی بھی جلا دی۔ ان کے بقول، غریب اور بے بس لوگوں کی گاڑیوں کو نذر آتش

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بروری روڈ پر لوکل بسیں بند کرنے سے طلباء اور عوام کو مشکلات ہیں، خیر جان

طلبا و طالبات شہر کے وسط میں موجود تعلیمی اداروں، ٹیوشن اور کوچنگ سینٹروں میں آتے جاتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ نے کہا ہے کہ بروری روڈ پر لوکل بسیں بند کرنے سے طلباء اور عوام کو مشکلات ہیں، اس مسئلے کو فوری حل کیا جائے، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بروری روڈ پر لوکل بسیں بند کیے جانے سے عوام اور خاص طور پر طلبا و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، یہ طلبا و طالبات شہر کے وسط میں موجود تعلیمی اداروں، ٹیوشن اور کوچنگ سینٹروں میں آتے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشاور واقعے پر وزیر اعلیٰ کیخلاف مقدمہ درج ہونا چاہیے، عبدالرحمان کھیتران

کے پی میں ایک ہی پارٹی طویل عرصے سے برسر اقتدار ہے، اسکولوں کی عمارتوں کا جائزہ کیوں نہیں لیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے خیبر پختونخوا میں پیش آنے والے اسکول کی چھت گرنے کے دلخراش واقعے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حادثے پر کے پی کے وزیر اعلیٰ کے خلاف مقدمہ درج کیا جانا چاہیے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے سردار عبدالرحمان کھیتران

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشین، زیر زمین پانی کی سطح گرنے پر تشویش، ڈیمز کی تعمیر کی قرارداد پیش

سولر سسٹم نے زیر زمین پانی تباہ کر دیا، وفاق ڈیموں کے لیے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ضلع پشین سمیت صوبے بھر میں زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح اور آبی بحران کے حوالے سے ایک اہم قرارداد پیش کی گئی، جس پر اپوزیشن اور سرکاری بینچوں کے ارکان نے شدید تشویش کا اظہار کیا۔ قرارداد اپوزیشن رکن اسمبلی سید ظفر آغا نے ایوان میں پیش کی، جس کا متن پیش کرتے ہوئے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، مہر اللہ بادینی

محکمہ خوراک بڑھتے آٹے کا سرکاری نرخنامہ جاری کریگا، جس پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، محکمہ خوراک اور محکمہ صنعت کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹے کی حالیہ قیمتوں، مارکیٹ کی صورتحال اور عوام کو مناسب نرخوں پر آٹے کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تمام تر تجزیے اور مشاورت کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ خوراک بڑھتے آٹے کا سرکاری نرخنامہ جاری کرے گا، جس پر ہر صورت

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایم پی اے ہاسٹل میں غیر متعلقہ افراد کی رہائش اور نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کھڑی ہونے کا انکشاف

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار نے ایم پی اے ہاسٹل کی صورتحال کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرواتے ہوئے اسپیکر سے ہاسٹل کے سرپرائز دورے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایوان میں نقطہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے رکن اسمبلی اشوک

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمت نے عوام کو مشکلات سے دوچار کر دیا

فلور ملز اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں گندم خرید کر شہریوں کو آٹا فراہم کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان اور ملک کے دیگر صوبوں میں آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمت نے عوام کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں تقریباً 500 روپے اور 50 کلو بوری کی قیمت میں 2 ہزار روپے اور 100 کلو بوری کی قیمت میں 3 ہزار روپے اضافہ ہو چکا ہے۔ آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے سابق صدر سید ناصر آغا نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کے حوالے سے پالیسی اور گندم نہ خریدنے کی وجہ سے دوسرے صوبوں سے گندم کی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہزارہ ٹاؤن میں ایک شخص نے اپنی بیوی کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ٹاؤن کے علاقے میں ایک شخص نے اپنی بیوی کو قتل کر دیا پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن کے رہائشی حمید اللہ نامی شخص نے چھرے سے وار کر کے اپنی بیوی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کو ضروری کارروائی کے بعد

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر صادق عمرانی، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر ظہور بلیدی، حاجی علی مدد جتک، صوبائی مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز اراکین اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت کنٹرول روم کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، عرفان اللہ

سیف سٹی پراجیکٹ کے باقی ماندہ مراحل کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ منصوبے کو مکمل طور پر فعال بنایا جا سکے

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی سبی ڈویژن کی کارکردگی اور جاری اقدامات کے حوالے سے بریفنگ لی۔ اس موقع پر ڈویژنل آئی ٹی آفیسر عمران لاشاری نے محکمہ کی کارکردگی، جاری منصوبوں اور ڈیجیٹل سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ ڈسٹرکٹ آئی ٹی آفیسر سید عاصم شاہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈویژنل آئی ٹی آفیسر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت کنٹرول روم کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، جبکہ منصوبے کے دیگر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈائریکٹوریٹ آف ٹورزم کے زیر اہتمام گوادر یوتھ ٹورزم سمٹ کا انعقاد

ڈیجیٹل میڈیا کے مؤثر استعمال اور مقامی معیشت کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا

گوادر (خ ن) ڈائریکٹوریٹ آف ٹورزم، حکومتِ بلوچستان کے زیر اہتمام گوادر یوتھ ٹورزم سمٹ 2026 کا انعقاد کیا گیا جس میں بلوچستان میں سیاحت کے فروغ، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، ڈیجیٹل میڈیا کے مؤثر استعمال اور مقامی معیشت کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔ تقریب سے ڈائریکٹر ٹورازم بلوچستان گہرام بگٹی، دولت خان رجسٹرار یونیورسٹی آف گوادر، نور محسن صدر پریس کلب گوادر اور ایس ڈی سی کے صدر حاجی عبدالغنی نوازش نے خطاب کیا، جبکہ پینل ڈسکشن میں سیاحت، ای کامرس اور کاروباری شعبوں سے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت ضلع موسیٰ خیل میں عوامی مسائل کے حل اور عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں، زمینداروں، عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات براہ راست کمشنر کے سامنے پیش کیں کھلی کچہری کے دوران عوام نے خستہ حال اور کچے سڑکوں، سرکاری عمارتوں کی ابتر حالت، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، آبنوشی کی اسکیمات، محکمہ پی ایچ ای، بی اینڈ آر اور دیگر محکموں کی کارکردگی سے متعلق متعدد شکایات

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ سیاسی جماعت ہے، میر ریاض

بلا رنگ و نسل خدمت کی ہے اور عوام کے حقوق کے لئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز بلند کی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے نومنتخب صوبائی نائب صدر اول میر ریاض احمد شاہوانی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ سیاسی و جمہوری جماعت ہے عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، پارٹی کی مرکزی قیادت نے جس اعتماد کا مجھ پر اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو انجینئر میر احمد لانگو، طیب بلوچ، ملک رفیق شاہوانی، ملک سعید شاہوانی اور دیگر کی جانب سے مبارکباد دینے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر مبارکباد دینے والوں نے میر ریاض احمد شاہوانی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کچھی میر ممتاز علی کھیتران کا سول اسپتال مچھ کا اچانک دورہ

تیز رفتار مزدا ٹرکوں اور ویگنوں کی چھتوں پر سواریاں بٹھانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، ڈی سی کچھی

مچھ (یو این اے) ڈی سی کچھی کا سول ہسپتال مچھ کا اچانک دورہ ایم۔ ایس ڈاکٹر مشتاق داجلی نے ان کا استقبال کیا اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل جاتی و دیگر سپورٹنگ اسٹاف ور ڈیوٹی پر موجود تھے اس موقع پر انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا صحت اور تعلیم میری اولین ترجیح ہیں کچھی کے شہریوں کو معیاری علاج معالجے سے سہولت کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے مچھ ایک ایسے سنگم پر واقع

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا بینظیر ایمرجنسی رسپانس سینٹر 1122 کا دورہ

مریضوں کے ریکارڈ اور اب تک دی گئی سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا جو کہ تسلی بخش پایا گیا

خضدار (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا بینظیر ایمرجنسی رسپانس سینٹر 1122 کا دورہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر عبدالحمید ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خضدار علم دین تاجک ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر لونگ خان عبدالرشید ڈرگ انسپکٹر اور سینئر ڈرگ فارماسسٹ جمیل احمد بلوچ کے ہمراہ بینظیر ایمرجنسی رسپانس سینٹر 1122 کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر سینٹر انچارج منظور احمد سے ملاقات کی۔ ٹیم نے مرکز کی صفائی ستھرائی، سٹاک، مریضوں کے ریکارڈ اور اب تک دی گئی سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا جو کہ تسلی بخش پایا گیا۔ انچارج نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کتنے مریضوں کو فرسٹ ایڈ دی گئی، کہاں کہاں رسپانس کیا گیا اور

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ پولیس کی کارروائی 3 ملزمان گرفتار موٹر سائیکل، اسلحہ برآمد

تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے جعل سازی کرنے والے غیر قانونی اسلحہ اور سنیچرز سمیت مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے موٹر سائیکل، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ انڈسٹریل خیر محمد نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالکریم کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے جعل سازی سے بنائی گئی مختلف چیزیں اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیا اسی طرح ایس ایچ او صدر شاہ اللہ ساحل نے کارروائی کرتے ہوئے سنیچر زحمزہ کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی جناح ٹاؤن پولیس نے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ شہر دارالحکومت ہونے کے باوجود مسائل کا گڑھ بن چکا ہے، لالہ یوسف خلجی

گیس پریشر میں کمی اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر کے رکھی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی گیس پریشر میں کمی اور بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی ہے دوسری طرف گیس اور بجلی کے بھاری بل عوام کو بھیجے جا رہے ہیں جسے عوام جمع کرانے کی استعداد نہیں رکھتے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ کوئٹہ کا شمار بلوچستان کے سرد ترین علاقوں میں ہوتا ہے کوئٹہ میں موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی گیس پریشر دم توڑ چکا ہے اور

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نوجوان مسائل کے حل کیلئے حکومت کے شانہ بشانہ کردار ادا کریں، احسن اقبال

نوجوان محض مسائل کی نشاندہی اور تنقید تک محدود رہنے کے بجائے قابلِ عمل حل پیش کرنے چاہئیں، یوتھ سلوشن سپرنٹ سے خطاب

نوجوانوں کو ماہرین سے تبادلہ خیال، اپنے خیالات کو آزمانے اور قابلِ عمل تجاویز مرتب کرنے کے مسلسل مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے نوجوان ہیں، جن کی صلاحیتوں کو قومی ترقی اور معاشرتی مسائل کے حل کے لیے بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو محض مسائل کی نشاندہی اور تنقید تک محدود رہنے کے بجائے ایسے قابلِ عمل حل پیش کرنے چاہئیں جو ملک کے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

یونیورسٹی آف تربت کے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا اجلاس

اعلیٰ تعلیم اور تحقیق محض ڈگری کے حصول تک محدود نہیں ہونی چاہیے، ڈاکٹر گل حسن

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ (ASRB) کا چھپنواں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تمام فیکلٹیز کے ڈینز، ڈائریکٹرز اور سینئر فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایم فل تھیسز کی ایویلیوایشن، زبانی امتحانات، ڈگریوں کے اجراء کی منظوری، سپروائزرز کی تقرری، ریسرچ پروپوزل ڈیفنس اور دیگر اعلیٰ تعلیمی و تحقیقی امور سے متعلق مختلف ایجنڈا آئٹمز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نجی سکولز کے فیسوں کے متعلق صرف ڈپٹی کمشنر ذمہ دار نہیں، نذر بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر نذر بڑیچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ ویسٹ کے نومولود ڈپٹی کمشنر نے گزشتہ ماہ نجی سکولز کے خلاف ڈبل فیس کے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد نامعلوم مسلح افراد نے دو موبائل ٹاورز کو آگ لگا دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد مسلح افراد کے حملے میں دو موبائل ٹاورز کو آگ لگا دی گئی تمام مشینری و دیگر سامان جلکر راکھ ہو گیا مسلح افراد فرار ہو گئے نصیر آباد کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی صدر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

آئین کی پامالی اور عوامی مینڈیٹ کی توہین سے ملک بحرانوں کا شکار ہے، جمعیت

پارلیمان کی بالادستی تسلیم، سیاسی انجینئرنگ بند اور عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، جے یو آئی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ اقتدار کے نشے میں مست قوتوں اور جمہوریت کے نام نہاد علمبرداروں نے سیاسی بالادستی اور ذاتی مفادات کے تحفظ کی خاطر ملک کو سنگین داخلی و خارجی بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے۔ آئین کی پامالی، پارلیمان کو بے اختیار بنانے اور عوامی فیصلوں کو بے وقعت کرنے کی روش نے ریاستی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ جاری کردہ بیان میں ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے مسائل وفاقی حکومت کی ترجیح کیوں نہیں، ندیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ندیم کاکڑ نے کمشنر رخشان ڈویژن اسداللہ کاکڑ کے ساتھ پیش آنے والے مبینہ واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ویسٹ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں رورل ہیلتھ سینٹرز میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی سے متعلق رپورٹس پیش کی گئیں

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ویسٹ اخلاق احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، ڈرگ کنٹرولر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تمام بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) اور رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs) میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور دیگر طبی سہولیات سے متعلق رپورٹس پیش کی گئیں۔ متعلقہ افسران نے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد فائرنگ سے متعدد مال مویشی ہلاک چھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد چھتر کوراز اور بجی میں مختلف قبائل کے درمیان گزشتہ تین روز سے جاری فائرنگ متعدد مال مویشی ہلاک جبکہ چھ افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات شدید فائرنگ کے باعث آمد و رفت کے راستے بند کھانے پینے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی کا ڈکی جیم کلب کا دورہ

جیم کلب کی عمارت کی ضروری مرمت و بحالی کو فیز فور میں شامل کرنے کیلئے پی سی ون تیار کیا جائے

ڈکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی نے ڈکی جیم کلب کا دورہ کیا، جہاں جیم ٹرینر ایاز خان ترین نے انہیں کلب کی سرگرمیوں، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر صدر ڈکی پریس کلب اللہ نور ناصر بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے جیم کلب کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور وہاں موجود ورزش کی مشینری، دیگر سہولیات اور عمارت کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ جیم کلب میں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور، شہید جاوید چوک پر مسلح شخص کی فائرنگ سے راہگیر بچہ زخمی

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے معروف ترین علاقے شہید جاوید چوک پر ایک مسلح شخص کی جانب سے کی جانے والی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک معصوم راہگیر بچہ شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ شہید

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، بی ایس ڈبلیو کی چیئرپرسن کرن بلوچ نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے 80 ویں بورڈ اجلاس میں اظہار خیال کر رہی ہیں

مچھ ٹریفک پولیس اور مچھ پولیس کی مشترکہ کارروائی، درجنوں گاڑیوں کو چالان

مچھ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کچھی میر ممتاز علی کھیتران، ڈی آئی جی سبی رینج اور ایس ایس پی کچھی کی ہدایات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ ٹریفک پولیس کچھی نے ایس

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

عوام کو روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء مناسب قیمتوں پر فراہم کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

سبی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں انجمن تاجران، دودھ و دہی فروشوں، چھوٹے بڑے گوشت اور مرغی کے گوشت کے فروخت کنندگان، دیگر تاجران اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں، سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد اور عوام کو روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء مناسب قیمتوں پر فراہم کرنے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر)

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی پٹرول پمپ آگ سے زخمی ہونے والا نوجوان جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی پٹرول پمپ آگ سے زخمی ہونے والا نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی میں گزشتہ روز مقامی پٹرول پمپ میں آگ کی زد میں کر جھلس کر زخمی ہونے والا

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان 2027 میں عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کی سربراہی کریگا

احد چیمہ دونوں عالمی مالیاتی اداروں کے چیئرمین نامزد، پاکستان کو عالمی اقتصادی اور ترقیاتی امور میں مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع ملے گا

پاکستان اپنی سربراہی کے دوران ترقی پذیر ممالک کی آواز کو مؤثر بنانے اور عالمی ترقیاتی مباحث میں ان کے مسائل کو مناسب اہمیت دلانے کے لیے کردار ادا کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کو عالمی اقتصادی اور مالیاتی سفارت کاری کے میدان میں اہم ذمہ داری سونپ دی گئی ہے، جس کے تحت ملک 2027 میں عالمی بینک گروپ (ورلڈ بینک گروپ) اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا۔ وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کا آئندہ

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سجدے کا سکون، تین سائنسوں کا معجزہ

محمد خان اچکزئی

محترم قارئین، سجدے میں جو سکون اور اطمینان ملتا ہے وہ محض ایک اتفاق نہیں، بلکہ اس کے پس پردہ تین سائنسیں ایک ساتھ کام کر رہی ہیں۔ [illegible]

دوسری جانب، ہماری زمین کا قدرتی چارج منفی ہے۔ قدرت نے اس کرہ ارض کو ایک بہت بڑی بیٹری اور تسکین کا ذریعہ بنایا ہے۔ جب انسان سجدے کی حالت میں جاتا ہے تو اس کے جسم کی سات اہم ہڈیاں پیشانی بمع ناک، دونوں ہتھیلیاں، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں کے پنجے براہ راست زمین یا زمین سے جڑے ہوئے فرش سے لمس کرتی ہیں۔ اس لمس سے ایک مکمل برقی سرکٹ تشکیل پاتا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح کام کرتا ہے جیسے کسی برقی پلگ میں تیسرا تار ارتھ کا ہوتا ہے، جو آلے کے فالتو اور خطرناک کرنٹ کو زمین میں منتقل کر کے اس آلے کو محفوظ بنا دیتا ہے۔ جدید طب اور سائنس میں اس عمل کو ارتھنگ یا گراؤنڈنگ کا نام دیا گیا ہے۔ متعدد تحقیقات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ پیشانی اور اعضا کو زمین پر رکھنے یا ننگے پاؤں گھاس پر چلنے سے جسم میں تناؤ پیدا کرنے والے ہارمون کورٹیسول کی مقدار تیزی سے کم ہوتی ہے، اندرونی سوزش میں کمی آتی ہے اور نیند کی کیفیت گہری اور پرسکون ہو جاتی ہے۔ نماز پڑھنے والے مسلمان دن میں کم از کم چونتیس بار اس قدرتی ارتھنگ کے عمل سے گزرتے ہیں، جو دنیا کی کوئی ورزش یا یوگا فراہم نہیں کر سکتا۔ دوسری سائنس کا تعلق ہمارے دوران خون سے ہے۔ جب انسان کھڑا یا بیٹھا ہوتا ہے تو دل کو کشش ثقل کے خلاف اضافی زور لگا کر خون کو اوپر دماغ کی طرف پمپ کرنا پڑتا ہے۔ لیکن جیسے ہی انسان سجدے میں جاتا ہے، خون کی گردش کا پورا نظام ایک مثبت تبدیلی سے گزرتا ہے۔ سجدے میں دل اور دماغ ایک ہی سطح پر آ جاتے ہیں، بلکہ دماغ دل کی نسبت کچھ نیچے چلا جاتا ہے۔ اس حالت میں دل کو کوئی غیر معمولی زور نہیں لگانا پڑتا اور آکسیجن سے بھرپور تازہ خون کسی رکاوٹ کے بغیر براہ راست دماغ کی طرف بہنے لگتا ہے۔ دماغ کے جن دو مرکزی حصوں کو اس تازہ اور وافر خون کا سب سے زیادہ فائدہ ملتا ہے، انہیں میڈولا آبلونگاٹا اور پونز [illegible]

سے معزز اور قیمتی چیز، یعنی اپنی پیشانی کو مٹی پر رکھ دیتا ہے اور دل کی گہرائیوں سے اقرار کرتا ہے۔ "سبحان ربی الاعلیٰ" (پاک ہے میرا رب جو سب سے بلند ہے، اور میں سب سے پست ہوں)۔ یہ صرف چند الفاظ کا ادراک نہیں، بلکہ یہ انسان کی انا کا جنازہ ہے۔ جب آپ دس سے بیس سیکنڈ تک عاجزی اور سچائی کی اس کیفیت میں رہتے ہیں، تو آپ کا اعصابی نظام فوری طور پر اپنا موڈ بدل لیتا ہے۔ خوف، غصے اور تناؤ کو جنم دینے والا فائٹ اینڈ فلائٹ نظام بند ہو جاتا ہے اور سکون و راحت دینے والا ریسٹ اینڈ ڈائجسٹ نظام روشن ہو جاتا ہے۔ دل کی رفتار دھیمی ہو جاتی ہے، سانسیں گہری اور متوازن ہو جاتی ہیں اور دماغ پر چھایا ہوا تمام دباؤ تحلیل ہونے لگتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول مبارک تھا کہ آپ سجدے میں اتنا طویل قیام فرماتے کہ صحابہ کرام کو گمان ہونے لگتا کہ شاید آپ بھول گئے ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ (اے دلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ)۔ اگر آپ بھی اس بے مثال جسمانی اور روحانی سکون کو خود آزمانا چاہتے ہیں تو ایک چھوٹا سا نسخہ اختیار کریں۔ جب بھی دل شدید بوجھل ہو، وضو کریں، کسی تنہا جگہ پر جائیں اور محض ایک منٹ کا ایک پرسکون سجدہ کریں۔ اس سجدے میں دنیا کی کوئی چیز نہ مانگیں، صرف پیشانی زمین پر رکھ کر گہری سانسیں لیتے رہیں اور آہستہ آہستہ "سبحان ربی الاعلیٰ" دہراتے رہیں۔ آپ خود محسوس کریں گے کہ جیسے کسی نے آپ کے سر کا تمام تر بوجھ اتار کر زمین کے اندر دفن کر دیا ہو۔ یہی وہ حقیقی جسمانی، طبی اور روحانی ارتھنگ ہے جس کا تحفہ ہمیں نماز کے سجدے میں عطا کیا گیا ہے۔

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

کوئٹہ، منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی کی جانب سے زکوۃ مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

کوہلو: متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری

سڑکوں اور بنیادی انفراسٹرکچر کی تکمیل سے عوام کو بہتر سفری اور تعلیمی سہولیات میسر آئیں گی، عوامی حلقے

کوہلو (یو این اے) محکمہ مواصلات و تعمیرات کے زیر اہتمام [illegible] ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ [illegible]

صدر تھانے کی حدود میں امن وامان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا، عبدالعزیز

سبی (یو این اے) ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سونگی نے کہا ہے کہ صدر تھانے کی حدود میں امن وامان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی جانب سے شام کے اوقات میں گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ مشکوک افراد کی چیکنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر اور بلوچستان میڈیا فورم کے جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل سے دوران گفتگو کیا ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سونگی کا کہنا تھا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہے۔ صدر تھانے کی حدود میں جرائم کی روک تھام، مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھنے اور امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے پولیس اہلکاروں کو متحرک رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ شام کے اوقات میں گشت کا مقصد شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے قبل مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ پولیس مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے تاکہ علاقے میں امن و سکون کی فضا برقرار رکھی جا سکے۔ ایس ایچ او عبدالعزیز سونگی نے مزید کہا کہ قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ وہ اپنے اردگرد مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں

ایس ایچ او جناح ٹاؤن کی کارکردگی قابل تحسین ہے، جے یو آئی رہنما

پولیس کا شائستہ رویہ اور قانون کی یکساں عملداری سے عوامی اعتماد مضبوط ہوتا ہے، مکری محمد جان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی جنرل کونسل کے اراکین مکری محمد جان لانگو حافظ رحمت اللہ لانگو پرویز لانگو نے اپنے مشترکہ بیان میں ایس ایچ او جناح ٹاؤن تھانہ نور اللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی نے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں پولیس اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ عوام پولیس سے قانون کی یکساں عملداری فوری داد رسی اور شائستہ رویے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ پولیس افسران کی اچھی کارکردگی نہ صرف محکمہ پولیس کے لیے باعث عزت ہے بلکہ اس سے شہریوں کا قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے انہوں نے ایس ایچ او جناح ٹاؤن نور اللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب اور ان کی ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت اور علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔

عوام کی جان ومال کا تحفظ پولیس کا اولین فریضہ ہے، ندیم بحرانی

اوستہ محمد (یو این اے) ایس ایچ او ندیم بحرانی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے مظلوم کی داد رسائی کو ہر صورت میں یقینی بنایا گیا ہے امن وامان میں خلل ڈالنے والے عناصر حوالات کی ہوا کھائیں گے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او ٹی ندیم بحرانی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سی ائی اے پولیس انچارج کرم حسین بحرانی اینٹی نارکوٹکس سیل کے انچارج محمد اسلم رند انگل مددگار فورس کے انچارج شاہنواز کھوسہ بھی موجود تھے ایس ایچ او ندیم بحرانی نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے اوستہ محمد کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے اور پولیس گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

جمعیت علما اسلام ایک پرامن جماعت ہے، قاری عبدالمالک

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں جمعیت علما اسلام کا ایک اہم تنظیمی اجلاس تحصیل پنہور کے سنہڑی مدرسہ حمادیہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت مدرسہ کے مہتمم اور جے یو آئی کے سابق ضلعی امیر قاری عبدالمالک نے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قاری عبدالمالک نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک پرامن مذہبی اور سیاسی جماعت ہے جو شرافت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، تاہم ہماری اس شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کی جائے۔ انہوں نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کوئی دیوار نہیں بنی جو جمعیت کے کارکنان کا راستہ روک سکے۔ جب بھی مرکزی قیادت کی جانب سے احتجاج کی کوئی کال آئے گی، جے یو آئی کے جیالے کارکنان سر پر کفن باندھ کر میدان میں نکلیں گے۔

سردار منظور احمد خان کاکڑ نامور قبائلی و مذہبی اسکالر سردار محمد اقبال خان خلجی کے ہمراہ اس موقع پر قبائلی رہنما میر داؤس خان خلجی بھی موجود تھے

سینئر کارکنوں نے حالیہ عہدیداروں کی تقرریاں مسترد کر دیں

پارٹی مخالف سرگرمیوں اور گروپ بندیوں میں ملوث افراد کو عہدوں سے نوازنا نظریاتی حق تلفی ہے، سینئر کارکنان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نظریاتی رہنماؤں اور کارکنوں نے پارٹی کی صوبائی کابینہ میں حالیہ عہدیداروں کی تقرریوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی تقرریوں میں ایسے افراد کو بھی شامل کیا گیا ہے جو ماضی میں گروپ بندیوں اور پارٹی مخالف سرگرمیوں میں ملوث رہے ہیں، جبکہ پارٹی کے لیے طویل عرصے سے جدوجہد کرنے والے سینئر رہنماؤں اور نظریاتی کارکنوں کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری اور نظریاتی جماعت ہے، جس کی بنیاد عوامی جدوجہد، جمہوریت، قربانیوں اور اصولی سیاست پر رکھی گئی ہے۔ پارٹی کو موجودہ مقام تک پہنچانے میں سینئر رہنماؤں اور کارکنوں نے اہم کردار ادا کیا ہے، جنہوں نے مشکل حالات میں بھی پارٹی کا ساتھ نہیں چھوڑا اور اس کے نظریات و منشور کے فروغ کے لیے اپنی صلاحیتیں صرف کیں۔ اس کے باوجود صوبائی سطح پر عہدیداروں کی حالیہ تقرریوں کے دوران ان رہنماؤں اور کارکنوں سے مشاورت نہ کرنا افسوسناک اور تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے کہ عہدوں کی تقسیم میں میرٹ، تنظیمی کارکردگی، پارٹی سے وفاداری اور سیاسی جدوجہد کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ اگر پارٹی کے لیے قربانیاں دینے والے نظریاتی کارکنوں کو نظر انداز کر کے گروپ بندیوں میں ملوث اور پارٹی مخالف سرگرمیوں کے حوالے سے متنازع افراد کو اہم عہدوں پر تعینات کیا جائے گا تو اس سے کارکنوں میں مایوسی اور بے چینی پیدا ہوگی، جس کے منفی اثرات پارٹی کی تنظیمی ساکھ اور سیاسی مستقبل پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کی صوبائی کابینہ میں حالیہ تقرریوں کا جائزہ لیا جائے اور سابق عہدیداروں، سینئر نظریاتی رہنماؤں اور مخلص کارکنوں کو اعتماد میں لے کر ایسے فیصلے کیے جائیں جو پارٹی کے وسیع تر مفاد، تنظیمی اتحاد اور جمہوری روایات کے مطابق ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ نظریاتی کارکن پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے تحفظات دور کرنا قیادت کی ذمہ داری ہے، تاکہ بلوچستان میں پارٹی کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنایا جا سکے۔

سپیرہ راغہ روڈ کرپشن کا شاہکار بن چکا، شفاف جوڈیشل انکوائری کرائی جائے، رحیم کاکڑ

ناقص تعمیرات اور غیر قانونی تعیناتیوں کے خلاف کارروائی نہ ہوئی تو روڈ بند کر دیں گے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ میر وائیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ ڈاکٹر رستم ڈاکٹر خوشحال ڈاکٹر منصور سردار احمد سردار بہلول خان نے سپیرہ راغہ روڈ کی برباد تعمیر ٹوٹ پھوٹ کے شکار روڈ نا کس پل تمام غیر معیاری کاموں کے پیچھے ایک کرپٹ پی ڈی صحبت خان ہے اور اس کے علاوہ غیر قانونی طور سے ریٹائرمنٹ کے باوجود جاوید خان نامی ایک کرپٹ آفیسر چیئرمین پی ڈی اے کام کر رہا ہے سپیرہ راغہ روڈ گزشتہ 2012 سے لیکر ابھی تک زیر تعمیر کرپشن کا نا ختم ہونے والا منصوبہ جو کہ اسی کروڑ سے شروع ہو کر 8 ارب تک پہنچا دیا گیا ہے اس کی اگر ایمانداری سے جوڈیشل انکوائری شفاف طور سے کی جائے تو اس میں ملوث بدنام زمانہ پی ڈی صحبت خان چیئرمین ریٹائرڈ جاوید اور پرائیوٹ ٹھیکیداران ان میں ملوث ہوں گے بیان میں روڈ پلوں کا کام درمیان میں نہیں کیا گیا اگر اس طرح کام جاری رہا تو سپیرہ راغہ روڈ بند کر دیا جائے جسکی تمام تر ذمہ داری پی ڈی صحبت خان اور ریٹائرڈ جاوید خان ہوں گے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

اوتھل، طلبہ کیلئے جدید انگریزی قواعد کی تدریسی سرگرمی کا انعقاد

انگریزی زبان کی مہارت، اعلیٰ تعلیم اور جدید دور کی ضروریات سے ہم آہنگ ہونے کے لیے انتہائی اہم ہے

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبہ کی انگریزی زبان کی مہارتوں کو بہتر بنانے، تعلیمی استعداد میں اضافے اور خود اعتمادی کو فروغ دینے کے لیے جدید انگریزی قواعد کی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کی تدریسی رہنمائی حیدر علی اور محمد اکبر نے کی۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ کو انگریزی قواعد سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ ان اصولوں کے عملی استعمال کی تربیت فراہم کرنا تھا، تاکہ وہ درست جملے بنانے، اپنے خیالات کا مؤثر اظہار کرنے اور تحریری و تقریری صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے قابل ہو سکیں۔ سرگرمی کے دوران انگریزی قواعد کے مختلف پہلوؤں، جن میں زمانے، اسم و ضمیر، افعال، صفات، حروف جار، جملوں کی ساخت، فعال و مجہول جملے اور براہ راست و بالواسطہ کلام شامل ہیں، کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ جدید دور میں انگریزی زبان کی مہارت تعلیم، سائنس، ٹیکنالوجی اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ طلبہ کو عملی مشقوں، سوال و جواب اور باہمی تعاون کے ذریعے سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے سے ان کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کیا جا سکتا ہے۔ اس نوعیت کی سرگرمیاں طلبہ میں تنقیدی سوچ، تخلیقی صلاحیتوں، اظہار خیال اور خود اعتمادی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مؤثر تدریسی طریقوں کے ذریعے طلبہ نہ صرف کتابی علم حاصل کرتے ہیں بلکہ اسے عملی زندگی میں استعمال کرنے کی صلاحیت بھی پیدا کرتے ہیں۔ تعلیمی حلقوں کے مطابق ایسی سرگرمیوں کا تسلسل طلبہ کی تعلیمی ترقی اور روشن مستقبل کے لیے ضروری ہے۔ اساتذہ کی محنت، رہنمائی اور جدید تدریسی طریقے معیاری تعلیم کے فروغ اور نئی نسل کی بہتر تربیت میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

گیس کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کوئٹہ میں جاری گیس لوڈ شیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے گیس حکام کی جانب سے عوام کو درپیش مشکلات کے حل میں غفلت باعث افسوس ہے۔

سردار منظور احمد کاکڑ کا طارق عباس خان نیازی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سندھ بلوچستان نے نامور سماجی سیاسی و کاروباری رہنما طارق عباس خان نیازی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا مرحوم ایک شریف النفس با اخلاق انسان دوست شخصیت کے مالک تھے انہوں نے سماجی کاموں کے حوالے سے نمایاں خدمات انجام دیں سردار منظور احمد کاکڑ نے سوگوار خاندان اور مرحوم کے بھائیوں شوکت عباس خان نیازی و خالد عباس خان نیازی سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا کی۔

ضلع کوہستان مری میں زیر تعمیر پراسیکیوٹر کمپلیکس میں بے ضابطگیاں

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو محبت مری نے ناقص کام گرا کر دوبارہ تعمیر کا حکم دے دیا

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، عمارت سرکاری قواعد کے مطابق مکمل کی جائے

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ تعمیرات و مواصلات (سی اینڈ ڈبلیو) کے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے نئے تعمیر ہونے والے پراسیکیوٹر کمپلیکس کا اچانک دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا معائنہ کرتے ہوئے مبینہ بے ضابطگیوں اور کام کے معیار پر برہمی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین محبت مری نے پراسیکیوٹر کمپلیکس کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کام کے معیار کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے تعمیر ہونے والے کام کا کچھ حصہ گرا کر دوبارہ تعمیر کرنے کا حکم دیا اور تعمیراتی کام مقررہ معیار اور سرکاری قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری فنڈز سے تعمیر ہونے والی عمارتیں پائیدار اور معیاری ہونی چاہئیں تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان معروف کاروباری شخصیت سلیم قریشی کے ہمراہ

گوٹھ اسماعیلانی واٹر سپلائی اسکیم پر کام جاری

صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسکیم کی توسیع کی جائے گی، قادر بخش جاموٹ

بیلا (یو این اے) جام میر کمال خان اور نوابزادہ میر زرین مگسی کی ذاتی دلچسپی سے گوٹھ اسماعیلانی واٹر سپلائی اسکیم پر کام جاری، سابق وائس چیئرمین قادر بخش جاموٹ کا دورہ و معائنہ تفصیل کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام میر کمال خان عالیانی اور پارلیمانی سیکرٹری قانون، سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین مگسی کی ذاتی دلچسپی سے لسبیلہ ڈویژن کے بڑے دیہات میں شمار ہونے والے گوٹھ اسماعیلانی میں جاری واٹر سپلائی اسکیم کے کام کا لسبیلہ کی ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت، جام گروپ کے رہنما اور لسبیلہ کے سابق وائس چیئرمین قادر بخش جاموٹ نے معائنہ کیا اس موقع پر علاقے کی سیاسی و سماجی شخصیات، جام گروپ اسماعیلانی کے رہنماں ماسٹر عبدالستار رونجھ، ڈاکٹر مشتاق رونجھ، مفتی غلام رسول رونجھ، عبدالرازق رونجھ، سیٹھ عبدالرازق چاکی رونجھ، ایم عیسیٰ رونجھ، عبدالمالک رونجھ، سیٹھ ثنا اللہ رونجھ، محمد محسن رونجھ، محمد امین رونجھ اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بیلہ کے نمائندے محمد حنیف بھی موجود تھے دورے کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے نمائندے اور مقامی رہنماں نے قادر بخش جاموٹ کو واٹر سپلائی اسکیم اسماعیلانی پر جاری کام اور اس کی موجودہ صورت حال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر علاقے کے معززین اور جام گروپ اسماعیلانی کے ذمہ داران نے گوٹھ اسماعیلانی کے تمام گھروں تک پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسکیم کی توسیع، اوور ہیڈ ٹینک کو فعال بنانے، اسکیم کی حفاظتی چار دیواری کی تعمیر اور دیگر ضروری کاموں کی تکمیل پر زور دیا قادر بخش جاموٹ نے اس موقع پر کہا کہ واٹر سپلائی اسکیم اسماعیلانی کی توسیع فوری طور پر انتہائی ضروری ہے، تاکہ گوٹھ اسماعیلانی کے ہر گھر تک پانی پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے اپنے محبوب قائد وفاقی وزیر تجارت جام میر کمال خان عالیانی، نوابزادہ میر زرین مگسی، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ لسبیلہ کے ذمہ داران سے فوری رابطہ کیا جائے گا، تاکہ اسکیم کی توسیع سمیت دیگر ضروری اقدامات کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔ علاقے کے معززین ومعتبرین اور جام گروپ اسماعیلانی کے ذمہ داران نے اس اہم عوامی منصوبے میں دلچسپی لینے اور گوٹھ اسماعیلانی کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات پر وفاقی وزیر تجارت جام میر کمال خان عالیانی، نوابزادہ میر زرین مگسی، جام گروپ لسبیلہ کی ٹیم، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ لسبیلہ کے ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اہلیان گوٹھ اسماعیلانی کا مطالبہ ہے کہ واٹر سپلائی اسکیم کی توسیع، اوور ہیڈ ٹینک کی فعالیت اور حفاظتی چار دیواری کی تعمیر کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، تاکہ علاقے کے تمام مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر آ سکے۔

خضدار میں چائے کا کاروبار اہم معاشی سرگرمی اختیار کر گیا

خضدار (یو این اے) خضدار شہر میں چائے کا کاروبار بھی معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے۔ زیرو پوائنٹ سے لے کر سٹی تک تقریباً 130 چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں روزانہ ہزاروں کپ چائے فروخت ہونے کا اندازہ لگایا جا رہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر ہر ہوٹل میں روزانہ اوسطاً 40 کلو دودھ چائے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے تو ان 130 ہوٹلوں میں مجموعی طور پر 5 ہزار 200 کلو دودھ روزانہ صرف چائے کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے، جبکہ ماہانہ یہ مقدار ایک لاکھ 56 ہزار کلو اور سالانہ تقریباً 19 لاکھ کلو تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر ایک کپ چائے میں اوسطاً 100 ملی لیٹر دودھ استعمال ہونے کا حساب لگایا جائے تو ان ہوٹلوں میں روزانہ تقریباً 52 ہزار کپ چائے تیار ہونے کا تخمینہ بنتا ہے۔ اسی حساب سے روزانہ تقریباً 520 کلو چینی اور 104 کلو چائے کی پتی استعمال ہونے کا اندازہ ہے۔ اگر ایک کپ چائے کی اوسط قیمت 60 روپے فرض کی جائے تو ان ہوٹلوں میں صرف چائے کی روزانہ مجموعی فروخت تقریباً 31 لاکھ 20 ہزار روپے، ماہانہ 9 کروڑ 36 لاکھ روپے اور سالانہ ایک ارب 13 کروڑ 88 لاکھ روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ یہ اعداد وشمار صرف چائے کی ممکنہ فروخت کے ہیں، جن میں ہوٹلوں پر فروخت ہونے والی روٹی، پراٹھے، انڈے، سالن، کھانے پینے کی دیگر اشیا اور مشروبات کی آمدنی شامل نہیں۔

مستونگ، بینکوں اور اے ٹی ایمز ایک ماہ سے بند شہری اپنی ہی رقم کو ترس گئے

سالانہ فیسیں وصول کرنے والے بینک بنیادی سہولت دینے میں ناکام

عوامی سماجی اور کاروباری حلقوں کا بینکس انتظامیہ کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار

مستونگ (آن لائن) مستونگ شہر میں بینکوں اور ان کے اے ٹی ایمز کی ایک ماہ سے زائد عرصے سے جاری بندش نے شہریوں کو شدید مالی مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس طویل بندش نے بینک انتظامیہ کی کارکردگی اور عوام کے ساتھ ان کی ذمہ داریوں پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں. متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے مسئلے کے حل کے لیے کوئی واضح اقدام سامنے نہیں آیا۔ صرف ایک بینک کے اے ٹی ایمز فعال باقی تمام بینکوں کے اے ٹی ایمز بند پڑے ہیں۔ اس کے نتیجے میں سرکاری ونجی ملازمین، پنشنرز، تاجر اور عام شہریوں کو مالی معاملات کے لیے کوئٹہ یا دوسرے شہروں کا رخ کرنا پڑ رہا ہے۔ کئی شہریوں کو گھریلو اخراجات پورے کرنے میں دقت کا سامنا ہے۔ جبکہ کاروباری طبقہ کو لین دین اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بینک سالانہ اے ٹی ایم کارڈ فیس اور مختلف بینکاری سہولیات کے نام پر صارفین سے بھاری رقوم وصول کرتے ہیں . مگر ضرورت کے وقت بنیادی سہولت فراہم کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ اگر صارفین کو اپنی ہی رقوم تک رسائی نہیں دی جا سکتی تو ہر سال مختلف مدات میں فیسیں وصول کرنے کا کیا جواز باقی رہ جاتا ہے . عوامی سماجی کاروباری حلقوں نے سوال اٹھایا کہ کیا بینکوں کی ذمہ داری صرف صارفین سے رقم وصول کرنا ہے یا سہولیات کی فراہمی بھی ان کے فرائض میں شامل ہے . کروڑوں روپے کا منافع کمانے والے بینک اپنی سیکیورٹی کا مناسب بندوبست کیوں نہیں کر سکتے ۔

گنداخہ شہر کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور مین بازار میں ٹف ٹائل اور سیوریج کا کام تیزی سے جاری

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، قبائلی و سماجی رہنما وڈیرہ میر نور حسین خان جمالی کی تجویز کردہ اسکیم اور میونسپل کمیٹی گنداخہ کے کونسلر استاد ذوالفقار علی چاوڑا کے فنڈ سے گنداخہ شہر کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور مین بازار اسٹریٹ میں ٹف ٹائل اور سیوریج سسٹم کا بہترین کام جاری ہے۔ اس ترقیاتی کام کا مقصد شہریوں کو آمد ورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا اور شہر کی گلیوں و بازاروں کو بہتر بنانا ہے۔ مرکزی امام بارگاہ گلی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، جہاں روزانہ شہریوں کی آمد ورفت رہتی ہے، جبکہ محرم الحرام کے دوران ماتمی جلوس بھی اسی راستے سے گزرتے ہیں۔ ٹف ٹائل کی تنصیب سے مرکزی جامعہ مسجد و امام بارگاہ آنے جانے والے نمازیوں، شہریوں اور عزاداروں کو سہولت میسر آئے گی، جبکہ محرم الحرام میں ماتمی جلوسوں کی گزرگاہ بھی بہتر ہوگی۔

شہریوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ اولین ترجیح ہے، جمعہ داد مندوخیل

حب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر حب کا سول اسپتال کا اچانک رات گئے دورہ، طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ شہریوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ اور حکومت کی اولین ترجیح ہے فرائض میں غفلت برتنے والے ڈاکٹرز اور عملے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر حب تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل نے رات گئے سول اسپتال حب کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات، ایمرجنسی وارڈ اور ڈیلیوری لیبر وارڈ کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر حب نے زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز اور طبی عملے سے بھی ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر بلڈ بینک کی سہولیات اور فعالیت کا بھی جائزہ لیا گیا

ڈی سی کچھی کا سول ہسپتال مچھ کا اچانک دورہ

ڈاکٹر مشتاق داجلی ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا

مچھ (آن لائن) ڈی سی کچھی کا سول ہسپتال مچھ کا اچانک دورہ ایم ایس ڈاکٹر مشتاق داجلی نے ان کا استقبال کیا اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل جاتی و دیگر سپورٹنگ اسٹاف ورڈ ڈیوٹی پر موجود تھے اس موقع پر انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا صحت اور تعلیم میری اولین ترجیح ہیں کچھی کے شہریوں کو معیاری علاج معالجے سے سہولت کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے مچھ ایک ایسے سنگم پر واقع ہے جہاں روڈ اور مائن حادثات روز کا معمول ہے انہوں نے کہا انہوں نے پولیس کو بھی انہوں نے سختی سے ہدایت کی ہے کہ ٹریفک قوانین پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں بالخصوص مزدا ٹرکس کی تیز رفتاری اور لوڈنگ ویگنوں کے چھت پر سواریاں بیٹھانے والے ڈرائیورز کے خلاف فوراً کارروائی کی جائے تاکہ حادثات کو روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع نہ ہو انہوں نے ایم ایس سول ہسپتال مچھ کو ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضریاں اسی طرح یقینی بنائی جائیں تاکہ کسی بھی ناگہانی آفت اور حادثے کے شکار زخمیوں کو بروقت طبی امداد پہنچائی جا سکے اور علاج معالجہ کی سہولت بہم پہنچائی جائے اس موقع پر اے سی مچھ سردار زادہ میر لیاقت علی جتوئی ڈاکٹر شاہد محمود پریس کلب مچھ کے صدر سرور تالپور سیکرٹری جنرل عمران سالاری اور غلام اللہ عبدالستار کھیازئی طالب حسین تالپور و دیگر بھی موجود تھے

ماجھی پور ڈگری کالج کا قیام جلد عمل میں لایا جائے

ماجھی پور (آن لائن) ماجھی پور ڈگری کالج کا قیام جلد عمل میں لایا جائے کئی سال گزر جانے کے باوجود کالج کی بلڈنگ کی تعمیر التوا کا شکار ہے . طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگا ہے۔ آج ماجھی پور کا ہر ہونہار طالب علم ایف ایس سی کے بعد آگے بڑھنے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہے۔ کالج کی عمارت نہ ہونے کی وجہ سے بے شمار طلبہ تعلیم کو خیرباد کہنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ ہم اعلیٰ حکام سے فوری مداخلت کی اپیل کرتے ہیں! ہم مطالبہ کرتے ہیں ڈگری کالج کی زیر التوا عمارت پر کام کا سست روی ختم کر کے اسے جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ اور علاقے کے طلبہ کے مستقبل کو مزید ضائع ہونے سے بچایا جائے۔ اہلیان ماجھی پور نے صوبائی وزیر تعلیم اور صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات سے اپیل ہے کہ ماجھی پور کے طلبہ کے اس اہم اور بنیادی مسئلے کا فوری نوٹس لیں اور تعمیراتی کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروانے کے احکامات جاری کریں۔ تعلیم سب کا حق ہے۔ ماجھی پور کے طلبہ کو ان کا حق دو تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔

پشاور واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائے، غلام رسول

سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں اور اساتذہ کی مغفرت فرمائے

نصیر آباد (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ معصوم بچوں اور اساتذہ کے جاں بحق ہونے کی خبر سن کر دل شدید افسردہ ہے۔ یہ سوچ کر ہی دل کانپ اٹھتا ہے کہ جن والدین نے صبح اپنے بچوں کو پیارے سے اسکول رخصت کیا، انہیں ان کی واپسی کے بجائے ان کے جاں بحق ہونے کی خبر سننا پڑی۔ ان گھروں میں چھا جانے والے سناٹے اور والدین کے دکھ کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ وہ اس المناک سانحے میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں اور اساتذہ کی مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ اور زخمیوں کو جلد صحت یابی نصیب فرمائے۔ چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور واقعے کی مکمل و شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے

REQUEST FOR PROPOSAL

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procurement agency for preparation of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as CONSULTANCY SERVICES FOR PREPARATION OF TENDER DOCUMENT AND SPECIFICATION ON TURN KEY BASIS FOR CLEAN DRINKING WATER AT ALL UNION COUNCILS OF BALOCHISTAN.

The detail of consultancy service is as under:-

S. NO	NAME OF WORK	ESTIMATED COST	Date of Submission	Date of Opening
1.	CONSULTANCY SERVICES FOR PREPARATION OF TENDER DOCUMENT AND SPECIFICATION ON TURN KEY BASIS FOR CLEAN DRINKING WATER AT ALL UNION COUNCILS OF BALOCHISTAN TSE-2627101210094	28,800,000/-	02 November, 2026	02 November, 2026

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **Eligibility of Bidders:**

1. 2Assignments of Similar Nature and Complexity
2. Presence in Active Tax Payer List
3. BRA Registration Certificate
4. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan
5. PEC/PCAD Registration
3 Other Mandatory conditions/ eligibility criteria and Detail Marking of Evaluation Criteria mentioned in the Bidding Documents/ EPS system.
4 **Procedure Of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure
5 **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank.
6 The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened only of those consultants whose technical proposal is considered and approved.
7 The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document.
8 The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered.
9 The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk).
10. **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by 2nd November, 2026 till 9:00 AM
11. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM.

PROJECT DIRECTOR
CLEAN DRINKING WATER AT ALL UNION COUNCILS BALOCHISTAN (CDWAUC)

DAB/AB No.435/16-10-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101210303 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings District Usta Muhammad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF CIVIL VETERINARY DISPENSARY (CVD) AT VILLAGE MIANDAD KHAN JAMALI, TEHSIL AND DISTRICT USTA MUHAMMAD PSDP NO. 2915 Z2026.4110	23,483,528

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 16,438,469 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Upload Green Challan amounting to Rs. 1,000/-, the BPPRA Challan, both duly paid, and the (CDR) @ 3% of the total estimated cost have been duly submitted Affidavit (Rs. 100/- Stamp Paper): Notarized affidavit in favour of XEN Buildings, CW, PP&H Usta Muhammad, stating work name, amount and TSE No., confirming bid information is correct and accepting legal action for false information The bidder shall submit a brief method statement outlining the work execution plan and resource allocation to ensure timely completion as per Sub-Clause 43.1 of the General Conditions of Contract. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment of 1000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 November, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** Office of Executive Engineer Buildings CW,PP&H Department Main Jinnah Road District Usta Muhammad
0. Phone no: 03163332123 Email: Yaseenchandia@gmail.com

Executive Engineer Buildings District Usta Muhammad

DPRQ/PRQ No.1929/16-10-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

ہمت — چاند تارے پھول کلیاں

ویل ڈن کمال اور جمال

محمد انس

انسپکٹر حیدر علی کی کار نے آکر جونہی دروازے کے سامنے بریک لگائے جمال اور کمال نے فوراً باہر آکر ان کا استقبال کیا اور چھوٹے سے ڈرائنگ روم کا دروازہ کھول کر انھیں بڑی عزت کے ساتھ گھر میں بٹھایا۔ تھوڑی دیر پہلے انھوں نے اپنے آنے کی اطلاع دی تھی اور اس بات کی اجازت چاہی تھی کہ کیا وہ ان کے گھر آسکتے ہیں۔ انسپکٹر جمشید جب بھی جمال اور کمال کے گھر آیا کرتے تھے تو اپنی ذاتی کار میں ہی آیا کرتے تھے۔ اس بات سے ان کا مقصد صرف یہی ہوتا تھا کہ کوئی ان کے گھر آمد کو کسی پولیس والے کی آمد نہ سمجھے۔

بچوں نے ان کو ڈرائنگ روم میں بٹھانے کے بعد ان کے سامنے گھر میں تیار رکھی ہوئی چٹپٹی چیزیں رکھیں اور دریافت کیا کہ وہ ان کی اور کیا خدمت کرسکتے ہیں۔ انسپکٹر حیدر علی نے کہا کہ تمہارا اور تمہارے گھر والوں کا بہت بہت شکریہ، بات دراصل یہ ہے کہ میرے علاقے میں ڈکیتی کی ایک بڑی واردات ہوئی ہے۔ گھر والوں نے مزاحمت کی تو وہ جارحیت پر اتر آئے اور فائرنگ شروع کردی۔ اس گھر میں ان کے کچھ مہمان بھی آئے ہوئے تھے جن میں سے ایک کا تعلق اسپیشل پولیس برانچ سے بھی تھا۔ اس نے جرات سے کام لے کر ڈاکوؤں پر جوابی حملہ کیا اور ان میں سے ایک کا پستول چھیننے میں کامیاب ہوگیا۔ یہ صورت حال دیکھ کر ڈاکو گھبراہٹ کا شکار ہو کر بھاگ نکلے۔ اتنی میں میزبانوں کے چھوٹے بیٹے

نے پٹاخے والی گن سے چار پانچ دھماکے کیے تو ڈاکوؤں کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے۔ اوپر کی منزل پر موجود ڈاکو نے لان میں چھلانگ لگا کر اپنی جان بچائی لیکن اس کی شرٹ کھڑکی کے کسی ہک میں بری طرح پھنس گئی اور اس کا گریبان کھڑکی ہی میں پھنسا رہ گیا۔ اس کے علاوہ اور کوئی ایسی چیز حاصل نہ ہو سکی جس کی مدد سے ملزموں تک پہنچا جا سکے۔ نہ معلوم کیوں مجھے ایسا لگتا ہے کہ یہ معمولی گریبان کا ٹکڑا ہماری رسائی ڈاکوؤں تک ضرور کرسکتا ہے۔

کیا آپ شرٹ کا وہ ٹکڑا ساتھ لائے ہیں، انسپکٹر حیدر علی نے کہا ہاں، اور یہ کہہ کر ساتھ لائے ہوئے شاپر کو ان کی جانب بڑھا دیا۔ بچوں نے اسے باہر نکال کر جائزہ لیا اور کچھ سوچ میں پڑ گئے۔ تم کیا سوچ رہے ہو، حیدر علی نے سوال کیا تو بچوں نے کہا کہ یہ تو بالکل نیا نیا خریدا ہوا لگتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ یہ بھی کل ہی کا ہے۔ حیدر علی نے تعریفی نظروں سے بچوں کی جانب دیکھا کیونکہ انھوں نے تو اس پر غور ہی نہیں کیا تھا۔ پھر باہر بڑھا کر شرٹ کے پیس کا جائزہ لیا تو انھیں بچوں کی بات سو فیصد درست ہی معلوم ہوئی۔ تم دونوں اس سے کیا نتیجہ نکالنا چاہتے ہو جس پر بچوں نے کہا کیا آپ ہمیں کل تک کے لیے شرٹ کا یہ پیس ہمارے حوالے کرسکتے ہیں کیونکہ اس برانڈ کو دیکھ کر ہمارے ذہن میں اور بھی بہت ساری باتیں گردش کر رہی ہیں جس کا جواب شاید ہم ڈھونڈنے میں کامیاب ہو جائیں۔ انسپکٹر حیدر علی نے کہا ٹھیک ہے لیکن اس کو ہم پولیس کے ریکارڈ پر لے آئے ہیں اس لئے تم دونوں کو اس کا بہت خیال رکھنا ہوگا۔ پولیس کے ریکارڈ پر آئی کسی بھی چیز کو کسی پبلک سیکٹر میں دینا مناسب نہیں ہوتا لیکن کیونکہ تم دونوں قابل اعتماد ہو اس لیے میں کل تک کے لیے اسے تمہارے حوالے کرسکتا ہوں۔ یہ کہہ کر انسپکٹر حیدر علی نے اجازت چاہی اور روانہ ہوگئے۔

اسکول میں سردیوں کی چھٹیاں تھیں، ہوم ورک بھی کم تھا۔ دونوں سوچ رہے تھے کہ شرٹ دونوں کے ہاتھوں لگا تھا۔ وہ ابھی سوچ ہی رہے تھے کہ کیا کریں کہ ان کو یہ کام مل گیا جس کی وجہ سے دونوں بہت خوش ہوئے کہ چلو کوئی مشغلہ ہاتھ آیا۔ رات کا کھانا کھانے اور نماز عشاء سے فارغ ہونے کے بعد وہ دونوں شرٹ کے اس ٹکڑے کو لے کر بیٹھ گئے اور غور کرنے لگے کہ کیا ٹھیک ایسی ہی شرٹ، برانڈ اور مخصوص کپڑا انھوں نے اس سے قبل کس کے پاس دیکھا تھا۔ برانڈ تو وہ اس لحاظ کو ٹریس کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے جو ساتھ والی بستی میں نئی نئی کھلی تھی لیکن اس بات کا کیا ثبوت تھا کہ وہ اسی دکان سے خریدی گئی ہو۔ اچانک ان کی نظروں میں ایک شخصیت ابھری۔ کچھ دور ایک پروفیسر رہتے تھے جن کو انھوں نے بالکل ایسی ہی برانڈ اور رنگ کا شلوار سوٹ پہنے ہوئے دیکھا تھا۔ کیا وہ ایسا گھٹیا کام کرسکتے ہیں؟ اس کا جواب نہیں کے علاوہ کچھ اور ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ وہ پروفیسر تھے، عمر والے بھی تھے، صاحب حیثیت بھی تھے اور نوکر چاکر والے بھی، تو یہ کام وہ کیسے کرسکتے تھے۔ مگر اس کو کیا کریں کہ اس پوری بستی میں وہی ایک ایسے تھے جو اس مہنگے ترین شلوار سوٹ کو خرید سکتے تھے۔ یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ ان کے گھر سے واردات سے پہلے یہ سوٹ چرا لیا ہو، یہ نقطہ قابل تحقیق تھا اور یہ کام انسپکٹر حیدر کے علاوہ کوئی اور نہیں کرسکتا تھا۔ لہٰذا اگلی صبح انھوں نے انسپکٹر حیدر علی کو بلا کر شرٹ کے سلسلے میں تفصیل سے آگاہ کرتے ہوئے اپنے شک کا اظہار کیا۔ انسپکٹر حیدر علی نے یہ سن کر سر ہلاتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ تم دونوں درست سمت میں رہنمائی کر رہے ہو۔ میں پوری کوشش کروں گا کہ پروفیسر کی عزت پر کوئی آنچ بھی نہ آئے اور ہم معاملے کی حقیقت تک پہنچ جائیں۔ یہ کہہ کر وہ شرٹ کا پیس لے کر رخصت ہو گئے۔

دو دن بعد انسپکٹر حیدر علی کی کار نے ایک مرتبہ پھر جمال اور کمال کے گھر کے سامنے بریک لگائے۔ اس مرتبہ ان کے ساتھ ان کے ایک اور اعلیٰ افسر بھی تھے لیکن کیونکہ وہ سادہ لباس میں تھے اس لئے جمال اور کمال ان کو نہ پہچان سکے اور شاید انسپکٹر بھی نہیں چاہتے تھے کہ وہ ان کے نام سے واقف ہوں، بس انھوں نے پہلے تو دونوں کو گلے لگا کر زور زور سے بھینچا اور اپنے ساتھ آئے ہوئے فرد کے متعلق فقط اتنا بتایا کہ یہ میرے سینئر ہیں۔

کہنے لگے کہ اللہ تم دونوں کو سلامت رکھے۔ تمہاری وجہ سے ہم مجرموں تک رسائی بہت آسان بن کر رہ گئی ہے۔ تمہارے اندازے کے مطابق وہ شلوار سوٹ پروفیسر نے چند دن قبل ہی اسی دکان سے خریدا تھا جس کی نشاندہی تم دونوں نے کی۔ ان کے ملازم نے سوٹ دیکھا تو بہت تعریف کی تو پروفیسر نے کہا کہ جیسے ہی گنجائش نکلی میں ایسا ہی ایک سوٹ تم کو بھی دلوا دوں گا۔ پروفیسر کہتے ہیں کہ میں نے ملازم کی عجیب سی کیفیت دیکھی۔ لیکن سمجھ نہ سکا۔ میں نے اس سے کہا کہ وہ اسے دھو کر استری کرنے کے بعد ان کی الماری میں ہینگر کر دے۔ میں نے اس سوٹ کو ہینگر کیا ہوا بھی دیکھا۔ اگلے دن جب میں نے وہ سوٹ پہننا چاہا تو وہ رنگ میں تو بالکل ویسا ہی تھا لیکن تھا وہ کم برانڈ اور نہ ہی وہ کپڑا۔ اس نے ساتھ ہی یہ کہا کہ وہ زیور بھی غائب تھا جو گھر میں موجود تھا۔ بیوی نے ملازم کو پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ گھر والوں کا سودا لینے گاؤں چلا گیا ہے۔ یہ نیا ملازم تھا اور مجھے اس کے متعلق بہت تفصیل کا علم بھی نہیں تھا بس شناختی کارڈ کی ایک کاپی میرے پاس ضرور تھی۔ حیدر علی نے کہا کہ اسی شناختی کارڈ کی کاپی کا کمال تھا اور ہم نے اسے ایک پرائیویٹ ہسپتال سے گرفتار کرلیا۔ شرٹ کھڑکی میں پھنس جانے کی وجہ سے اس کی گردن پر کافی گہرے زخم آگئے تھے جس کی وجہ سے وہ ہسپتال کا رخ کرنے پر مجبور ہوا تھا۔

ویل ڈن کمال اور جمال، تمہاری سوچ کی رسائی نے ہماری بہت بڑی مشکل آسان کردی۔ انسپکٹر حیدر علی اور ان کے آفیسر نے بیک وقت دونوں کی کمر تھپتھپاتے ہوئے کہا کہ اللہ تم دونوں کو سلامت رکھے اور مستقبل میں تم دونوں ملک و قوم کی اور بھی زیادہ خدمت کرسکو۔

☆☆☆☆

بچوں میں عجیب عادتیں

عیشہ پیرزادہ

آپ گھر میں بیٹھے ہوئے اپنے بچے کو کھلونوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے دیکھ رہے ہوں، اس دوران وہ اچانک مٹی کی مٹھی بھرے اور منہ میں ڈال لے، جیسے وہ چپس کھانے لگا ہو۔

مٹی، ریت اور چونا کھانا بچوں میں سب سے عام عادت ہے۔ یہ عادت ایک رخ سے اچھی بھی ہے جبکہ دوسرے رخ سے دیکھیں تو صحت کے لیے نہایت بری ہے۔

ماہرین کے مطابق ایسے بچے جنھیں خون کی کمی ہوتی ہے ان کو کاغذ، مٹی اور چونا کھانے کی طلب ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ آنتوں میں رکاوٹ آجانا اور پیٹ کی بیماری سے بھی ان چیزوں کو کھانے کی طلب ہوتی ہے۔

ڈاکٹرز اس بیماری کی تشخیص کے لئے مختلف ٹیسٹ لیتے ہیں جیسے خون کی کمی کا ٹیسٹ وغیرہ اس کے علاوہ دماغی صحت کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ اگر کوئی دماغی بیماری ہو تو اس میں بھی لوگوں کو ان چیزوں کو کھانے کی طلب ہوتی ہے۔ اکثر چھوٹے بچے یہ چیزیں کھاتے ہیں۔ اس بیماری سے بچاؤ کا کوئی خاص طریقہ اب تک سامنے نہیں آیا لیکن ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ بچپن سے ہی بچوں کو ایسی چیزیں منہ میں لینے سے منع کریں اور ان پر سخت نظر رکھیں کہ وہ ایسی چیزیں نہیں کھائیں۔

اگر بچوں میں سے اس کام سے نہیں روکا جائے گا تو یہ ان کی عادت بن جائے گی جو کہ بچوں کی صحت کیلئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔

مسلسل مٹی پیٹ میں جانے سے بچوں کے گردے متاثر ہوسکتے ہیں اور معدے میں تکلیف کی بھی شکایت ہوسکتی ہے۔

اس کے علاوہ مٹی اور کاغذ میں موجود جراثیم سے سنجیدہ قسم کے انفیکشنز بھی ہوسکتے ہے۔ مٹی کھانے سے نظام ہاضمہ بری طرح متاثر ہوسکتا ہے۔

ماہرین کا والدین کو پریشان ہونے کی بجائے ایسی صورت حال میں پرسکون رہنے کا اور چند اقدامات اختیار کرنے کا مشورہ ہے۔ کیونکہ بچوں کے لیے یہ عام بات ہے کہ وہ ہر چیز اپنے منہ میں ڈالتے ہیں، بھلے وہ گندگی ہی کیوں نہ ہو۔ اس لیے مت گھبرائیں کیونکہ یقینی طور پر اس صورت حال کا سامنا ہر ماں کو کرنا پڑتا ہے ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ گندگی، ریت، مٹی اور کیڑوں سے آلودہ مٹی کا کھانا بچوں میں مختلف بیماریوں یا کیڑوں کا سبب بن سکتے ہیں لیکن چونکہ ان اشیا کا کوئی ذائقہ نہیں ہوتا ہے اس لیے زیادہ تر بچے اسے فوری طور پر منہ سے باہر نکال دیتے ہیں اور وہ جلدی سے سیکھ جاتے ہیں کہ مٹی کوئی مزیدار کھانے کی چیز نہیں ہے۔

ایسی گندگی جو جانوروں کی گندگی یا کیمیائی مادوں کی ہو وہ نقصان دے ہوسکتی ہے۔ اگر بچہ ایسا کچھ کھانے کے بعد بیمار دکھائی دیتا ہے تو فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔

اگر بچہ گندگی یا دیگر اشیا جیسے پینٹ، کاغذ یا بالوں کو کھاتا ہے تو یہ تشویش کا باعث ہے۔ ایسی صورت حال میں بچہ بیماری میں مبتلا ہوسکتا ہے کیونکہ اس کے جسم میں آئرن کی کمی یا غذائیت کی کمی ہوسکتی ہے۔ اگر کوئی ایسا معاملہ ہو تو آپ کو ماہر امراض اطفال سے اس کی تشخیص کروانی چاہیے۔

اس کے علاوہ ایک تحقیق کے مطابق بچے کا گندی چیزیں کھانا اس کے مدافعتی نظام کی تربیت کرتا ہے۔ یہ جسم میں نقصان دہ بیکٹیریا سے لڑنے کے لیے اینٹی باڈیز جاری کرتا ہے۔ چنانچہ بچے کے جرثوموں سے متاثر ہونے کے امکانات ختم ہوجاتے ہیں اور اس کا مدافعتی نظام تربیت یافتہ ہوجاتا ہے کہ وہ بے ضرر جرثوموں کو نظر انداز کرے اور نقصان دہ جرثوموں سے لڑ سکے۔ جو بچے زمین سے چیزیں نہیں کھاتے ہیں، وہ الرجی کا شکار ہوتے ہیں۔ ان کے مدافعتی نظام میں بیکٹیریا یا وائرس سے لڑنے کی کوئی صلاحیت نہیں ہوتی۔

آخر میں آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ اپنے بچوں کی حفاظت کریں لیکن اگر کسی بچے کے ساتھ ایسا ہوتا ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ بچے کی یہ عادت ختم کرنے کے لیے ہوش مندی سے اقدامات اٹھائے جائیں۔

☆☆☆

استاد کا احترام

چودھری اسد اللہ خاں

علامہ محمد اقبال اپنی خداداد دانش اور قابل ستائش شاعری کی وجہ سے انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں بہت معروف شخصیت بن چکے تھے۔ عوام کے علاوہ انگریز سرکار بھی ان کی قابلیت کی معترف تھی۔ یہی وجہ تھی کہ انگریز گورنر پنجاب نے ایک ملاقات میں علامہ صاحب سے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کو "سر Sir" کا خطاب دینا چاہتے ہیں۔ باادب علامہ اقبال نے اتنا بڑا خطاب قبول کرنے کے لئے ایک شرط لگا دی۔ گورنر نے حیران ہو کر وہ شرط جاننا چاہی۔ تو شاعر مشرق نے کہا کہ وہ شرط ہے کہ "آپ مجھے خطاب دینے سے پہلے خطاب کا اعزاز میرے استاد محترم مولوی میر حسن کو دیں" گورنر نے حیران ہو کر کہا کہ ان کی تو کوئی معرکتہ الآرا تصنیف و تالیف ہم نے نہیں دیکھی سنی۔ اس پر علامہ صاحب نے فوراً جواب دیا کہ ان کی مجسم تصنیف "میں خود" آپ کے سامنے کھڑا ہوں۔ گورنر اس حیرت جواب پر بہت خوش ہوا اور علامہ صاحب کے استاد مولوی میر حسن کو "شمس العلماء" کے خطاب سے نواز دیا۔ مولوی میر حسن اس وقت شدید بڑھاپے کی وجہ سے سیالکوٹ شہر میں اپنے گھر پر قیام پذیر تھے وہ سفر کی صعوبت برداشت نہیں کرسکتے تھے۔ اس لئے ان کا خطاب "شمس العلماء" گورنر ہاؤس لاہور میں ان کے بیٹے نے وصول کیا۔ یہ کہاوت سچ ہے، "باادب بانصیب"۔

☆☆☆

خلائی مخلوق

(قسط نمبر 1)

"اوہو بھئی پنکھا کیوں بند کر رکھا ہے۔؟ پہلے ہی اتنی گرمی ہے، ہوا بھی بالکل بند ہے۔!" پاپا نے باہر سے آتے ہی غصہ کیا۔

"ہاں واقعی! ابھی تو مارچ بھی ختم نہیں ہوا اور گرمی کتنی بڑھ گئی ہے۔ ہمارے بچپن میں تو

آیان وحید

مارچ بہت خوشگوار ہوا کرتا تھا۔" ممی نے بھی پاپا کی تائید کی۔

"پاپا ایسا تو نہیں کہ کوئی ہماری ہوا چوری کر لیتا ہو جو گرمی اتنی بڑھتی جا رہی ہے۔؟" عمیر نے سوچ کر کہا۔

"کیا فضول بات ہے۔! بھلا کوئی ہوا کو بھی چرا سکتا ہے۔؟ یہ تو ایک قدرتی چیز ہے جو آسمان سے آتی ہے، بیٹا آپ کے ذہن میں ایسی باتیں کیسے آجاتی ہیں۔؟" ممی نے خفگی سے عمیر کو دیکھا کیونکہ وہ عمیر کے سائنسی سپیکس سے بہت تنگ تھیں۔" عمیر اپنی عینک درست کر کے رہ گیا۔

"ارے بھئی آپ میرے بیٹے کی سائنس سے کیوں اتنا چڑتی ہیں۔؟ یہ وہی بات کرتا ہے جو وہ نیٹ پر دیکھتا ہے۔" پاپا نے اس کی حمایت کی۔

"اسی لئے تو چڑتی ہوں کہ یہ اپنی کتابیں پڑھنے کے بجائے سارا دن نیٹ پر کیوں بیٹھا رہتا ہے۔؟ میں چاہتی ہوں جتنا وقت یہ کمپیوٹر پر ضائع کراتا ہے وہ وقت اپنی کتابیں پڑھنے کے لئے لگائے تا کہ

پوزیشن تو لے لے! نیٹ پر بیٹھ کر کیا ملتا ہے۔؟"

"ممی نیٹ پر تازہ ترین خبریں ہوتی ہیں۔" حماد نے عینک درست کرتے ہوئے مختصراً کہا۔

"اچھا تو کیا ہے آج کی تازہ ترین خبر ہے۔" ممی نے پھر طنز کیا۔

"جی سنیئے!" عمیر عینک ٹھیک کر کے اپنے پی سی پر جھک گیا۔" خلائی سائنسدان کہتے ہیں کہ دو ممکنات ہیں۔! یا تو ہم اس کائنات میں بالکل تنہا ہیں، یا تنہا نہیں! دونوں باتیں ہی خوفزدہ کرنے والی ہیں۔!"

"لوجی! اس میں خوفزدہ ہونے کی کیا بات ہے...؟ اگر اس کائنات میں کہیں کوئی مخلوق ہے بھی تو کیا وہ ہم سے لے کر کھاتی ہے جو ہم پریشان ہوں، ہمیں بھی اللہ نے رزق دیا ہے ان کو بھی دیا ہوگا۔ اللہ اللہ خیر سلا!" ممی نے تو بات ہی ختم کردی۔

"ارے بھئی ڈرنے کی بات یہ ہے کہ اگر اس کائنات میں کہیں کوئی مخلوق ہے تو وہ ہماری دنیا میں بھی ضرور آتی ہوگی اور اس دنیا کو جو اللہ تعالیٰ نے بیش بہا خزانے ہوا، پانی اور سبزے کی صورت میں دیئے ہیں وہ ان کو دیکھ کر للچاتے ہوں گے کیونکہ اس کہکشاں میں کہیں اور ایسی چیزیں نہیں ہیں۔" پاپا نے تفصیل بتانے کی کوشش کی۔

"پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ اللہ کی بخشی ہوئی کوئی نعمت اللہ کی مرضی کے بغیر ہمارے سے چھین ہی نہیں سکتے اور اگر لے بھی جائیں تو اس بیش بہا خزانے میں کوئی کمی نہیں ہو سکتی...! مل بانٹ کر کھانے میں برکت ہوتی ہے۔"

"ارے آپ کو تو سمجھانا ہی مشکل ہے! اب یہ دیکھیئے ہماری زمین سے آکسیجن اتنی کم ہوتی جا رہی ہے کہ آئندہ پچاس سال بعد یہ حال ہوگا کہ اگر آپ اپنا چولہا جلانے کے لئے ماچس جلانا چاہیں گی تو وہ جلے گی ہی نہیں کیونکہ ہوا میں آکسیجن ہی نہیں ہوگی جو اس کو جلائے۔ اب بتایئے کیا اب بھی آپ ان ایلین کی ہی حمایت کریں گی جو ہماری آکسیجن پر نظر رکھتے ہیں۔؟" پاپا اخبار سے خبر سناتے ہوئے بولے۔

"آئے ہائے تو کیا ہوا سے آکسیجن بھی کوئی چرا سکتا ہے؟ آپ بھی کیسی باتیں کرتے ہیں... یہ تو ہمارے اپنے اعمال ہی خراب ہیں جو ہم قدرتی خزانوں کو گنوا رہے ہیں!"

"آج نہیں تو کل پتا چل ہی جائے گا کہ ہماری آکسیجن کہاں جاتی ہے...؟"

☆☆ (جاری ہے) ☆☆

بیماری

ڈاکٹر سلیس سلطانہ چغتائی

کھانسی کم کرنے یا روکنے والے مختلف شربت دیکھنے میں بہت بھلے لگتے ہیں، لیکن جیب پر خاصا بوجھ ڈالتے ہیں۔ زیادہ کھانسی کی صورت میں درج ذیل گھریلو علاج فائدہ مند ہیں:

☆ گرم دودھ میں شہد ملا کر پینے سے پھیپھڑوں سے بلغم صاف ہوجاتا ہے۔

☆ نمک کے پانی سے غرارے کرنے اور نمک کے گرم پانی کا بھاپ لینے سے ناک اور گلے کی سوزش میں کمی آتی ہے اور سانس کی نالی پر حملہ کرنے والے جراثیم بھی مر جاتے ہیں، اس طرح کھانسی پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔

☆ نیم گرم پانی میں نمک یا ڈسپرین ڈال کر غرارے کریں۔

☆ صبح، دوپہر، شام دو چمچ شہد میں چار دانے پسی ہوئی سیاہ مرچ ملا کر استعمال کریں۔

☆ ایک پیالی انگور کے رس میں ایک چمچ شہد کھانسی کا موثر ترین علاج ہے۔

☆ میٹھے بادام کی چھ سات گریاں پانی میں بھگوئیں۔ صبح چھلکا اتار کر چینی اور مکھن کے ساتھ ملا کر آمیزہ بنائیں اور کھالیں۔ خشک کھانسی کے لیے مجرب نسخہ ہے۔

☆ ذرا سی ملٹھی کھانے سے کھانسی کافی حد تک کم ہوجاتی ہے۔

☆ کچا امرود جسے گدرا بھی کہتے ہیں، چولہے پر بھون کر لاہوری نمک میں ملا کر کھانے سے بھی کھانسی میں آرام آتا ہے۔

☆ دو پیاز لے کر آگ پر بھون لیں، جب اس کا بیرونی چھلکا جل کر کالا ہوجائے تو چھلکا اتار کر اندرونی حصہ رگڑ کر خوب باریک کرلیں اور چھان کر اس کا پانی الگ نکال لیں۔ پھر اس میں ہم وزن شہد ملا لیں۔ اس آمیزے کا ایک چمچ صبح، شام مریض کو دیں۔ حیرت انگیز طور پر کھانسی میں افاقہ ہوگا۔

☆☆☆☆

ہمارا معاشرہ

شیخ خالد زاہد

مواصلات انسان کی زندگی کا ایک انتہائی اہم اور بنیادی عنصر ہے۔ آپ کو کسی سے کچھ پوچھنے یا بتانے کے لیے الفاظ کا سہارا لینا ہی پڑتا ہے ورنہ اشاروں کی زبان میں بھی موقع کی مناسبت سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ آپ کی فنی قابلیت اپنی جگہ لیکن الفاظ اور لہجوں کا خوب صورت چناؤ سے بنا امتزاج انسان کی شخصیت کو منوانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ جو الفاظ ہوتے ہیں انہیں لکھنا بھی محال ہوتا ہے' انہیں سنبھالنا بھی محال ہوتا ہے۔ اگر یہ الفاظ جذبات کا حقیقی لبادہ اوڑھ کر قلم کی سیاہی سے نکلیں تو تباہی پھیلا کر رکھ دیں۔ یہ خوب کمال ہوتا ہے جذبات پر الفاظ پر دسترس ہوتی ہے اور لہجے کے معاملے میں تو ہم لوگ گونگے بن جاتے ہیں بس قلم کو ہی زبان بنا لیتے ہیں۔ تب کہیں جا کر جذبات جو صرف الفاظ تک محدود رہ جاتے ہیں اور لہجے کے محتاج ہونے کے باعث اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا کہ فقط بولنے والے کرتے ہیں۔

جذبات میں تو دل کی دھڑکن بھی اپنے طرز پر الفاظ مرتب کررہی ہوتی ہے اب یہ جذبات پر منحصر ہے کہ وہ محبت لیے ہیں یا پھر نفرت کا طرز مرتب کررہے ہیں۔ دونوں ہی صورت میں گونگے ہوجانا ہی بہتر ہے ورنہ بہت کچھ ٹوٹ جانے کا خطرہ رہتا ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ اپنے ہی جذبات کسی مسخرے کی تقویت کا باعث بنتے سنائی بھی دیے جاسکتے ہیں کیوں کہ جذبات بھی بچپن، لڑکپن، جوانی اور بڑھاپا رکھتے ہیں۔ بہت ہی قلیل لوگ ایسے ہوں گے جن کے جذبات وقت کے ساتھ پختہ ہوتے گئے ہوں اور وہ ان جذبات کو سنبھالے سنبھالے اور ساتھ لیے زندگی کی تمام منزلیں طے کرتے ہوئے آخری سفر پر روانہ ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ان احساسات اور جذبات کو ساتھ رکھنے کی مد میں انہوں نے کیا کچھ کھویا ہو اور شاید ہی کچھ پایا ہو۔ مضمون الفاظ اور لہجے پر ہے اور جذباتوں نے جذباتی کر دیا ہے۔

ہمارا معاشرہ ہی ہماری دنیا ہے، جس معاشرے پر نظر ڈالتے ہوئے اپنے اطراف میں دیکھتے ہیں جہاں ہمیں سب سے پہلے ہمارے گھروں میں موجود ٹیلی وژن پر ہر وقت نمودار رہنے والے وہ میزبان دکھائی دیں گے جو اپنے الفاظ کے ساتھ ساتھ لہجے سے بھی سنائی و دکھائی جانے والی ایک غیر اہم خبر کو انتہائی اہم بنانے کی جستجو میں رہتے ہیں کہ جس سے لوگ ایک انجانے اور ان دیکھے ہیجان کا شکار ہوجاتے ہیں اور یہ ہیجان مختلف کیفیات کی شکل اختیار کر کے حتمی اقدامات کی جانب پیش قدمی کرتا چلا جاتا ہے۔ پے در پے ایسی خبریں ہماری ذہنوں پر کیا اثر ڈال رہی ہیں ہمیں اس کا احساس نہیں ہو رہا البتہ ہمارے مزاج مسلسل تند ہوئے جا رہے ہیں اور الفاظ مغلظات میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ ایک عام سی بات کے لیے بھی زور زور سے بولنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس طرح سے ہم اگلی نسل کو کیسے الفاظ اور کیسا لہجہ

منتقل کر رہے ہیں ہمیں سمجھ آ جانا چاہیے۔ یہ ایک ایسا موضوع ہے جو کہ اتنا غور طلب نہیں ہے جتنا غور طلب ہونا چاہیے، آج ہر فرد کسی نا کسی الجھن میں الجھا ہوا ہے۔ معاشرہ اجتماعیت کھوتا جا رہا ہے اور انفرادیت کی جانب تیزی سے سفر کر رہا ہے جس کے لیے ہمیں جن آلات کی ضرورت تھی وہ ہمیں مہیا کر دیے گئے ہیں جن میں اول نمبر پر موبائل فون ہے۔ یہ تو بہت عام سی بات ہے کہ ایک ایک کر کے ختم کرنا آسان ہوتا ہے پہلے ٹیلی وژن ہوا کرتے تھے جو کچھ بھی دیکھا جاتا تھا سب دیکھتے تھے مگر اب تو موبائل ہیں' سب اکیلے اکیلے اور کیا دیکھ رہے ہیں یہ ایک دوسرے سے پوشیدہ ہے۔ معاشرہ اخلاقی طور سے تباہ ہوتا جا رہا ہے۔

ایک خوب صورت سا باغ جس میں لگے پھول اور ان پھولوں سے اٹھتی بھینی بھینی خوشبو اس خوشبو سے لطف اندوز ہوتے لوگ پھر کہیں سے کسی نے اس باغ کے کسی کونے میں کچرا پھینکا اور دیکھنے والوں نے یہ کہہ کر کچھ نہیں کیا کہ یہ ہمارا مسئلہ تو نہیں ہے کچھ دنوں میں باغ کم کچرہ خانہ زیادہ دکھائی دینے لگا اور پھولوں کی بھینی بھینی خوشبو میں کچرے کی بدبو غالب آنا شروع ہوگئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے لوگوں کی لاپروائی کی وجہ سے ایک اچھا بھلا باغ کچرے کا ڈھیر بنتا چلا گیا۔

ہمارے معاشرے میں کثیر تعداد ایسے لوگوں کی موجود ہے جو بغیر کسی وجہ کہ مغلظات بکتے رہتے ہیں، کبھی بھونڈے مذاق کے لیے' کبھی کسی کی تضحیک کے لیے اور کبھی کسی معصوم پر محض رعب ڈالنے کے لیے۔ یہ ایسی گفتار ہے جس کی مماثلت کسی ایسی دھواں چھوڑتی گاڑی سے کی جاسکتی ہے جو ماحول کو آلودہ کرنے پر سڑک پر نکالی گئی ہو اور لوگ سوائے اپنی گاڑی کے شیشے اوپر کرنے یا پھر جلد از جلد اسے کراس کرنے کے اور کچھ نہیں کرتے۔ ان الفاظ کا بھی بے دریغ استعمال کیا جاتا ہے جن سے کراہیت ہوتی ہے جیسے کسی رینگنے والے جاندار کو دیکھ کر ہوسکتی ہے۔

آخر معاشرے کو اس جانب گامزن کرنے میں کن عوامل کا کردار نمایاں ہے۔ اول نمبر پر میڈیا پر موجود وہ پڑوسی ملک کی فلمیں ہیں جن میں تیسرے درجے کے معاشرے کی عکاسی اتنی بری طرح سے کی جاتی ہے کہ جو عمومی سطح پر ناقابل قبول ہے۔ معاشرے میں بے قاعدگیاں، بدعنوانیاں اور میرٹ کا قتل عام بھی ایسی ذہن سازی کرنے میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ شاید کچھ لوگ اس بات کو مضحکہ خیز قرار دیں کہ ہمارے گھر میں ہونے والی گندگی میں بھی بیرونی ہاتھ کیسے ملوث ہوسکتا ہے، جی بالکل ہوسکتا ہے۔ میڈیا کے توسط سے جو ذہن سازی کی جا رہی ہے اس کی بنیادیں کہاں جا کر ملتی ہیں۔ درجہ ذیل شعر میں شاعر نے معاشرے کی بے اعتنائی اور بے ثباتی کا کیا خوب ماتم کیا ہے:

تاثیر ہی الٹی ہے اخلاص کے امرت کی
جس جس کو پلاتے ہیں وہی زہر اگلتا ہے

ایسے معاشرے میں جہاں الفاظ زہر بن کر من کو آہستہ آہستہ کھاتے جا رہے ہوں اور لہجے تلوار کی طرح تن کو زخمی کیے جاتے ہوں تو خاموش رہنا اور دستور زباں بندی پر کاربند رہنا ہی عافیت کا سبب بن سکتا ہے ورنہ زندگی تو ان کی بھی گزر جاتی ہے جنہیں عملی طور پر چلنے کے لیے کہا نہیں جاتا بلکہ ایک ڈنڈا یا ایک چابک رسید کی جاتی ہے۔ جہاں ہمارے ملک کو بدعنوانوں سے پاک کرنا بہت ہی اہم معاملہ ہے بالکل اسی طرح ہمیں اس بات پر بھی بھرپور دھیان رکھنا ہے کہ ہم آنے والی نسلوں کو کس طرح سے اس چنگل سے نکالنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

آخری اوور میں افغان کھلاڑی کی مصنوعی انجری، کمنٹیٹرز بھی ہنسی نہ روک سکے

قیس احمد نے وقت ضائع کرنے کے لیے مصنوعی انجری کا بہانہ کیا تاکہ کم سے کم گیندیں کھیلی جائیں

شارجہ (آئی این پی) افغانستان کے کرکٹر قیس احمد نے بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ میچ کے آخری اوور میں میدان میں ایسا انداز اپنایا [illegible] ... 2024 ... 80 گیندوں پر 49 رنز ... [illegible]

فرنچائز کرکٹ کا مقامی کرکٹرز پر اعتماد، آئی ایل ٹی ٹوئنٹی میں محمد وسیم بدستور مہنگے ترین کھلاڑی

محمد وسیم 2 لاکھ 10 ہزار ڈالرز کے ساتھ سرفہرست، [illegible]

دبئی (آئی این پی) آئی ایل ٹی ٹوئنٹی [illegible] سیزن 5 کی پلیئرز آکشن [illegible] 75 [illegible] 68 [illegible] 1,241 [illegible] 46 [illegible] 2 لاکھ 10 ہزار ڈالرز [illegible] 95 ہزار ڈالرز میں حاصل کیا جبکہ [illegible]

صاحبزادہ فرحان نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں ابھیشیک شرما کا بڑا ریکارڈ توڑ دیا

سری لنکا کیخلاف تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی میں 2 فل ممبر ٹیموں کے درمیان 3 میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنائے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے ٹی ٹوئنٹی کپتان صاحبزادہ فرحان نے بھارت کے ابھیشیک شرما کا ورلڈ ریکارڈ توڑ دیا۔ صاحبزادہ فرحان نے گزشتہ روز ایک اور اعزاز اپنے نام کر لیا، انہوں نے سری لنکا کے خلاف تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی میں 2 فل ممبر ٹیموں کے درمیان 3 میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ابھیشیک شرما کا ریکارڈ توڑ دیا۔ صاحبزادہ فرحان کو سری لنکا کے خلاف سیریز سے قبل پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا مستقل کپتان مقرر کیا گیا تھا۔ صاحبزادہ نے اپنی سرزمین پر پہلی سیریز کو یادگار بناتے ہوئے تینوں میچوں میں نصف سنچریاں اسکور کیں۔ پاکستانی کپتان نے سیریز میں 79.33 کی شاندار اوسط اور 165.27 کے اسٹرائیک ریٹ سے مجموعی طور پر 238 رنز بنائے، جس پر انہیں سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس کارکردگی کے ساتھ فرحان نے بھارت کے ابھیشیک شرما کا ریکارڈ توڑ دیا، جنہوں نے رواں سال افغانستان کے خلاف 3 میچوں کی ہوم سیریز میں 229 رنز بنا کر یہ ریکارڈ قائم کیا تھا۔ ابھیشیک شرما کا ریکارڈ توڑنے کے ساتھ ہی صاحبزادہ فرحان 2 فل ممبر ٹیموں کے درمیان ہونے والی 3 میچز کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹر بن گئے۔ واضح رہے کہ صاحبزادہ فرحان نے سری لنکا کے خلاف سیریز کا آغاز 53 گیندوں پر 89 رنز کی میچ وننگ اننگز سے کیا جس کی بدولت پاکستان نے 183 رنز کا ہدف باآسانی حاصل کرتے ہوئے 4 وکٹوں سے کامیابی حاصل کی۔ 30 سالہ پاکستانی بیٹر نے سری لنکا کے خلاف دوسرے میچ میں بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور صرف 44 گیندوں پر 73 رنز بنائے۔ ان کی اننگز کی بدولت پاکستان نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز کا بڑا مجموعہ ترتیب دیا جبکہ سری لنکن ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر صرف 133 رنز بنا سکی۔ اس طرح پاکستان نے سیریز میں فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ فرحان نے سیریز کے آخری میچ میں بھی اپنی عمدہ فارم برقرار رکھی اور محض 47 گیندوں پر 76 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیلی، جس سے پاکستان نے سری لنکا کے خلاف 168 رنز بنائے۔ تاہم، فرحان کی یہ کوشش پاکستان کو فتح دلانے میں ناکام رہی اور مہمان ٹیم نے ہدف باآسانی 2 وکٹوں پر حاصل کر کے سیریز میں واحد کامیابی اپنے نام کر لی جبکہ گرین شرٹس نے سیریز 2-1 سے اپنے نام کر لی۔

زمبابوے کی سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا پیر کے روز ہرارے میں 36 برس میں انتقال

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کی سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا پیر کے روز ہرارے میں 36 برس کی عمر میں فانی دنیا کو خیرباد کہہ گئیں۔ زمبابوے کرکٹ کے مطابق سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا مارچ میں ایک طبی عمل سے گزرنے کے بعد سے اسپتال میں زیر علاج تھیں۔ رپورٹس کے مطابق ان کے انٹرنیشنل امپائرنگ کیریئر کا آغاز 2 ستمبر 2023 کو ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے یو اے ای میں ہونے والے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024 اور بھارت و سری لنکا میں منعقدہ ویمنز ون ڈے ورلڈکپ 2025 میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیے۔ انہیں ویمنز ون ڈے ورلڈکپ 2025 کے لیے مقرر کیا گیا تھا، امپائرز اور میچ آفیشلز کے تاریخ ساز مکمل خواتین پر مشتمل پینل کا بھی حصہ تھیں۔ اس سے قبل انہوں نے جنوبی افریقا میں 2023 کے انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان میچ میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیے تھے۔

رانجی ٹرافی، بنگال اور دہلی کی ٹیموں کے مابین کھیلے جانے والے میچ میں کھلاڑی وکٹ ملنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

ڈربن ٹیسٹ خراب روشنی سے شدید متاثر، پنک بال کے استعمال کی تجویز زور پکڑنے لگی

ڈربن (این این آئی) کرکٹ میں خراب روشنی کے باعث کھیل کا رکنا ایک پرانا مسئلہ ہے تاہم جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کے درمیان ڈربن ٹیسٹ میں اس نے ایک بار پھر توجہ حاصل کر لی ہے۔ میچ کے ابتدائی تین دنوں میں خراب روشنی کے باعث 60 سے زائد اوورز ضائع ہو چکے ہیں جس سے ٹیسٹ کرکٹ میں پنک بال کے استعمال پر بحث چھڑ گئی ہے۔ ڈربن میں اکتوبر کے دوران سورج شام چھ بجے کے کچھ دیر بعد غروب ہوتا ہے اس کے باوجود پہلے روز کھیل مقامی وقت کے مطابق سہ پہر 3 بج کر 23 منٹ پر روکنا پڑا۔

نیٹ فلکس نے 2030 فٹبال ورلڈکپ کے نشریاتی حقوق حاصل کر لیے

نیٹ فلکس آئندہ میز ورلڈکپ کے تمام 104 میچز اسپین اور انڈورا کے ناظرین کو دکھائے گا

نیویارک (آئی این پی) ویڈیو اسٹریمنگ پلیٹ فارم نیٹ فلکس مراکش اور پرتگال میں مشترکہ طور پر منعقد ہونے والے 2030 کے فٹ بال ورلڈکپ کو اسپین میں نشر کرے گا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ مقبول اسٹریمنگ سروس نے فٹ بال ورلڈکپ کے نشریاتی حقوق حاصل کیے ہیں۔ امریکی سبسکرپشن سروس نیٹ فلکس کے پاس پہلے ہی 2027 اور 2031 میں ہونے والے ویمنز ورلڈکپ کے عالمی سطح پر خصوصی نشریاتی حقوق موجود ہیں۔ تاہم نیٹ فلکس آئندہ میز ورلڈکپ کے تمام 104 میچز اسپین اور انڈورا کے ناظرین کو دکھائے گا۔ معاہدے کے تحت اسپین میں ہر میچ ڈے پر ایک میچ مفت دکھایا جائے گا۔ اس کے علاوہ، میچز کا ایک میچ ملک کے ایک فری ٹو ایئر ٹی وی چینل پر بھی نشر کیا جائے گا، جس میں اسپین کی قومی ٹیم لا فیوریا روخا کے تمام میچز، دونوں سیمی فائنلز اور فائنل شامل ہوں گے۔ برطانیہ میں ورلڈکپ کو اب بھی حکومت کی جانب سے کراؤن جیول یعنی اہم قومی کھیلوں کے ایونٹس کی فہرست میں شامل تحفظ حاصل ہے، اس لیے اس کی نشریات صرف روایتی ٹیلی ویژن نیٹ ورکس کے ذریعے ہی کی جا سکتی ہیں۔ فیفا کے سیکریٹری جنرل میٹیاس گرافسٹروم نے اس حوالے سے کہا کہ توسیع شدہ ورلڈکپ 2026 اور 2030 میں دنیا بھر کے فٹ بال شائقین کے لیے ایک ناقابل فراموش ایونٹ ثابت ہونے جا رہا ہے۔

سعودی عرب میں نمائشی ٹینس ٹورنامنٹ ملتوی

اب یہ ٹورنامنٹ 27 سے 30 دسمبر تک منعقد ہوگا

جدہ (آئی این پی) سعودی عرب کی جنرل انٹرٹینمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین نے اعلان کیا ہے کہ یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے مملکت پر متعدد حملوں کے بعد نمائشی ٹینس ٹورنامنٹ سکس کنگز سلیم ملتوی کر دیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ میں نوواک جوکووچ، کارلوس الکاراز اور الیگزینڈر زویریو سمیت معروف ٹینس کھلاڑیوں نے آئندہ ہفتے شرکت کرنا تھی۔ دیگر کھلاڑیوں میں ٹیلر فرٹز، ارزنیان اور ایلکس ڈی مینور بھی شامل تھے۔ یہ ایونٹ پہلے 21 سے 24 اکتوبر تک منعقد ہونا تھا جبکہ اس کی براہ راست نشریات نیٹ فلکس پر دکھائی جانی تھیں۔ تاہم، اب یہ ٹورنامنٹ 27 سے 30 دسمبر تک منعقد ہوگا۔

بنگلہ دیشی ویمنز کی کھلاڑی آسٹریلیا کیخلاف میچ میں شاٹ کھیل رہی ہیں

ون ڈے ٹرائی سیریز ٹرافی کی رونمائی (آج) ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز ٹرافی کی رونمائی آج 17 اکتوبر ہفتہ کو ہوگی۔ شاہین شاہ آفریدی، ہیری بروک اور کوسل مینڈس ٹرافی کی رونمائی کریں گے۔ تینوں کپتان ٹرافی کی رونمائی کے بعد سیریز سے قبل پریس کانفرنس کریں گے۔ پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز 18 اکتوبر سے شروع ہوگی۔ راولپنڈی میں ٹرائی سیریز کے میچز 18، 20 اور 22 اکتوبر کو ہوں گے۔ ٹرائی سیریز کا فائنل 31 اکتوبر کو لاہور میں کھیلا جائے گا۔

شائے ہوپ نے کرس گیل کا ریکارڈ توڑ دیا، مزید کئی ریکارڈز برابر کر دیے

شائے ہوپ ویسٹ انڈیز کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 2 ہزار رنز بنانے والے چوتھے بیٹر بن گئے

حیدرآباد (آئی این پی) ویسٹ انڈیز کے کپتان شائے ہوپ نے بھارت کے خلاف چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں شاندار سنچری بنا کر تاریخ رقم کر دی۔ حیدرآباد میں کھیلے گئے میچ میں شائے ہوپ نے صرف 50 گیندوں پر ناقابل شکست 102 رنز بنائے جس میں 9 چھکے اور 4 چوکے شامل تھے۔ اس کارکردگی کے ساتھ وہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں تین سنچریاں بنانے والے پہلے ویسٹ انڈین بیٹر بن گئے ہیں۔ اس سے قبل کرس گیل اور ایون لوئس دو، دو سنچریاں بنا چکے تھے۔ وہ بطور کپتان تین سنچریز بنا کر روہت شرما اور بابر اعظم کے برابر بھی آ گئے۔ شائے ہوپ نے اس اننگز کے ساتھ ویرات کوہلی، سوریا کمار یادیو اور پاکستانی بیٹر صاحبزادہ فرحان کی فہرست میں بھی جگہ بنا لی۔ وہ ٹیسٹ کھیلنے والے ممالک کے درمیان دو طرفہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں تین مرتبہ 50 یا اس سے زیادہ رنز بنانے والے کپتان بن گئے ہیں۔ مزید برآں، ہوپ نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 2 ہزار رنز مکمل کر لیے اور کرس گیل کے ساتھ ویسٹ انڈیز کی جانب سے 16 مرتبہ 50 یا اس سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ بھی برابر کر دیا۔ ویسٹ انڈیز اور بھارت کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز 2-2 سے برابر ہے اور سیریز کا فیصلہ کن مقابلہ بنگلور میں کھیلا جائے گا۔

ناگویا جاپان، 20ویں ایشین گیمز کے 400 میٹر ریس کے دوران یونائیٹڈ عرب امارات کی کھلاڑی فنشنگ لائن عبور کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہی ہیں

ڈراموں، فلموں اور گلوکاری کے بعد ہانیہ عامر باکسنگ رنگ میں کود گئیں

ہانیہ کو باکسنگ کا شوق ہے، ان کی پہلی باضابطہ فائٹ کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، عثمان وزیر

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے باقاعدگی کے ساتھ باکسنگ کی ٹریننگ شروع کر دی۔ ڈراموں، فلموں اور گلوکاری میں ڈیبیو کے بعد اداکارہ ہانیہ عامر نے اب باکسنگ کی ٹریننگ بھی شروع کر دی ہے۔ اداکارہ کو ڈبلیو بی او یوتھ ورلڈ باکسنگ چیمپئن عثمان وزیر باکسنگ کی ٹریننگ دے رہے ہیں۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر ویڈیو بھی وائرل ہو رہی ہے جس میں اداکارہ کو باکسنگ کی تربیت حاصل کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں عثمان وزیر نے کہا کہ ہانیہ عامر کی یہ ویڈیو کسی کمرشل یا ڈرامہ شوٹ کی نہیں ہے، ہانیہ کو باکسنگ کا شوق ہے، ان کی پہلی باضابطہ فائٹ کا اعلان جلد کر دیا جائے گا۔

ویمل کیس، شاہ رخ خان، اجے دیوگن، ٹائیگر شروف کو عدالت سے ریلیف نہ مل سکا

نوٹسز سے متعلق اعتراضات اٹھانے کے لیے مہاراشٹرا مناسب فورم ہے، عدالت

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکاروں شاہ رخ خان، اجے دیوگن اور ٹائیگر شروف سے متعلق ویمل کیس میں دہلی ہائی کورٹ نے درخواست خارج کر دی، جس کے بعد تینوں اداکاروں کو فوری ریلیف نہ مل سکا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ درخواست ویمل الائچی پان مسالہ اشتہار سے منسلک کمپنی پی پی اگرو کی جانب سے دائر کی گئی تھی، جس میں مہاراشٹرا فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے تینوں اداکاروں کو جاری کیے گئے شوکاز نوٹسز کو چیلنج کیا گیا تھا۔ جسٹس سوارنا کانتا شرما نے درخواست خارج کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ معاملہ دہلی ہائی کورٹ کے علاقائی دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔ عدالت نے کہا ہے کہ نوٹسز سے متعلق اعتراضات اٹھانے کے لیے مہاراشٹرا مناسب فورم ہے۔ پی پی اگرو نے موقف اختیار کیا تھا کہ کمپنی کا دفتر دہلی میں ہونے کے باعث دہلی ہائی کورٹ اس معاملے کی سماعت کر سکتی ہے۔ کمپنی کے مطابق اشتہاری مہم بھی دارالحکومت میں تیار اور منظور کی گئی جبکہ برانڈ ایمبیسیڈرز کو ادائیگیاں بھی دہلی سے کی گئی تھیں۔ عدالت نے موقف تسلیم نہیں کیا اور نشاندہی کی کہ مہاراشٹرا ایف ڈی اے کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹس پی پی اگرو کو نہیں بھیجے گئے تھے اور نہ ہی کمپنی سے جواب جمع کرانے، اشتہار ہٹانے، دستاویزات فراہم کرنے یا حکام کے سامنے پیش ہونے کو کہا گیا تھا۔ یہ معاملہ ویمل الائچی کے اشتہارات سے متعلق ہے، جن کے ساتھ شاہ رخ خان، اجے دیوگن اور ٹائیگر شروف وابستہ رہے ہیں۔ مہاراشٹرا ایف ڈی اے نے اشتہار کے ذریعے مبینہ طور پر ویمل پان مسالے کی تشہیر کرنے پر تینوں اداکاروں کو نوٹس جاری کیے تھے۔ سماعت کے دوران پی پی اگرو نے موقف اختیار کیا کہ نوٹس صرف اداکاروں کو جاری کیے گئے، حالانکہ اشتہار سے متعلق کسی بھی کارروائی کے نتیجے میں کمپنی کو بھی مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ کمپنی نے مہاراشٹرا ایف ڈی اے کے اشتہار روکنے سے متعلق ہدایات جاری کرنے کے اختیار پر بھی سوال اٹھایا تھا۔ مرکزی حکومت اور مرکزی صارف تحفظ اتھارٹی نے درخواست کی دہلی ہائی کورٹ میں سماعت کی مخالفت کی۔ ان کا موقف تھا کہ چونکہ کارروائی مہاراشٹرا ایف ڈی اے نے کی ہے، اس لیے پی پی اگرو کو بمبئی ہائی کورٹ سے رجوع کرنا چاہیے تھا۔ عدالت کے حکم کے بعد پی پی اگرو کی درخواست کو علاقائی دائرہ اختیار نہ ہونے کی بنیاد پر دہلی ہائی کورٹ نے قابل سماعت قرار نہیں دیا۔

بادشاہ نے جذباتی طور پر دھوکا دیا، مجھے استعمال کیا گیا، ایشا ریکھی

ممبئی (آئی این پی) بھارتی پنجابی فلموں کی اداکارہ اور ماڈل ایشا ریکھی کا کہنا ہے کہ انہیں ریلیشن شپ میں استعمال کیا گیا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ان کے سابق شوہر بادشاہ نے انہیں جذباتی اور جسمانی طور پر دھوکا دیا۔ بگ باس 20 میں گفتگو کے دوران ایشا ریکھی نے اپنے تعلقات میں دھوکا دیے جانے کے احساس کے بارے میں کھل کر بات کی اور اپنے ماضی کے تلخ رشتوں کا تذکرہ کیا۔ بگ باس کی حالیہ قسط میں ایشا کو کنیکا مان کے ساتھ ایک ریلیشن شپ میں دھوکے کے بارے میں بات کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ انہوں نے براہ راست بادشاہ سے اپنی علیحدگی کا ذکر تو نہیں کیا، لیکن اشاروں اور کنایوں میں اس بارے میں بات کی۔ انکا کہنا تھا کہ اگر کوئی دوسرا شخص آ کر مجھے بتائے کہ کنیکا ایسی ہے یا ویسی ہے، تو میں اس وقت تک اس کی بات پر یقین نہیں کروں گی جب تک میں خود اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لوں۔ میں رشتے میں بھی بالکل ایسی ہی ہوں۔ اگر کوئی میرے پاس آ کر کچھ بتائے تو میں کہتی ہوں کہ مجھے ثبوت دو، ورنہ مجھے پریشان مت کرو۔ لیکن جب یہ رشتہ ختم ہوا تو مجھے معلوم ہوا کہ یہاں تو میرے ساتھ ہی دھوکا ہو گیا۔ جب کنیکا نے ایشا سے پوچھا کہ کیا انہیں جسمانی یا جذباتی طور پر دھوکا دیا گیا تھا، تو ایشا نے کہا مجھے ہر طرح سے دھوکا دیا گیا۔ وہ جو درمیان میں لٹکے رہنے والی صورتحال ہوتی ہے اس میں پھنس جانا بہت پریشان کن ہوتا ہے۔

شہناز گل کی خوفناک فضائی سفر سے متعلق ویڈیو وائرل

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ شہناز گل کو دوران سفر ایک شدید اور خوفناک ہوائی حادثے کا خدشہ درپیش آیا، جب ان کا طیارہ ہوا میں برے طریقے سے ڈگمگانے لگا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق شہناز گل جس ہوائی جہاز میں سفر کر رہی تھیں وہ اچانک خراب موسم کے باعث شدید جھٹکے کھانے لگا، جس سے پرواز میں موجود تمام مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ شہناز گل گھبراہٹ کے عالم میں اپنی سیٹ پر بیٹھی ہیں اور خوفزدہ ہو کر بول رہی ہیں، آج ہم بہت مشکل سے بچے ہیں۔ ان کے چہرے سے واضح پریشانی جھلک رہی تھی۔ ویڈیو کے انٹرنیٹ پر سامنے آتے ہی شہناز کے مداحوں نے ان کی خیر و عافیت کی دعائیں کیں اور ان کے محفوظ رہنے پر شکر ادا کیا۔

NOTICE INVITING TENDER

The Government of Balochistan has been provided funds to finance the cost of the following Schemes, for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

S. No	TSE NUMBER	NAME OF WORK'S	ESTIMATED COST	LAST DATE AND TIME OF BID SUBMISSION	TENDER OPENING
1	TSE-2627101209593	REHABILITATION AND RESTORATION OF RAYALO 2 NOS BUNDAT, KULANCH PASNI, DISTRICT GWADAR (BUND NO. 1)	PKR. 21,887,790/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
2	TSE-2627101209603	REHABILITATION AND RESTORATION OF RAYALO 2 NOS BUNDAT,KULANCH PASNI, DISTRICT GWADAR (BUND NO. 2)	PKR. 18,107,969/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
3	TSE-2627101210053	CONSTRUCTION OF DAADI BUND PASNI	PKR. 29,999,721/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
4	TSE-2627101209633	REHABILITATION AND RESTORATION OF BEDDI ZAMANDAR BUNDTEHSIL, DISTRICT GWADAR	PKR. 24,996,827/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
5	TSE-2627101210153	RESTORATION/REHABILITATION OF 1 NO ZAMINDAR HAJI IBRAHAM	PKR. 29,999,671/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
6	TSE-2627101210113	CONSTRUCTION OF MUCHI BUND POSTO KULANCH	PKR. 24,999,623/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM
7	TSE-2627101210193	CONSTRUCTION OF BUND ABDULLAH BAZAR KULANCH	PKR. 24,996,827/-	02 NOVEMBER, 2026 09:00 AM	10:00 AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 Amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents Bid Security for all the above work is 3% of the estimated cost. Tender fees for all the works are Rs. 1,000/- each. **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Tender Documents:** The Bidding document can be download from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. Address: B-PPRA EPPS SYSTEM Office Address & for corresponding: Office of The Executive Engineer Irrigation Division Gwadar.

DPR/PRQ No.1930/16-10-2026

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION GWADAR

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پوتن کی چار تہوں پر مشتمل سیکورٹی حصار

خصوصی رپورٹ

روس کے صدر ولادیمیر پوتن 18ویں برکس سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے انڈیا پہنچنے والے ہیں جو 12-13 ستمبر کو نئی دہلی میں منعقد ہونے والی ہے۔ اس سے پہلے پوتن نے چار سال کے وقفے کے بعد گزشتہ دسمبر میں دو طرفہ سربراہی اجلاس کے لیے انڈیا کا دورہ کیا تھا۔ کریملن کے ترجمان نے منگل کو کہا کہ اس دورے کے دوران صدر پوتن اور انڈیا کے وزیر اعظم نریندر مودی کے درمیان ایک اور دو طرفہ ملاقات متوقع ہے جو جمعہ (11 ستمبر) کو ہونے والی ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ بہت سے معاملات پر عوامی سطح پر بات نہیں کی جا سکتی کیونکہ کچھ ممالک ایسے ہیں جو ہمارے تعاون کو آگے بڑھنے میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس لیے ان پر خفیہ طور پر بات چیت کی جا رہی ہے، لیکن انتہائی تعمیری انداز میں۔ تاہم اس سب کے درمیان صدر پوتن کی سکیورٹی بھی موضوع بحث ہے۔ ولادیمیر پوتن 2000 سے برسراقتدار ہیں اور سوویت آمر جوزف سٹالن کے بعد یہ کسی بھی روسی رہنما کا سب سے طویل دور ہے۔ تقریباً 73 سال کی عمر میں، پوتن بطور صدر اپنی پانچویں مدت گزار رہے ہیں۔

پوتن کی سکیورٹی کے حوالے سے بات کی جائے تو سینکڑوں محافظ ان کی ہر حرکت پر کڑی نظر رکھتے ہیں جو 24 گھنٹے ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ بی بی سی نیوز کی رپورٹ کے مطابق پوتن کا کھانا خفیہ طور پر تیار کیا جاتا ہے اور وہ جو کچھ پیتے ہیں اسے سب سے پہلے ان کے قریبی مشیر چیک کرتے ہیں۔ کے جی بی کے سابق افسران پوتن کے گرد موجود خطرات سے بخوبی واقف

مطابق 'جب یہ ایجنٹ پوتن کے ساتھ بیرون ملک سرگرمیوں پر جاتے ہیں تو وہ خود کو چار گروپوں میں تقسیم کر لیتے ہیں جس میں پہلا گروپ ذاتی محافظوں پر مشتمل ہے جبکہ دوسرا حلقہ ان محافظوں پر مشتمل ہوتا ہے جن پر عوام کی

محافظ وکٹر زولوتوف کر رہے ہیں، جنھیں صدر کا وفادار سمجھا جاتا ہے۔ حالیہ برسوں میں اس سکیورٹی فورس میں فوجیوں کی تعداد میں تقریباً چار لاکھ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ہال کا کہنا ہے کہ یہ ایک بہت بڑی تعداد ہے۔ امریکی صدر کے

کی حفاظت کے لیے اہم سمجھا جانے والا ایک اور اقدام کریملن کے اندر سمارٹ فونز پر پابندی ہے۔ خود روسی صدر نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ ان آلات کو استعمال نہیں کرتے۔

2020 میں، روسی خبر رساں ایجنسی TASS کے ساتھ ایک انٹرویو میں، انھوں نے اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے مزید کہا تھا کہ اگر وہ کسی سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنے کے لیے ایک آفیشل لائن موجود ہوتی ہے۔ اس کا اعتراف ان کے مشیروں نے بھی کیا ہے۔ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے بارہا کہا ہے کہ پوتن موبائل فون استعمال نہیں کرتے کیونکہ ان کے پاس وقت نہیں ہے۔

لیکن سچ یہ ہے کہ پوتن ایسا اس لیے نہیں کرتے کیونکہ انھیں انٹرنیٹ پر بھروسہ نہیں ہے۔ ماضی میں پوتن نے اشارہ دیا ہے کہ انٹرنیٹ سی آئی اے پروجیکٹ ہے اور روسیوں پر زور دیا ہے کہ وہ گوگل سرچ استعمال نہ کریں۔ ان کا خیال ہے

توجہ نہیں جاتی۔'

'تیسرا حفاظتی دائرہ کسی بھی جگہ بھیڑ کے چاروں طرف قائم ہوتا ہے جو مشکوک لوگوں کو اس میں داخل ہونے سے روکتا اور چوتھا اور آخری دائرہ اردگرد کی عمارتوں کی چھتوں پر تعینات سنائپرز پر مشتمل ہوتا ہے۔' مارک گیلیوٹی ایک روسی سکیورٹی ماہر اور ملک میں سکیورٹی کے مسائل کا تجزیہ کرنے والی مایاک انٹیلیجنس نامی فرم کے ڈائریکٹر ہیں۔ بی بی سی منڈو سروس سے بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ 'پوتن کو ہیلی کاپٹر پسند نہیں، وہ عام طور پر موٹر سائیکل سواروں، کئی بڑی کالی کاروں وغیرہ کے ساتھ ایک بڑے قافلے میں سفر کرتے ہیں۔'

'اس کے لیے بعض اوقات فضائی حدود میں کسی بھی ڈرون کو اڑانے پر پابندیاں عائد کر دی جاتی ہیں اور ٹریفک روک دی جاتی ہے۔'

روسی صدارتی سکیورٹی سروس، یا SBP، روسی نیشنل گارڈ، کو کچھ لوگ صدر کی 'ذاتی فوج' کے

سکیورٹی یونٹ میں گارڈز کی تعداد اس تعداد کے قریب بھی نہیں آتی۔' یہ جاننا مشکل ہے کہ پوتن کی حفاظت کے لیے کس حد تک کچھ خاص اقدامات کیے جاتے ہیں، لیکن کریملن اور روسی سکیورٹی ماہرین نے اس معاملے پر کچھ روشنی ڈالی ہے۔

جس چیز کے بارے میں پوتن کا سکیورٹی حلقہ سب سے زیادہ سخت ہے، وہ ہے ان کا کھانا۔ مارک گیلیوٹی کے مطابق 'زہر کے خوف کی وجہ سے پوتن کا ایک ذاتی ایسا محافظ ہے جو صدر کے پاس آنے والی ہر کھانے کی چیز کو چیک کرتا ہے۔' انھوں نے بی بی سی منڈو کو بتایا کہ 'یہ انداز کسی جدید صدر سے زیادہ قرون وسطیٰ کے بادشاہ جیسا ہے۔' 'جب پوتن روس سے باہر سفر کرتے ہیں تو صدر کی ٹیم ہر اس چیز کا بھی معائنہ کرتی ہے جسے وہ استعمال کرتے ہیں۔' گیلیوٹی کے مطابق 'وہ تمام کھانے پینے کی چیزیں لیتے ہیں جو پوتن کھانے جا رہے ہیں، مثال کے طور پر، اگر کوئی آفیشل شیمپین ٹوسٹ ہے، تو پوتن اس بوتل سے شیمپین لیتے ہیں جو ان کی ٹیم لاتی ہے، دوسری بوتلوں سے نہیں۔' پوتن

کہ امریکی تمام معلومات کی نگرانی کرتے ہیں۔ گیلیوٹی کا کہنا ہے کہ 'پوتن مشکل سے انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، اور سب جانتے ہیں کہ انھیں فون پسند نہیں ہے۔ اور یہ ٹھیک ہے۔ پوتن بالکل درست کہتے ہیں۔ سمارٹ فونز زیادہ محفوظ نہیں ہیں۔' ماہرین کا کہنا ہے کہ پوتن کو تمام معلومات فائلوں کے ذریعے ان کے مشیر انھیں دیتے ہیں۔

ہال کا کہنا ہے کہ 'پوتن اپنے دن کا آغاز تین سکیورٹی بریفنگ کے ساتھ کرتے ہیں: ایک دنیا کے لیے، ایک روس میں جو کچھ ہو رہا ہے، اور ایک اشرافیہ کے اندر کیا ہو رہا ہے۔ ان کے لیے، یہ سب سے اہم معلومات ہیں اور یہ ان کے دن کا ایجنڈا طے کرتی ہیں۔' وہ کہتے ہیں کہ مجھے سفارت کاروں اور وزارت خارجہ کے اہلکاروں سے بات چیت یاد ہے۔' انھوں نے مجھے بتایا کہ اگر ان کے پاس ایسی معلومات ہیں جو انٹیلیجنس سروسز درست نہیں مانتی ہیں، تو پوتن سمجھتے ہیں کہ ان کے جاسوس درست ہیں اور سفارت کار غلط ہیں۔'

☆☆☆☆

ہیں۔ روس کے پاس کئی سکیورٹی سروسز ہیں، جن میں سے ایک خاص طور پر صدر اور ان کے خاندان کی حفاظت کے لیے وقف ہے۔ یہ روسی صدارتی سکیورٹی سروس، یا ایس بی پی کے طور پر جانی جاتی ہے۔

یہ روس کی فیڈرل سکیورٹی سروس کو رپورٹ کرتا ہے، جو روس کی انٹیلیجنس ایجنسی کے جی بی سے تشکیل دیا گیا تھا۔ سیاہ سوٹ میں ملبوس اور ایئرفون پہنے ہوئے، SBP کے گارڈز سائے کی طرح 24 گھنٹے پوتن کے ساتھ رہتے ہیں۔ روس کے سرکاری میڈیا رشیا ٹوڈے کے

طور پر بیان کرتے ہیں۔ یہ روسی مسلح افواج سے الگ ہے، حالانکہ اس کا سرکاری مشن روسی سرحدوں کو محفوظ بنانا، دہشت گردی سے لڑنا اور عوامی امن و امان کی حفاظت کرنا ہے۔ عملی طور پر اس کا سب سے اہم کام پوتن کو خطرات سے بچانا ہے۔ سٹیفن ہال، جو برطانیہ کی یونیورسٹی آف باتھ کے ایک روسی ماہر تعلیم ہیں، نے بی بی سی منڈو سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ 'ہر کوئی جانتا ہے کہ روسی نیشنل گارڈ پوتن کی ذاتی محافظ ہے۔'

نیشنل گارڈ کی قیادت اس وقت پوتن کے سابق

گندم درآمد کرنے کے لیے انتظامات مکمل

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے صوبوں کی طلب کے مطابق گندم کی درآمد کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گندم کی پہلی کھیپ رواں ماہ کے اختتام سے قبل کراچی پہنچ جائے گی۔ حیرت ہے کہ ہم ایک زرعی ملک ہیں، ہماری زمینیں زرخیز ہیں، کسان محنتی ہیں اور گندم پیدا کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے لیکن اس کے باوجود ہمیں گندم درآمد کرنا پڑ رہی ہے۔ آخر کیوں؟ کیا ہماری زمینوں نے گندم اگانا چھوڑ دی ہے یا کسانوں نے محنت سے ہاتھ کھینچ لیا ہے؟ ایسا ہرگز نہیں۔ اصل مسئلہ حکومتی پالیسیوں اور اشرافیہ پروری کا ہے۔ ہمارے ہاں کسان کی خوشحالی سے زیادہ اشرافیہ کے مفادات کا خیال رکھنے کی شکایت عام ہے۔ کسان مہنگی بجلی، کھاد، ڈیزل، بیج اور زرعی ادویہ کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ اسے نہ مناسب ریلیف ملتا ہے اور نہ ہی فصل کی معقول قیمت کی ضمانت دی جاتی ہے جبکہ دوسری طرف اشرافیہ کے لیے سہولتوں کے دروازے بروقت کھلے رہتے ہیں۔ گندم اور چینی کی برآمد و درآمد کا معاملہ بھی اسی اشرافیہ پروری کے الزامات کی زد میں رہتا ہے۔ کبھی بتایا جاتا ہے کہ ملک میں گندم یا چینی ضرورت سے زیادہ پیدا ہوگئی ہے، لہٰذا اسے برآمد کرنا ضروری ہے۔ پھر کچھ عرصہ گزرتا ہے تو اچانک قلت کا شور مچ جاتا ہے اور وہی جنس بیرون ملک سے درآمد کرنے کی تیاریاں شروع ہو جاتی ہیں۔ اس سارے کھیل میں فائدہ کس کو پہنچتا ہے اور نقصان کس کے حصے میں آتا ہے؟ عوام مہنگائی بھگتتے ہیں، کسان اپنی محنت کا مناسب معاوضہ نہ ملنے کا رونا روتے ہیں لیکن اشرافیہ کے مفادات پر کبھی زد نہیں پڑتی۔ دنیا میں شاید ہی کہیں زرعی اجناس کے معاملے میں ایسی متضاد پالیسیوں کا تماشا دیکھنے کو ملتا ہو۔ ہمارے ہاں تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے زرعی پالیسی کسانوں کے لیے نہیں بلکہ اشرافیہ کی سہولت کے لیے بنائی جاتی ہے۔ اسحاق ڈار گندم کی درآمد کے انتظامات مکمل ہونے پر اطمینان ضرور ظاہر کریں لیکن یہ کوئی ایسا اعزاز نہیں جسے حکومت اپنے سینے پر تمغے کی طرح سجائے۔ اصل اعزاز تو یہ ہوگا کہ کسان خوشحال ہو، گندم ملکی ضرورت کے مطابق پیدا ہو اور عوام کو سستا آٹا ملے۔ زرعی ملک کا گندم درآمد کرنا قابل فخر کارنامہ نہیں بلکہ ہماری زرعی منصوبہ بندی اور اشرافیہ نواز پالیسیوں پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔

بڑھتی ہوئی آبادی اور انتظامی اصلاحات

خالد بیگ

[illegible]

عرب کے آسمان پر موت کا رقص!

محمد اکرم چوہدری

[illegible]

بالادست پارلیمان کے بے بس اکابرین

جاوید احمد

[illegible]

عسکری دفاع کی اہمیت

رابعہ رحمان

[illegible]

نظریات کے بیچ سرگرداں قوم

دیوان زاد

[illegible]

سلک روٹ پر

مسرت قیوم

[illegible]

ملفوظات واڈا اور 44 چاند

عبداللہ طارق سہیل

[illegible]

بقیہ 1

عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافہ اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ہفتہ وار جاری ہونے والے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 2

سپلائی بند ہے اور آٹے کی قیمت روز بروز بڑھتی جارہی ہے اس کے علاوہ بجلی کی قیمت میں اضافہ اور لیبر کے بڑھتے ہوئے اخراجات بھی مہنگائی کا سبب بن رہے ہیں۔ چھ ماہ قبل گندم کی نئی فصل آنے کے باوجود کوئٹہ اور بلوچستان میں اس سال آٹے کی قیمت کم ہونے کی بجائے روز بروز بڑھتی جارہی ہے دوسرے صوبوں سے گندم کی دوسرے اضلاع میں فراہمی پر پابندی کی وجہ سے بلوچستان میں گندم نہیں آرہی اور صوبائی حکومت نے بھی گندم نہیں خریدی جس کی وجہ سے کوئٹہ میں پہلے 20 کلو آٹے کا تھیلا 2800 روپے میں مل رہا تھا جو اب 3200 روپے میں مل رہا ہے اسی طرح 50 کلو آٹے کی بوری 6000 روپے میں اب 8000 روپے میں اسی طرح 100 کلو بوری 12 سے 13 ہزار روپے میں اب 16 ہزار روپے میں مل رہی ہے اسی طرح چکی کا آٹا جو پہلے 5 کلو 800 روپے میں مل رہا تھا اب 950 روپے میں مل رہا ہے۔ایک ماہ قبل کوئٹہ میں آٹا فی کلو 150 سے 155 روپے فی کلو فروخت ہورہا تھا اب 165 سے 175 روپے فی کلو میں فروخت ہورہا ہے۔آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے سابق صدر سید ناصر آغا نے بتایا ہے کہ فلور ملز اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں گندم خرید کر شہریوں کو آٹا فراہم کررہے ہیں 100 کلو کی بوری پر 2 سے ڈھائی ہزار روپے خرچہ آتا ہے جس میں بڑھتی ہوئی بجلی کی قیمت اور لیبر کے اخراجات کی وجہ سے قیمت بڑھ رہی ہے۔ حکومت کی جانب سے فلور ملوں کو سرکاری گندم کی فراہمی کیلئے کوئی پالیسی نہیں اس وقت بھی صوبائی اور وفاقی حکومت کی جانب سے فلور ملز کو ایک بوری گندم بھی نہیں دی جارہی۔ فلور ملز اوپن مارکیٹ سے گندم خرید کر یا جو ان کے پاس تھوڑی بہت گندم ہے اسی کی پسائی کرکے آٹا فروخت کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے گندم کی فراہمی کیلئے کوئی اقدامات نہ اٹھائے تو کوئٹہ میں آٹے کی قیمت مزید بڑھ جائے گی جو شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہوگی۔

بقیہ 3

کمار نے انکشاف کیا کہ ایم پی اے ہاسٹل میں منتخب اراکین اسمبلی کے بجائے دیگر غیرمتعلقہ افراد کمروں پر قابض اور قیام پذیر ہیں۔ انہوں نے مزید نشاندہی کی کہ ہاسٹل کے احاطے میں غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیاں بھی کھڑی کی جاتی ہیں، جو ہاسٹل کی انتظامیہ اور سکیورٹی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔انہوں نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے استدعا کی کہ وہ ایم پی اے ہاسٹل کا سرپرائز دورہ کرکے صورتحال کا خود جائزہ لیں اور غیر قانونی قیام و گاڑیوں کے خلاف سخت اقدامات کرنے کے لئے ہدایت جاری کریں۔

بقیہ 4

ورثاء کے حوالے کرکے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرکے اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 5

کرنا بلوچیت نہیں، بلکہ ایسے اقدامات سے عام شہریوں کو معاشی نقصان پہنچ رہا ہے۔ مجید نے الزام عائد کیا کہ یہ عناصر بھارت کے آلہ کار ہیں اور انہیں عوام کے حقوق سے کوئی سروکار نہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر یہ عناصر غریب اور بے بس لوگوں کو نشانہ بنانے تک محدود رہیں گے تو انہیں ہتھیار ڈال دینے چاہئیں۔ مشیر کھیل نے کہا کہ بلوچستان کے حالات بہتر بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ وہ دہشت گردوں کی سہولت کاری سے گریز کریں اور مظلوم بلوچ شہریوں کا ساتھ دیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بلوچ قوم اب ان عناصر سے خوف زدہ نہیں ہوگی اور عوام کے تحفظ، امن کے قیام اور صوبے کے حالات بہتر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔

بقیہ 6

جاتے ہیں، لوکل بسیں بند ہونے سے انہیں مشکلات کا سامنا ہے وہ رکشوں کے کرائے ادا نہیں کرسکتے، لوکل بسوں کی بندش کے خلاف گزشتہ دنوں طلباء و طالبات نے احتجاج بھی کیا تھا۔انہوں نے استدعا کی کہ بروری روڈ، سریاب روڈ اور ملحقہ علاقوں کے لئے گرین بسیں شروع کی جائیں۔ پیپلز پارٹی کے رکن میر عبید گورگیج نے ان کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ اس مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے جس پر اسپیکر کیپٹن عبدالخالق اچکزئی نے ہدایت کی اراکین اس معاملے پر قرارداد لائیں۔

بقیہ 7

نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایک ہی سیاسی جماعت طویل عرصے سے مسلسل برسراقتدار چلی آرہی ہے، تو پھر ان کی حکومت نے اسکولوں کی عمارتوں کی حالت زار کا بروقت جائزہ کیوں نہیں لیا؟انہوں نے کہا کہ بچوں کی جانوں سے کھیلنے والی غفلت کے مرتکب عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے تاکہ مستقبل میں تعلیمی اداروں میں اس قسم کے حادثات سے بچا جاسکے۔

بقیہ 8

انہوں نے کہا کہ ضلع پشین میں زیرزمین پانی کی سطح روز بروز خطرناک حد تک مسلسل گررہی ہے۔ پانی کی شدید قلت کے باعث پشین میں انار، سیب، انگور اور دیگر قیمتی پھلوں کے باغات بری طرح متاثر ہورہے ہیں، جس سے مقامی زمینداروں کو کروڑوں روپے کا معاشی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ موجودہ ڈیموں کی فوری مرمت و صفائی کی جائے، نئے ڈیموں اور چھوٹے آبی ذخائر کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے تاکہ زمینداروں کے احتجاج اور معاشی تباہی کا تدارک ممکن ہوسکے۔قرارداد پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ حکومت زیر زمین پانی کی سطح برقرار رکھنے کے لیے کوشاں ہے، تاہم صوبے بھر میں پانی کی صورتحال دن بہ دن سنگین ہورہی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ڈیمز کی تعمیر کے لیے وفاقی حکومت نے فنڈز کی فراہمی سے صاف انکار کردیا ہے، حالانکہ ڈیموں کے قیام کرنے کی تمام تر ذمہ داری اور فنڈنگ وفاق کے سپرد ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں حقائق بولنا جرم بن چکا ہے، جبکہ ایک طرف 35 لاکھ بچے تعلیم سے محروم ہیں جن کی تعلیم اور تعلیم پر توجہ دینا ناگزیر ہے اور دوسری جانب آبی وسائل کو محفوظ بنانا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ زیر زمین پانی کی سطح گرنا پورے بلوچستان کے لیے شدید لمحہ فکریہ بن چکا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ٹیوب ویلوں کے غیرمحدود سولر نظام نے زیرزمین پانی کے ذخائر کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔انہوں نے انتباہ کیا کہ اگر پانی کے بے دردی سے استعمال اور بلاحساب اخراج کو فوراً نہ روکا گیا تو ہم اپنی آنے والی نسلوں کا حصہ بھی آج ہی ختم کردیں گے۔

بقیہ 9

کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں، تاکہ مستحق مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کرکے ان کی مشکلات میں کمی لائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بیماری اور مالی مشکلات سے دوچار خاندانوں کی مدد کرنا انسانیت کی خدمت ہے۔ غریب اور مستحق افراد کو علاج معالجے کے لیے درپیش مشکلات کا احساس کرتے ہوئے ان کی مدد کے لیے ہر ممکن کوشش کرنا ہمارا فرض ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ وسائل کی کمی کے باعث کوئی بھی مستحق مریض علاج سے محروم نہ رہے اور ضرورت مند افراد کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے مزید کہا کہ عوام کی خدمت محض دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات، احساس ذمہ داری اور دکھی انسانیت کے ساتھ ہمدردی سے کی جاتی ہے۔ عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا، مشکل وقت میں ان کا سہارا بننا اور مستحق خاندانوں کی مشکلات کم کرنے کے لیے اقدامات کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں عوام کی خدمت کا جو موقع فراہم کیا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ ہم بلاامتیاز غریب، نادار اور مستحق افراد کی مدد کریں۔ ہماری دلی خواہش ہے کہ بیمار افراد کو صحت یابی کے مواقع میسر آئیں، ان کے خاندانوں کی پریشانیوں میں کمی ہو اور معاشرے میں خدمت خلق کے جذبے کو فروغ ملے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود، صحت کی سہولیات کی فراہمی اور غریب و مستحق افراد کی مدد کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت ہی حقیقی معنوں میں عوامی خدمت ہے۔

بقیہ 10

برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ صرف خوراک کی دستیابی کا نام نہیں، بلکہ ہر فرد کی محفوظ، معیاری اور غذائیت سے بھرپور غذا تک رسائی کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین کی صحت اور غذائیت بہتر بنائے بغیر آنے والی نسلوں کی صحت مند نشوونما ممکن نہیں، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ماں اور بچے کی مناسب غذائیت ایک صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین میں غذائیت سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور انہیں صحت مند خوراک کے انتخاب کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے سرکاری اداروں، سول سوسائٹی اور متعلقہ شراکت داروں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی عالمی یوم خوراک 2026 کا عنوان "آج جدت، کل غذائیت" جدید، مؤثر اور پائیدار غذائی و زرعی نظام کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت اور غذائی عدم تحفظ جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پائیدار زرعی طریقوں کا فروغ ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خوراک کا ضیاع روکنا اور دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے خواتین کی آگاہی، سہولیات اور وسائل تک بہتر رسائی فراہم کرنا ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے متوازن غذا کی فراہمی اور غذائی قلت کی بروقت روک تھام ناگزیر ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں افسران اور صاحب استطاعت افراد اپنے اردگرد موجود ضرورت مند خاندانوں کی خوراک کا خیال رکھیں اور بھوک کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی اپیل ہم ایک ایسے معاشرے کے قیام کے لیے پرعزم ہیں جہاں خواتین، بچوں اور ہر ضرورت مند فرد کو مناسب اور غذائیت سے بھرپور خوراک میسر ہو۔

بقیہ 11

میں 77 امیدوار کامیاب ہوئے ہیں یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پولیس زیارت میں بھرتی کے لیے نگران کمیٹی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے بتائی پولیس ترجمان کے مطابق زیارت میں بھرتیوں کے لیے 16 اکتوبر 2026 کو 98 امیدواروں نے کاغذات جمع کرائے جن کی جانچ پڑتال قد و چھاتی کی پیمائش میں 77 امیدوار کامیاب ہوئے۔ایڈیشنل آئی جی پولیس آپریشنز و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی شہزادہ اکبر کی نگرانی میں بھرتی کا عمل جاری ہے۔ بھرتی کے تیسرے مرحلے میں امیدواروں کی دوڑ، جبکہ چوتھے مرحلے میں تحریری امتحان ہوگا آخری مرحلے میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویو لیے جائیں گے۔ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے ممبران اے آئی جی ڈویلپمنٹ احمد سلطان، ایس پی زیارت عبدالمالک درانی اور لیفٹیننٹ کرنل ایف سی کی نگرانی میں بھرتی کے مختلف مراحل مکمل کیے جا رہے ہیں جبکہ بھرتی کا عمل مقررہ معیار اور ضابطہ کار کے تحت جاری ہے۔

بقیہ 12

مولانا ہدایت الرحمن نے صوبے کے انتظامی ڈھانچے اور افسرشاہی کے رویے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔انہوں نے ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت واضح کرے کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر کیا اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مثال دی کہ گوادر کے ایک پرائمری اسکول کو مڈل کا درجہ دیے جانے کے باوجود وہاں پانچ سال سے زائد کا عرصہ گزر گیا [illegible] ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر کا نظام اس قدر ابتر ہوچکا ہے کہ وہاں عام عوام کے ساتھ ساتھ منتخب اراکین اسمبلی (ایم پی ایز) کو بھی شدید خواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری دفاتر کی کارکردگی اور عوامی رویوں کے حوالے سے باقاعدہ سروے کرایا جائے۔ توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایوان میں موقف اپنایا کہ انہوں نے توجہ دلاؤ نوٹس لے لیا ہے، جس کے بعد اسپیکر نے کارروائی کو نمٹا دیا۔

بقیہ 13

ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے لیے ضروری ہے کہ ہر خاندان کو مناسب قیمت پر معیاری خوراک دستیاب ہو۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زرعی صلاحیت اور محنتی کسانوں کی موجودگی بہتری کی مضبوط بنیاد ہے۔کسانوں کو بروقت سہولتیں، پانی کے مؤثر استعمال، خوراک کے محفوظ ذخیرے اور منڈیوں تک بہتر رسائی کے ذریعے غذائی تحفظ میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت کے ساتھ مل کر ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جو زیادہ مستحق خاندانوں، بچوں اور حاملہ خواتین کی غذائی ضروریات پر خصوصی توجہ دی جائے۔ بلوچستان اور دیگر پسماندہ علاقوں میں غذائی معاونت، صاف پانی اور بنیادی صحت کی سہولتوں کو مربوط انداز میں فراہم کرنا ضروری ہے۔انہوں نے تجویز دی کہ وفاق اور صوبے غذائی قلت میں کمی کے واضح اہداف مقرر کریں اور پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیں۔ حکومت، نجی شعبے اور فلاحی اداروں کی مشترکہ کوششوں سے اس چیلنج پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ صحت مند بچے ہی پاکستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 14

جماعت کے باون فیصد بچے فیل ہوگئے، صوبہ کی وزیراعلیٰ بیٹی کی گریجوایشن تقریب کے لیے گیارہ ارب کے سرکاری جہاز میں لندن گئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گجرات میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر ضلع انصر دھول ایڈووکیٹ، صدر الخدمت پنجاب شمالی محمد رضوان ودیگر نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔امیر جماعت اسلامی نے گریجوایشن کرنے والے طلبا و طالبات میں اسناد تقسیم کیں اور انہیں مبارکباد دی۔

بقیہ 15

انتہائی بے دردی سے قتل کیا گیا، جبکہ اسماعیل جتک کے ساتھ پیش آنے والے ظلم اور ناانصافی پر آج پورا بلوچستان شرمندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کے خلاف سچ بولنا اور حق کی آواز اٹھانا ہمارے لیے جرم بنادیا جاتا ہے، لیکن ہم کسی ظالم سردار یا نواب کے خوف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔میر علی مدد جتک نے صریح الفاظ میں کہا کہ صوبے کے ظالم نواب اور سردار عوام کے خیرخواہ نہیں ہیں، ان لوگوں نے اپنی نجی جیلیں قائم کررکھی ہیں جہاں مظلوموں پر تشدد کیا جاتا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اور عوام ہمیشہ صوبے کے مظلوم طبقات کے ساتھ کھڑے رہیں گے اور ظالم عناصر کو ان کے کیے کی سزا دلوانے کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 16

وراثت سے محروم کرنا درست نہیں، بیٹی، بہن، بیوی اور والدہ سمیت تمام مستحق خواتین کو وراثت میں شرعی حق دینا ضروری ہے، وراثت کے معاملات قرآن و سنت کے مطابق حل کیے جائیں، ذاتی خواہشات کو شرعی احکامات پر ترجیح نہ دی جائے۔ قرآن و سنت کی روشنی میں وراثت کی منصفانہ تقسیم ہر مسلمان کی شرعی ذمہ داری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ خاندانوں میں جائیداد کی تقسیم کے تنازعات سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ وراثت کی تقسیم شرعی اصولوں کے مطابق کی جائے اور تمام مستحق ورثا کو ان کے حقوق فراہم کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ معاشرے میں وراثت سے متعلق اسلامی احکامات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ خواتین سمیت تمام ورثا کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے اور خاندانوں میں ناانصافی، اختلافات اور تنازعات کا خاتمہ ہو۔

بقیہ 17

مراحل پر کام جاری ہے۔ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے ہدایت کی کہ سیف سٹی پراجیکٹ کے باقی ماندہ مراحل کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ منصوبے کو مکمل طور پر فعال بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور نگرانی کے مؤثر نظام کے ذریعے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹلائزیشن کا دور ہے، جہاں سرکاری امور اور خدمات کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مزید مؤثر اور آسان بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں میں ڈیجیٹل نظام کے فروغ سے نہ صرف دفتری امور میں شفافیت اور تیزی لائی جاسکتی ہے بلکہ عوام کو بھی بہتر اور سہل سہولیات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت کے پیش نظر سرکاری خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن، جدید آئی ٹی نظام کے نفاذ اور محکموں کے درمیان ڈیجیٹل رابطہ کاری کو مزید بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ عوام کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروقت اور آسان خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 18

وابستہ ماہرین نے شرکت کرکے سیاحت کے فروغ کے امکانات، درپیش چیلنجز اور مستقبل کی حکمت عملی پر اظہار خیال کیا مقررین نے کہا کہ گوادر اپنے دلکش ساحلوں، منفرد ثقافت، سمندری ورثے، مقامی روایات اور مہمان نوازی کے باعث سیاحت کے شعبے میں غیرمعمولی صلاحیت رکھتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان قدرتی اور ثقافتی وسائل کو مؤثر انداز میں متعارف کرایا جائے اور نوجوانوں کو سیاحت کے فروغ کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور استفادے کی ترغیب دی جائے۔ سیشن کے دوران منعقدہ پینل ڈسکشن میں مرتسم اقبال، ای کامرس ایکسپرٹ اور فیکلٹی ممبر، شعیب ? ای کامرس، پی سی ڈی وی آئی، جامعہ گوادر، زلیخا طارق، ٹورازم اسپیشلسٹ، زہرہ خلیل، انٹرپرینیور اور عائشہ مراد بخش، ٹورازم اسپیشلسٹ نے شرکت کی، جبکہ گراں ناز ہوت نے پینل ڈسکشن کی میزبانی اور نظامت کے فرائض انجام دیے پینل ڈسکشن میں اس امر پر روشنی ڈالی گئی کہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، سوشل میڈیا، فوٹوگرافی اور ویڈیو مواد کے ذریعے گوادر کے ساحلی مقامات، قدرتی مناظر، تاریخی ورثے اور ثقافتی روایات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مؤثر انداز میں متعارف کرایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 19

پیش کیں عوام نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے حوالے سے بھی اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ شرکاء نے شکایت کی کہ ضلع موسیٰ خیل میں BSDI منصوبوں کو صرف دو تحصیلوں تک محدود رکھا گیا ہے، جبکہ دیگر علاقوں کو ترقیاتی منصوبوں سے محروم رکھا جارہا ہے۔ عوام نیا سکیمات کی تقسیم میں مبینہ جانبداری اور سفارشی بنیادوں پر منصوبوں کے انتخاب کے حوالے سے بھی کمشنر لورالائی ڈویژن کو آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری ضرورت، آبادی، پسماندگی اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے شفاف بنیادوں پر کی جائے کمشنر ولی محمد بڑیچ نے عوامی شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بلاامتیاز تمام علاقوں تک پہنچانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا کھلی کچہری میں بعض ایسے مریض بھی شریک ہوئے جو مختلف موذی امراض میں مبتلا تھے۔

بقیہ 20

ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں گے اور پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان بھر میں مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ میر ریاض شاہوانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کی ہے اور عوام کے حقوق کے لئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز بلند کی اور کبھی بھی عوام کے حقوق پر سودا بازی نہیں کی یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے جسے عوام کے دلوں سے نکالنا کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عام انتخابات کے دوران کارکنوں کی دن رات محنت کی بدولت پاکستان پیپلز پارٹی ایک بڑی پارلیمانی جماعت بن کر سامنے آئی اور صوبے میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت قائم کی۔انہوں نے کہا کہ مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے انتخابات کے دوران عوام سے جو وعدے کئے گئے تھے انہیں ہرصورت پورا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے بلاول بھٹو زرداری، صدر مملکت آصف علی زرداری اور فریال تالپور کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں اور پارٹی کی فعالیت میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 21

ہے جہاں روڈ اور مائنز حادثات روز کا معمول ہے انہوں نے کہا انہوں نے پولیس کو بھی سختی سے ہدایت کی ہے کہ ٹریفک قوانین پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں بالخصوص مزدا ٹرکس کی تیز رفتاری اور لوڈنگ ویگنوں کے چھت پر سواریاں بیٹھانے والے ڈرائیورز کے خلاف فوراً کارروائی کی جائے تاکہ حادثات کو روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع نہ ہو انہوں نے ایم ایس سول ہسپتال مچھ کو ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضریاں اسی طرح یقینی بنائی جائیں تاکہ کسی بھی ناگہانی آفت اور حادثے کے شکار زخمیوں کو بروقت طبی امداد پہنچائی جاسکے اور علاج معالجہ کی سہولت بہم پہنچائی جاسکے اس موقع پر اے سی مچھ سردار زادہ میر لیاقت علی جتوئی ڈاکٹر شاہد محمود پریس کلب مچھ کے صدر سرور تالپور سیکریٹری جنرل عمران سمالانی گے اور غلام اللہ عبدالستار کھیازئی طالب حسین تالپور و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 22

کو بھی ادویات فراہم کی گئیں۔ڈی ایچ او خضدار نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی وقت کسی بھی مریض کی کال آئے تو فوری طور پر رسپانس کرکے فرسٹ ایڈ اور ٹرانسپورٹ کی سہولت کو یقینی بنایا جائیہ مرکز 24 گھنٹے عوام کی خدمت کے لیے فعال ہے۔شہر کے اندر اور 12 کلومیٹر کے احاطے میں اگر کسی کو سردرد، بخار، جسمانی تکلیف یا ڈیلیوری کیس جیسی ایمرجنسی ہو تو فوراً 1122 پر کال کریں۔کال پر ایمبولینس عملے کے ہمراہ گھر پہنچتی ہے، موقع پر فرسٹ ایڈ دی جاتی ہے اور اگر مسئلہ سنگین ہو تو مریض کو قریبی مرکز صحت منتقل کیا جاتا ہے۔

بقیہ 23

کارروائی کرتے ہوئے کرایہ داری ایکٹ میں مفرور ملزم عبدالرزاق کو گرفتار کرلیا۔ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 24

خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ گیس انتظامیہ کی جانب سے کوئٹہ شہر کے لئے گیس کی فراہمی کا شیڈول جاری کیا گیا لیکن اس پر بھی عملدرآمد ہوتا ہوا نظر نہیں آتا ہے جب گیس چلانے کیلئے چولہا جلایا جاتا ہے تو آدھا آدھا گھنٹہ گیس کی بجائے پائپ لائنوں میں ہوا آتی ہے جس سے صارفین کو نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گیس پریشر میں کمی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کوئٹہ شہر کو بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور گیس پائپ لائنوں میں گیس کی بجائے ہوا آنے کی شکایات کا ازالہ کیا جائے بصورت دیگر عوام کے ساتھ ملکر احتجاج کا راستہ اپنائیں گے۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ کوئٹہ شہر دارالحکومت ہونے کے باوجود مسائل کا گڑھ بن چکا ہے شہر میں 12 سے 14 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، جس سے عوام کی زندگی اجیرن ہوکر رہ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف گیس اور بجلی آتی نہیں ہے تو دوسری طرف عوام کو بھاری بل بھجوائے جارہے ہیں جنہیں جمع کرانے کی وہ استعداد نہیں رکھتے۔انہوں نے وزیراعظم پاکستان، چیف جسٹس آف پاکستان اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے اپیل کی کہ وہ کوئٹہ شہر میں گیس اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بھاری بل بھجوانے کا نوٹس لیتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے فوری اقدامات کے احکامات جاری کریں۔

بقیہ 25

زمینی حقائق، دستیاب وسائل اور مقامی ضروریات سے مطابقت رکھتے ہوں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بانو شاہین اقدام کے تحت منعقدہ نیشنل یوتھ سلوشن سپرنٹ 2026 کے دوسرے مرحلے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارا مقصد نوجوانوں کو مسائل کا شکوہ کرنے والا نہیں بلکہ ان کا حل پیش کرنے والا بنانا ہے، کیونکہ کسی بھی مسئلے کا پائیدار حل تلاش کرنے کے لیے اس کی بنیادی وجوہات کو سمجھنا اور ان کے تدارک کے لیے عملی اقدامات کرنا ضروری ہے۔مقابلے کے دوسرے مرحلے میں طلبہ کی ٹیموں نے منشیات کے استعمال، آبادی میں اضافے، صاف پانی اور صفائی کی سہولیات کی فراہمی، اسکولوں سے باہر بچوں اور غذائی قلت جیسے اہم معاشرتی مسائل پر غور کیا۔ٹیم سربراہوں نے ہر مسئلے سے متعلق بنیادی چیلنجز کی نشاندہی کرتے ہوئے ایسے عملی اقدامات اور تجاویز پیش کیں جن پر اپنی اپنی برادریوں اور مقامی آبادیوں میں عمل درآمد کے ذریعے مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ کامیابی صرف تجاویز پیش کرنے میں نہیں بلکہ انہیں عملی جامہ پہنانے اور ان کے نتائج حاصل کرنے میں ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو فنی علم کے ساتھ ابلاغ، قیادت اور زندگی کی دیگر بنیادی مہارتوں سے بھی آراستہ کرنا ضروری ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو موثر انداز میں بروئے کار لا سکیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ نوجوانوں کو طالب علمی ہی سے قومی مسائل کے حل اور ملک کی تعمیر وترقی کے عمل میں شریک ہونا چاہیے۔ حکومت نوجوانوں میں ایسی قیادت پروان چڑھانا چاہتی ہے جو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال ہونے کے بجائے پاکستان کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے مثبت کردار ادا کرے۔ نیشنل یوتھ سلوشن سپرنٹ کا مقصد نوجوانوں کو مسائل کی نشاندہی، حل کی تیاری اور عملی اقدامات کے لیے ضروری رہنمائی، طریق کار اور مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس اقدام کے تحت ماہانہ اختراعی سرگرمیوں، فکری مکالموں، پالیسی سے متعلق عملی نشستوں اور نئے منصوبوں کی پیش کش کے ذریعے نوجوانوں کو ماہرین سے تبادلہ خیال، اپنے خیالات کو آزمانے اور قابل عمل تجاویز مرتب کرنے کے مسلسل مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 26

پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اور تحقیق سرگرمیوں کے حوالے سے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے رہنما اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ تعلیم اور تحقیق محض ڈگری کے حصول تک محدود نہیں ہونی چاہیے، بلکہ تحقیقی نتائج کے ثمرات سے قوم و معاشرے کو عملی طور پر مستفید ہونا چاہیے۔انہوں نے اسکالرز پر زور دیا کہ وہ ایسے جدید علوم اور موضوعات پر تحقیق کو ترجیح دیں جو مقامی اور قومی سطح پر کمیونٹی کے مسائل کے حل میں معاون ثابت ہوں۔ وائس چانسلر نے اساتذہ اور محققین سے کہا کہ وہ قومی و بین الاقوامی ریسرچ گرانٹس بالخصوص ایچ ای سی کے نیشنل ریسرچ پروگرام فار یونیورسٹیز (NRPU) کے تحت تحقیقی منصوبے حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کریں تاکہ جامعہ میں ایک مضبوط، پائیدار اور معیاری تحقیقی کلچر کو فروغ دیا جاسکے۔ اجلاس کے اختتام پر وائس چانسلر نے جامعہ تربت میں معیاری تحقیق کے فروغ کے لیے اساتذہ، اسکالرز اور ڈائریکٹوریٹ آف گریجویٹ اسٹڈیز کی انتھک کاوشوں اور لگن کو سراہا۔

بقیہ 27

عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا کہ پاکستان کروڑوں عوام کی امانت ہے اور ملک کے مستقبل کے فیصلے بند کمروں میں نہیں بلکہ آئین، پارلیمان اور عوامی مینڈیٹ کی روشنی میں ہونے چاہئیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ جمہوریت محض اقتدار حاصل کرنے کا نعرہ نہیں، بلکہ آئین کی پاسداری، قانون کی حکمرانی، اختلاف رائے کے احترام اور عوامی حقوق کے تحفظ کا نام ہے۔ جب اصولوں کی جگہ مفاد پرستی، قانون کی جگہ طاقت اور عوامی رائے کی جگہ من پسند فیصلے لے لیں تو ریاست پر اعتماد اور جمہوری نظام کی ساکھ متاثر ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی سیاسی بے یقینی، معاشی بدحالی، مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی اس بات کی علامت ہیں کہ عوامی مسائل کے حل کے بجائے اقتدار کی رسہ کشی کو ترجیح دی جارہی ہے۔ عوام کے حق حکمرانی کو دبانے، آئینی حدود سے تجاوز کرنے اور سیاسی مخالفین کو دیوار سے لگانے کی پالیسیاں ملک کو استحکام کے بجائے مزید انتشار کی طرف لے جائیں گی۔ جے یو آئی کوئٹہ کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تمام ریاستی ادارے اپنی متعین آئینی حدود میں رہتے ہوئے فرائض انجام دیں، پارلیمان کی بالادستی تسلیم کی جائے، عوام کے حقیقی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے اور سیاسی انجینئرنگ کے بجائے آزادانہ جمہوری عمل کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے حکمران طبقے پر زور دیا کہ وہ اقتدار کے تحفظ کی سیاست سے نکل کر عوامی مشکلات کے حل پر توجہ دے اور مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، بدعنوانی اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے خاتمے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر آئین و قانون کو ذاتی خواہشات کے تابع بنانے کا سلسلہ جاری رہا تو عوامی بے چینی میں اضافے اور جمہوری نظام پر اعتماد کے مزید زوال کی ذمہ داری متعلقہ قوتوں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 28

مراکز صحت کی صورتحال اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈرگ کنٹرولر نے رواں ماہ کے دوران کی جانے والی کارروائیوں، خصوصاً غیر رجسٹرڈ ادویات اور کھلے دودھ کے خلاف اقدامات، ضبط شدہ دودھ اور دیگر کارروائیوں سے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ویسٹ اخلاق احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام مراکز صحت میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔اجلاس میں صحت کی سہولیات کی نگرانی بہتر بنانے اور عوام کو بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 29

مزید سہولیات کی ضرورت ہے، جن میں خصوصاً ٹریڈمل مشینیں، ایکسرسائز سائیکلیں اور سی سی ٹی وی کیمرے شامل ہیں، جبکہ کلب کی عمارت کی مرمت، رنگ و روغن اور تزئین و آرائش بھی ناگزیر ہے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کہداتی نے ہدایت کی کہ جیم کلب کی عمارت کی ضروری مرمت و بحالی کو BSDI فیز فور میں شامل کرنے کے لیے پی سی ون تیار کیا جائے اور منصوبے کو باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے عمارت کی رنگ و روغن اور تزئین و آرائش کے لیے بھی ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی تاکہ نوجوانوں کو بہتر اور سازگار ماحول فراہم کیا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔جیم کلب نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، جسمانی فٹنس برقرار رکھنے اور تن سازی کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی سے انہیں اپنی صلاحیتیں مثبت سرگرمیوں میں بروئے کار لانے کے مواقع ملیں گے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جیم کلب کی ضروریات کا جائزہ لے کر مشینری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت عمارت کی بہتری کے اقدامات کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈی سی میں نوجوانوں کے لیے کھیلوں اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے گا تاکہ انہیں بہتر اور مثبت ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 30

معاملے میں والدین کو سکولز مالکان سے دست گریبان کرنے کی کوشش کی اور کافی حد تک مسائل پیدا کیے۔اس کے خلاف نجی سکولز کی جانب سے سخت ردعمل کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ اگرچہ ڈپٹی کمشنر کا نجی سکولز کے رجسٹریشن یا ریگولیشن سے کوئی کام نہیں نہ ہی رجسٹریشن اتھارٹی کا اختیار ڈی سی کے پاس انتظامی امور سے متعلق ذمہ داری اور اختیار ہے۔ کھلی کچہری میں کسی نے شکایت کی اور ڈی سی طیش میں آیا۔حالانکہ ریگولیٹری اتھارٹی ایکٹ میں صرف انتظامی امور سے متعلق اختیار رکھتے ہیں۔اس کے بعد نجی سکولز مالکان نے بات کو سوشل میڈیا پر اچھالا کر خود والدین کو موقع دیا کہ وہ سکولز کے خلاف منفی طرز عمل اپنائے۔اس مسئلے پر صرف ڈپٹی کمشنر کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔اگلے روز محکمہ تعلیم کے افسران نے مزید بریف کیا اور نجی سکولز کے خلاف نوٹیفکیشن بھی جاری کروایا۔جب ہم سچ لکھتے ہیں پھر عتاب کا نشانہ بھی بنتے ہیں۔

بقیہ 31

پولیس تھانے کی حدود اوچ پاور پلانٹ کے ایریاز میں نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کرکے نجی کمپنی کے دو موبائل ٹاورز کو آگ لگادی جس سے تمام مشینری و دیگر سامان جل کر راکھ ہوگیا واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 32

مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے حالات کا سنجیدگی سے نوٹس لے کر صوبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔اپنے بیان میں ندیم کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کسی سے پوشیدہ نہیں، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ صوبے کے بنیادی مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی فیصلوں اور انتظامی اقدامات پر بحث کی جارہی ہے۔اگر گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر غور کیا جارہا ہے تو وفاقی حکومت کو بلوچستان کے حالات، عوامی مشکلات اور انتظامی مسائل کا بھی اسی سنجیدگی سے جائزہ لینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان، عوامی مسائل اور حکومتی کارکردگی سے متعلق سوالات کو نظرانداز کرکے ملک میں سیاسی استحکام حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ گورنر راج اور ایمرجنسی جیسے غیرمعمولی اقدامات کسی سیاسی مسئلے کا آسان حل نہیں، ایسے فیصلوں میں آئین، قانون، جمہوری اصولوں اور عوام کے بنیادی حقوق کو مقدم رکھنا ضروری ہے۔ندیم کاکڑ نے مطالبہ کیا کہ کمشنر رخشان ڈویژن اسد اللہ کاکڑ کے ساتھ پیش آنے والے مبینہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی سرکاری افسر کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک کے معاملے کو سیاسی دباؤ یا ذاتی پسند و ناپسند کے بجائے قانون کے مطابق دیکھا جائے اور حقائق سامنے لاکر ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کو دوہرے معیار سے گریز کرتے ہوئے بلوچستان کے حالات پر واضح موقف اختیار کرنا ہوگا۔صوبے کو محض سیاسی بیانات، وعدوں اور وقتی فیصلوں کے ذریعے نہیں چلایا جاسکتا، بلکہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ندیم کاکڑ نے کہا کہ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے عوام کے آئینی و جمہوری حقوق، صوبائی خودمختاری اور قانون کی بالادستی کے لیے اپنا سیاسی کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے وفاقی حکومت پر زور دیا کہ بلوچستان کے مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں اور ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کو مزید نقصان پہنچاسکتے ہیں۔

بقیہ 33

اور اشیاء روزمرہ کی شدید قلت پیدا ہوگئی۔پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقوں میں چھتر قبیلے کورار و دیگر علاقوں میں برسرپیکار مختلف قبائل کے درمیان گزشتہ تین روز سے جاری شدید فائرنگ سے اب تک متعدد مال مویشی کے ہلاک ہونے اور چھ افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں جبکہ جاری فائرنگ سے آمدورفت کے راستے بند ہوچکے ہیں مقامی افراد کے مطابق علاقوں میں مساجد میں مسلسل اعلانات کیے جارہے ہیں کہ لوگ اپنے گھروں میں رہیں اور نقل و حمل سے گریز کریں آمدورفت کے راستے بند ہونے سے کھانے پینے کی اشیاء کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے مقامی افراد کے مطابق جاری فائرنگ کے دوران نہ تو پولیس موقع پر پہنچی ہے اور نہ انتظامیہ کی امداد ہوئی ہے جس سے چھتر کورار اور پھلی کے علاقے کے مکمل طور پر نو گو ایریاز بنے ہوئے ہیں اگر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے فوری طور پر کارروائی نہ کی تو بڑا انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے۔

بقیہ 34

جاوید چوک پر پیش آیا، جہاں اچانک مسلح ملزم کی گولیاں چلنے سے راہگیر بچہ زد میں آکر زخمی ہوگیا۔ واقعے کے فوراً بعد ریسکیو ذرائع اور مقامی افراد نے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے زخمی بچے کو فوری طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کردیا، جہاں ڈاکٹروں کی نگرانی میں اسے طبی امداد دی جارہی ہے۔عینی شاہدین کے مطابق واقعے کے فوراً بعد پولیس نے حرکت میں آتے ہوئے ملزم کا تعاقب شروع کردیا ہے، تاہم خبر لکھے جانے تک ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی تھی۔ اس ناخوشگوار واقعے کی وجہ سے علاقے میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے، جبکہ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پبلک مقامات پر اسلحہ کی نمائش اور فائرنگ کرنے والے عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔

بقیہ 35

ایچ او محمد غوث بخش سدوزئی اور ٹریفک سارجنٹ آفیسر محمد نیاز احمد بزدار کی نگرانی میں جمعہ کی علی الصبح مچھ ناکہ پر مچھ پولیس کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے درجنوں گاڑیوں کے چالان کیے اور ہزاروں روپے کے جرمانے عائد کیے تفصیلات کے مطابق کارروائی کے دوران مسافر کوچز، ویگنوں، مزدا ٹرکوں اور شہ زور گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ مسافر گاڑیوں میں گنجائش سے زیادہ مسافروں کو بٹھانے اور چھتوں پر مسافروں کو سوار کرنے پر کارروائی کی گئی، جبکہ مزدا ٹرکوں کو ڈرائیونگ لائسنس نہ ہونے، اوورلوڈنگ اور تیز رفتاری پر 4 ہزار سے 5 ہزار روپے تک جرمانے کیے گئے کارروائی کے دوران ایک مسافر کوچ کو مبینہ طور پر چھت پر 80 سے 100 مسافروں کو بٹھانے پر 20 ہزار روپے کا بھاری جرمانہ عائد کیا گیا جسے مچھ ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ایک تاریخی جرمانہ قرار دیا جارہا ہے

بقیہ 36

نوجوان مراد علی بگٹی دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 37

الیاس کبزئی کی ہدایات کی روشنی میں بازاروں میں قیمتوں کی نگرانی موثر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر نرخ چیک کیے جائیں گے اور مختلف مارکیٹوں و دکانوں کے باقاعدہ دورے کیے جائیں گے۔انہوں نے تاجران اور دکانداروں پر زور دیا کہ وہ سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں اور مقررہ نرخوں کے مطابق اشیائے ضروریہ فروخت کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناجائز منافع خوری، خودساختہ قیمتوں میں اضافے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ قیمتوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں اور عوامی شکایات کا فوری ازالہ کریں۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد تاجران کے ساتھ تعاون کے ذریعے مارکیٹ میں قیمتوں کو مستحکم رکھنا، صارفین کے حقوق کا تحفظ کرنا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پرائس کنٹرول کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کو اشیائے ضروریہ کی خریداری میں ریلیف فراہم کیا جاسکے اور ناجائز منافع خوری کی حوصلہ شکنی ہو۔

بقیہ 38

سنگین صورتحال اختیار کرچکا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے حلقے میں ٹینکرز مافیا سرگرم ہے اور غریب و بے بس شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے، جبکہ انتظامیہ اس ناانصافی پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ زرک خان مندوخیل نے جذباتی انداز میں ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنے عوام کو پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی انسانی ضرورت بھی فراہم نہیں کرسکتے تو ہمیں اس ایوان میں بیٹھنے کا کوئی حق یا ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہم عوام کو پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام رہے تو آئندہ کس منہ سے ان کے پاس ووٹ مانگنے جائیں گے؟ انہوں نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں پانی کے بحران کے فوری اور پائیدار حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں اور ٹینکر مافیا کا بلاتاخیر قلع قمع کیا جائے۔

بقیہ 39

سنگین مقدمے میں پہلے سے مطلوب تھا۔ قانونی کارروائی اور ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد سرفراز عرف ملا کی لاش ورثا کے حوالے کردی گئی ہے، جبکہ دوسرے جاں بحق ہونے والے شخص عامر کی لاش آبائی علاقے کوئٹہ روانہ کی جارہی ہے۔ پولیس نے واقعے کے مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 40

منتقل کردیا گیا۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمیوں میں سے ایک کی حالت انتہائی تشویشناک ہے، جبکہ دیگر زخمیوں کو بھی طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 41

ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے پھلی کے علاقے میں فائرنگ سے محمد اکبر ابڑو اپنے ساتھی سمیت زخمی ہوگئے۔

بقیہ 42

میں داخلے کے لیے یونیورسٹی کے آن لائن پورٹل admissions.universityofturbat.com//:https کے ذریعے اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔آن لائن فارم جمع کراتے وقت کسی بھی تکنیکی دشواری یا مکمل رہنمائی کے لئے امیدوار جامعہ تربت کے مین کیمپس یا سٹی کیمپس (شعبہ قانون) میں قائم خصوصی ایڈمیشن سیل سے رجوع کرسکتے ہیں۔مزید برآں، دفتری اوقات کے دوران درج ذیل ٹیلی فون نمبرز پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے 400539-0852 تعلیمی پروگراموں کی اہلیت، تفصیلات اور دیگر معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ /uot.edu.pk//:https 2027-spring-for-open-admission وزٹ کریں۔

بقیہ 43

جہانیاں سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کی جانب سے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ماہرین غربت کے خاتمے کیلئے اپنی تجاویز پیش کریں گے۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام یہ دن دنیا بھر میں 1992ء سے لے کر اب تک ہر سال 17 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ایک عالمی ادارہ کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں غربت کے باعث روزانہ ایک ارب انسان بھوکے سوتے ہیں۔

بقیہ 44

دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں موقع پر گرفتار کرنے کی کوشش کی۔ اس دوران ملزمان نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی اضافی نفری اور ایف سی والعدین کی ٹیمیں فوراً موقع پر پہنچ گئیں اور فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب شروع کردیا۔ تعاقب کے دوران ڈنو پھاٹک کے نزدیک ملزمان اور سیکورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دونوں مبینہ ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ ہلاک ملزمان کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی ٹریفک کانسٹیبل جان محمد کو فوری طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو اسپتال والعدین منتقل کردیا گیا ہے، جہاں ان کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 45

19 اگست کو کوئٹہ جاتے ہوئے سورگز کے علاقے سے اغواء کیا گیا جو کہ انہیں آج بحفاظت رہا کردیا گیا۔

بقیہ 46

چیئرمین نامزد کیا گیا ہے۔ اس پیش رفت کو عالمی ترقیاتی ترجیحات، مالیاتی تعاون اور ترقی پذیر ممالک کے مفادات کے حوالے سے پاکستان کے لیے ایک اہم موقع قرار دیا جارہا ہے۔وزارت اقتصادی امور کے مطابق اس نامزدگی کا اعلان بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے پلینری سیشن کے دوران کیا گیا۔وزارت کے مطابق پاکستان 1953 کے بعد پہلی مرتبہ ان دونوں عالمی اداروں کے بورڈ آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، جو عالمی مالیاتی اور ترقیاتی معاملات میں ملک کی نمائندگی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔وفاقی وزیر احد خان چیمہ کو عالمی بینک گروپ کے کارپوریٹ سیکریٹریٹ کی جانب سے آئندہ چیئرمین کی ذمہ داریوں کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔ اس سلسلے میں انہوں نے عالمی بینک گروپ کی نائب صدر اور کارپوریٹ سیکریٹری ارادھانا کمار کپور سے ملاقات کی، جس میں پاکستان کی مدت سربراہی کے دوران ادارہ جاتی معاونت، رابطہ کاری اور ذمہ داریوں کی ادائیگی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔احد خان چیمہ نے سبکدوش ہونے والے چیئرمین کارلوس کاروالو اسپالڈنگ سے بھی ملاقات کی اور انہیں کامیابی سے اپنی مدت مکمل کرنے پر مبارک باد دی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین شپ کی ذمہ داریوں، آئندہ سال کی ترجیحات اور دونوں عالمی اداروں کے ساتھ مؤثر تعاون جاری رکھنے کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔وفاقی وزیر احد خان چیمہ کے مطابق پاکستان اپنی سربراہی کے دوران ترقی پذیر ممالک کی آواز کو مؤثر بنانے اور عالمی ترقیاتی مباحث میں ان کے مسائل کو مناسب اہمیت دلانے کے لیے کردار ادا کرے گا۔ان کا کہنا تھا کہ ترقیاتی مالی وسائل کی مؤثر، بروقت اور قابل پیش گوئی فراہمی پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ ترقی پذیر ممالک کو معاشی استحکام، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی فلاح کے منصوبوں کے لیے طویل مدتی مالی معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کثیرالجہتی ترقیاتی اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے کے لیے کام کرے گا۔ان کا کہنا تھا عالمی مالیاتی اور ترقیاتی نظام میں تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ رکن ممالک کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹنے، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور پائیدار معاشی نمو کے اہداف حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔وفاقی وزیر نے پائیدار اور جامع ترقی کے لیے نجی شعبے کی سرمایہ کاری متحرک کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ان کے مطابق ترقیاتی ضروریات پوری کرنے کے لیے صرف سرکاری وسائل پر انحصار کافی نہیں، بلکہ نجی سرمایہ کاری، ادارہ جاتی تعاون اور مالی وسائل کے مؤثر استعمال کو بھی فروغ دینا ہوگا۔ پاکستان عالمی بینک گروپ، آئی ایم ایف اور رکن ممالک کے ساتھ مل کر ایک مؤثر کثیرالجہتی ترقیاتی اور مالیاتی نظام کے لیے کام کرنے کا خواہاں ہے۔اقتصادی امور کے ماہرین کے لیے بھی یہ نامزدگی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ بورڈ آف گورنرز عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے اعلیٰ ترین فیصلہ ساز فورمز ہیں۔ ان کی سربراہی کے دوران عالمی اقتصادی تعاون، ترقیاتی ترجیحات اور رکن ممالک کے مشترکہ مسائل پر تبادلہ خیال کے مواقع میسر آتے ہیں۔ تاہم اس عہدے کی عملی اہمیت کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ پاکستان اپنی مدت کے دوران ترقی پذیر ممالک کے مشترکہ مفادات، ترقیاتی مالی وسائل کی دستیابی اور عالمی اداروں کے درمیان تعاون کے فروغ کے لیے کس حد تک مؤثر کردار ادا کرپاتا ہے۔ پاکستان کی 2027 کی سربراہی عالمی مالیاتی اور ترقیاتی فورمز پر ملک کی نمائندگی کو مزید نمایاں کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔حکومت کے لیے یہ ایک اہم موقع ہوگا کہ وہ عالمی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کو مضبوط بناتے ہوئے ترقی پذیر ممالک کے معاشی مسائل، پائیدار ترقی اور سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ترجیحات کو عالمی سطح پر اجاگر کرے۔

بقیہ 47

ہاؤس میں پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سینیٹر قراۃ العین مری، رکن قومی اسمبلی فتح اللہ خان اور رہنما اخونزادہ چٹان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔شازیہ مری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اب کوئی بھی خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا، پشاور جیسے شہری علاقے بھی دہشت گردی سے متاثر ہورہے ہیں اور کسی بھی وقت کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا ہے۔ قبائلی علاقوں میں بھی بچے، خواتین اور خاندان آباد ہیں، دہشت گردی نے ان کے گھر اجاڑ دیے اور معمولات زندگی متاثر کیے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دہشت گردی کی آگ دوسرے علاقوں تک بھی پھیل سکتی ہے، اس لیے اسے بہانہ نہیں بلکہ پاکستان کی تلخ حقیقت سمجھتے ہوئے سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور اس جنگ میں عام شہریوں، پولیس اور پاک فوج کے اہلکاروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول پر رہا ہے، اسی لیے دہشت گردی سے متاثرہ عوام کی مدد کے لیے خصوصی فنڈ مختص کرنے اور قومی مالیاتی کمیشن میں دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے ایک فیصد اضافی حصہ دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2026, Government of Balochistan (G.O.B) amended up to-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2027, for the work listed below: **- Earnest Money 2% and Time limit 12 Months The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Chall in Head of account (02716)**

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF GRAVEYARD BOUNDARY WALL AT MAZARI KAHN TURBAT DISTRICT KECH **TSE-2627101209613**	9,941,258

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Assignments of One Similar Nature and Complexity Turnover of at least 500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bidding document Fee Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering Council C-6 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 2nd **November** 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by 2nd **November,2026** till **12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of Executive Engineer-Building CWPP&H Department Turbat.

Phone no: 0852413280

Email: executiveengineer21kech@gmail.com

Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District, Kech

DPRQ/PRQ No.1924/16-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

جدید سائنسی خطوط پر استوار کیا جائے اور مقامی کاشتکاروں، مالداروں اور ماہی گیروں کو جدید ٹیکنالوجی، وسائل اور بنیادی سہولیات تک رسائی فراہم کی جائے۔ پاکستان خاصکر بلوچستان کے میوہ جات اور غذائی مصنوعات معیار، ذائقے اور قدرتی خصوصیات کے اعتبار سے انٹرنیشنل سطح پر زیادہ پسند کیے جاتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ انہیں بین الاقوامی منڈیوں میں متعارف کرایا جائے تاکہ مقامی معیشت مضبوط ہو اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ یہ بات انہوں نے ورلڈ فوڈ ڈے کی مناسبت سے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ اور پہلی بلوچستان فوڈ نمائش کی افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے ایف اے او کے سب آفس کے ہیڈ ولید مہدی، بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ، زرعی کالج کے پرنسپل ڈاکٹر شہنشاہ خان سمیت زراعت کے ماہرین اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 2

حیدر خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کے حوالے سے کسی حکومت کے پاکستان سے رابطے کا علم نہیں، پاکستان نے جو اقدام کیا وہ آئین وقانون کے مطابق ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں ایک سوال کے جواب میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ کے پی میں ایمرجنسی نافذ کرنے کے حوالے سے کسی حکومت کے رابطے کا علم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان نے جو اقدام کیا وہ آئین وقانون کے مطابق ہے۔

بقیہ 3

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستانی افواج اور کارگل کے شہیدوں کے بارے میں توہین آمیز بیان دے کر بھارت کے بیانیہ کو فروغ دیا جا رہا ہے، یہ سمجھ سے باہر ہے کہ کوئی ایسا کیوں کرے گا۔ مولانا فضل الرحمان کے شہداء سے متعلق توہین آمیز اور نامناسب بیان پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے منہ توڑ جواب میں کہ شہداء کی قوم کیلئے دی گئی لازوال قربانیوں کو بیان کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا شہادت کا فلسفہ اور شہداء افواج کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں، پاکستانی افواج اور کارگل کے شہیدوں کے بارے میں توہین آمیز بیان دے کر بھارت کے بیانیہ کو فروغ دیا جا رہا ہے، یہ سمجھ سے باہر ہے کہ کوئی ایسا کیوں کرے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستانی افواج ملک کے دفاع کے لیے اپنا سب سے قیمتی حق زندگی وطن پر قربان کر دیتی ہیں، یہ کہنا کہ کوئی بھی شخص محض تنخواہ کیلئے اپنی قیمتی جان کی قربانی دیتا ہے تو کیا آپ میں سے کوئی ایسا کرنے [illegible]

بقیہ 4

[illegible]

بقیہ 5

[illegible]

رکن صوبائی اسمبلی عبدالرحمان کھیتران کا کہنا تھا کہ پشاور اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کیخلاف مقدمہ درج ہونا چاہیے وہاں ایک پارٹی کئی سال بر سر اقتدار رہی، انہوں نے اسکولز کا جائزہ کیوں نہیں لیا۔

بقیہ 6

ایران پر جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی زمینی فوج بھیجنے کا امکان مسترد کر دیا۔ نیوز میکس کو دیے گئے ایک انٹرویو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں امریکی فوجی دستے تعینات کرنے کا بھی کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ امریکا جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر روس اور چین سے بھی بات چیت کر رہا ہے۔ ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا تھا کہ امریکی فوج ایران کے خلاف ممکنہ نئے حملوں کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ ان منصوبوں میں ایران کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کے لیے امریکا کے سب سے بڑے غیر جوہری بم کے استعمال کا امکان بھی زیر غور بتایا گیا تھا۔ امریکی میڈیا کے مطابق منصوبہ بندی سے واقف متعدد ذرائع نے بتایا کہ امریکی اسلحہ خانے میں موجود جی بی یو 43 / بی میسیو آرڈیننس ایئر بلاسٹ (ایم او اے بی) کے ممکنہ استعمال پر بھی بات چیت ہوئی ہے، یہ انتہائی طاقتور غیر جوہری بم ہے، جسے عام طور پر مدر آف آل بم کہا جاتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ایران کے خلاف اس بم کا استعمال تنازع میں شدت پیدا کرنے کا سبب بن سکتا ہے، کیونکہ اس سے امریکا اور ایران کے درمیان فوجی محاذ آرائی مزید بڑھنے کا خدشہ ہوگا۔

بقیہ 7

املاک بورڈ میں بلوچستان سے غیر سرکاری رکن کو شامل کرنے کا معاملہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں متروکہ وقف املاک بورڈ میں بلوچستان کے کسی غیر سرکاری رکن کو شامل نہ کرنے کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا گیا۔ نوٹس کے محرک سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ بلوچستان کی اقلیتوں کو بھی نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیا یتیم ہیں، ہمارا کوئی والی وارث نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی سوچ بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متروکہ وقف املاک بورڈ کے نوٹیفکیشن میں 15 نان آفیشل ممبرز ہیں لیکن اس میں بلوچستان سے کسی کو شامل نہیں کیا گیا۔ بلوچستان حکومت سے بورڈ کے نام مانگے گئے جو انہوں نے دیے لیکن غور نہیں کیا گیا۔ یہ بیوروکریسی کا کام ہے۔ اس موقع پر سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ بلوچستان [illegible]

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

مطابق سال 2024 میں 21 لاکھ 83 ہزار جبکہ سال 2025 میں 22 لاکھ 90 ہزار بین الاقوامی [illegible]

TENDER NOTICE

The Medical Superintendent DHQ Hospital Awaran invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627101208882

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	OPERATION AND MAINTENANCE (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 750,000 Million each in Previous 2 Years Accumulatted Turn over of at least PKR.750,000 Million in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Last three years Audit Reports, duly issued by audit firmsregistered with Institute of Chartered Accountants ofPakistan (ICAP) The supplier /contractor/company has settled all there tax obligations & has no pending demands or disputes with the FBR tax authorities. Affidavit of non-Litigation on 100 Rs Stamp paper, dulyattested by 1st Class Magistrate Registration certificate or application of firm / bidder with SECP **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bid must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 28 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 28 October, 2026@09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM **Address:** Awaran

Phone no: 0856511239 Email: drameer@gmail.com

Medical Superintendent
District Headquarter Hospital
District Awaran

DPRQ/PRQ No.1926/16-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

2022 تک سیاحت کے شعبے میں مطلوبہ کام نہیں ہوا۔ موجودہ دور میں ٹورازم بزنس پلان پر کام کیا گیا ہے۔ کرن عمران ڈار نے بتایا کہ پاکستان آنے والے سیاحوں کا ڈیٹا موجود ہے اور ملک میں داخل ہونے والے افراد کی تفصیلات ریکارڈ کی جاتی ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر نے نشاندہی کی کہ افغانستان سے آنے والے افراد کی تعداد سب سے زیادہ دکھائی گئی ہے، تاہم ہر آنے والا شخص سیاح نہیں ہوتا۔

بقیہ 10

پروگرام کے تحت پانڈا بانڈز کے مزید اجرا کا منصوبہ بنایا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر چین کے وزیر خزانہ لان فوآن سے ملاقات کے دوران ان منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ گوادر پرو کے مطابق محمد اورنگزیب نے پاکستان میں مجموعی معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کو اجاگر کیا جبکہ چینی وزیر خزانہ نے پاکستان کی بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹوں تک دوبارہ رسائی کا خیر مقدم کیا۔ رپورٹ کے مطابق دونوں وزرائے خزانہ نے پاکستان کی جانب سے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا اور چین میں مزید سرمایہ حاصل کرنے کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس بانڈ پر شرح منافع (کوپن ریٹ) 2.5 فیصد مقرر کی گئی تھی جبکہ ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک (اے آئی آئی بی) نے اس کے لیے کریڈٹ گارنٹی کی سہولت فراہم کی۔ پاکستانی حکومت کے مطابق اس بانڈ کو سرمایہ کاروں کی جانب سے بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔

بقیہ 11

قانون کے چیمبر میں بھی کچھ ٹیکنیکل معاملات کی وجہ سے بھی آواز آ رہی تھی کبھی نہیں، حکومتی سائیڈ پر تقاریر کا بھی ٹیکنیکل فالٹ آیا اس میں ایسی کوئی بات نہیں۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ اس سے پہلے اپوزیشن کی تمام تقاریر چلائی گئیں، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے بھی تقاریر اپنے پیجز پر لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقاریر پارلیمان میں ٹی وی کے ذریعے ہی ان تک پہنچیں اور انہوں نے لگائیں۔

بقیہ 12

کے مطابق چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ پائیدار دفاعی روک تھام کے لیے جنگ اور مذاکرات دونوں ضروری ہیں۔ پائیدار دفاعی توازن کی کوششوں پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران کی حکمت عملی مستقل جنگ یا مذاکرات نہیں، بلکہ دشمن کو اپنے مطالبات تسلیم کرنے پر مجبور کرنے کے لیے فوجی طاقت اور سفارت کاری دونوں کا استعمال کرنا ہے۔ باقر قالیباف نے واضح کیا کہ ایران جنگ، مذاکرات اور امن کے روایتی چکر کو ایک نئی مساوات سے بدلنا چاہتا ہے، جس میں [illegible]

بقیہ 13

[illegible]

بقیہ 14

[illegible]

بقیہ 15

[illegible]

بقیہ 16

[illegible]

پیٹرولیم سیکٹر میں 31.9 فیصد اور ملبوسات کی صنعت میں 10.9 فیصد ترقی ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب کیمیکل سیکٹر کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 12.9 فیصد جبکہ آئرن سیکٹر میں 11.6 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق صنعتی شعبے کی مجموعی کارکردگی میں اضافے کے باوجود مختلف شعبوں میں ترقی اور پیداوار کی شرح مختلف رہی۔

بقیہ 17

اور سیاحت کے فروغ میں جدید سول ایوی ایشن کے شعبے کی سٹریٹجک اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ جاری منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے اور عالمی حفاظتی و آپریشنل معیارات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت سول ایوی ایشن کے شعبے میں پیشرفت اور اہم ترجیحات کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس منعقد ہوا جس میں آپریشنل فریم ورک، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور فضائی رابطوں کو فروغ دینے کے اقدامات بالخصوص موجودہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی و اپ گریڈیشن اور بین الاقوامی پروازوں کے روٹس میں توسیع کا جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اقتصادی ترقی، تجارت اور سیاحت کے فروغ میں جدید سول ایوی ایشن کے شعبے کی سٹریٹجک اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جاری منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے اور عالمی حفاظتی و آپریشنل معیارات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ بین الاقوامی مہمانوں، مسافروں اور فضائی کمپنیوں کو مؤثر خدمات فراہم کی جاسکیں۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری خارجہ امور و دفاع اور دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 18

پر غور کیا جاسکتا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کے طرز عمل سے خود اسی جماعت کو نقصان پہنچ رہا ہے، عمران خان کے وزارت عظمیٰ کے دور میں انہوں نے اپوزیشن لیڈر سے ٹیلیفون پر رابطہ تک نہیں کیا تھا، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف ایوان میں آمد کے موقع پر اپوزیشن لیڈر سے مصافحہ اور گفتگو کرتے ہیں۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی نظر بندی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو بھی اس صورتحال پر دکھ ہے، سب جانتے ہیں کہ عمران خان کی بہنیں لانگ مارچ کے حوالے سے کیا گفتگو کرتی رہی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی بہنوں کی جانب سے گورنر ہاؤس پر چڑھائی کرنے کے بیانات دیے گئے، اس لیے حالات قابو میں رکھنے کیلئے نظر بندی ناگزیر ہوگئی [illegible]

بقیہ 19

[illegible]

بقیہ 20

[illegible]

بقیہ 21

[illegible]

نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لئے موجودہ ادارہ جاتی میکانزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے مملکت سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کی جس کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں اور پاکستانی شہریوں سمیت متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔

بقیہ 22

کاسب کنسورشیم کے مابین ڈام میں بلوچستان کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے قیام کے لیے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کاوشوں سے طے پانے والے اس معاہدے کو صوبے میں نجی سرمایہ کاری، ساحلی معیشت کے فروغ اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں ہاؤس آف کاسب کنسورشیم کے چیف ایگزیکٹو سعد زاہد اور سیکرٹری محکمہ ماہی گیری طارق قمر نے معاہدے پر دستخط کیے۔ تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے لیے حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔

بقیہ 23

حقوق کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اسما جنگ اور لائبہ ستار کیسز میں ملوث ملزمان خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں، انہیں جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔ 16 اکتوبر کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ قلات میں لائبہ ستار کیس کے حوالے سے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور اہل خانہ کی نشاندہی پر چار ملزمان کو نامزد کیا گیا تھا۔ ان کے مطابق اہل خانہ کی جانب سے عدالت میں راضی نامہ پیش کیے جانے کے بعد دو گرفتار افراد رہا ہوئے، جبکہ مقدمے میں نامزد دیگر دو ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ روایات کو پامال کرنے اور خواتین پر ظلم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ اسما جنگ ہو یا کوئی اور، تمام خواتین ہماری بیٹیاں اور بہنیں ہیں۔ حکومت مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور اسما جنگ کے ساتھ پیش آنے والے واقعے پر انہیں بھی دکھ ہے۔ وزیر داخلہ کے مطابق اسما جنگ کیس میں نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لیے کراچی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرم کرنے والا شخص گرفتاری سے بچنے کے لیے چھپنے کی کوشش کرتا ہے، تاہم حکومت بلوچستان کے عوام کو یقین دلاتی ہے کہ خواتین کے خلاف سنگین جرائم میں ملوث افراد کو قانون سے بچنے نہیں دیا جائے گا اور دونوں کیسز میں ملزمان کو گرفتار کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 24

بلدیاتی نظام کے استحکام، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، پشین میں زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح، تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی حفاظت اور دیگر عوامی مسائل پر بحث کی گئی۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کی بلدیاتی نظام سے متعلق قرارداد منظور کر لی گئی، جبکہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا جائزہ لینے اور آڈٹ کرانے کی ہدایت کی۔ جمعہ کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس 25 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری نظام کے استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بلدیاتی اداروں کو مؤثر بنانا ضروری ہے۔ قرارداد میں بلدیاتی اداروں کو مالی اور انتظامی خودمختاری دینے، فنڈز کی بروقت اور منصفانہ تقسیم، منتخب نمائندوں کی تربیت اور بلدیاتی انتخابات کا بروقت و شفاف انعقاد یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری دفاتر میں ارکان اسمبلی اور عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے سرکاری امور میں تاخیر کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ گوادر کے ایک پرائمری اسکول کو مڈل کا درجہ دینے میں پانچ سال لگ گئے۔

بقیہ 25

غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے بہتر جینیاتی خصوصیات کی حامل اقسام، جدید تحقیقی سہولیات اور پیداواری ٹیکنالوجیز کے ذریعے پاکستان میں گندم کی فی ہیکٹر پیداوار بڑھانے کیلئے سیمٹ کے ساتھ تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو گندم میں خود کفالت کے ساتھ ساتھ مستقل بنیادوں پر اضافی پیداوار حاصل کرنے کا ہدف بھی مقرر کرنا چاہیے تاکہ عالمی منڈیوں اور غذائی قلت کا سامنا کرنے والے ممالک کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق میں سیمٹ کے گلوبل ویٹ پروگرام کے ڈائریکٹر ڈاکٹر فلاویو بریسیکیلو اور سینئر سائنس دان و پاکستان میں ملکی نمائندے ڈاکٹر ساجد علی سے ملاقات کے دوران کیا۔ رانا تنویر حسین نے تقریباً 26 کروڑ آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کیلئے گندم کی پیداوار میں نمایاں اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ حالیہ عرصے میں گندم کی درآمد کی ضرورت کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بہتر بیج، مضبوط تحقیق اور جدید زرعی ٹیکنالوجیز کے وسیع استعمال کے ذریعے اپنی ممکنہ اور موجودہ پیداوار کے درمیان فرق کم کرنا ہوگا۔ انہوں نے گندم کی فی ہیکٹر پیداوار 3.5 ٹن تک پہنچانے کا ہدف اجاگر کیا اور قومی غذائی تحفظ کے مقاصد کے حصول کے لیے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے آئندہ پانچ برسوں کے لیے مجوزہ قومی گندم پالیسی کو پیداوار بڑھانے اور کسانوں کو مناسب ترغیبات فراہم کرنے کا اہم لائحہ عمل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت اور موسمیاتی دباؤ کے تناظر میں ان اہداف کے حصول کے لیے مضبوط تحقیقی شراکت داریاں اور قابل عمل جدتیں ضروری ہوں گی۔ پاکستان اور سیمٹ کی شراکت داری کے چھ عشرے مکمل ہونے پر رانا تنویر حسین نے ملک کی زرعی ترقی میں ادارے کے تاریخی کردار کو سراہا، بالخصوص پاکستان کے سبز انقلاب میں میکسی پاک اقسام کی اہمیت کا اعتراف کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ تعاون کے اگلے مرحلے میں جدید ترین ٹیکنالوجیز اور اختراعی طریقوں پر زیادہ توجہ دی جائے تاکہ گندم کی فی ہیکٹر پیداوار

میں مزید اضافہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ 26

مینگل کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی میر جہانزیب مینگل نے کہا کہ میر قمر مینگل کے گھر پر فتنہ الہندوستان کے سہولت کاروں نے حملہ کیا ہے اور ایسے عناصر کا بلوچیت اور بلوچی روایات سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اگر فتنہ الہندوستان کے سہولت کاروں میں غیرت ہے تو سامنے آ کر مقابلہ کریں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیں۔ ایوان میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر قمر مینگل کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ یہ کوئی بلوچیت نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ ان دہشت گردوں کا ہماری روایات سے کوئی تعلق نہیں ہے، جو قوم کو اور بالخصوص بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اسمائے جنگ کیس کا حوالہ دیتے ہوئے ایوان کو بتایا کہ وہ متاثرہ فیملی کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ تعلیمی اداروں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں کی عمارتوں کا فوری جائزہ لینے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ تمام تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا باقاعدہ سکیورٹی اور ڈھانچہ جاتی آڈٹ کرایا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے جمعیت علمائے اسلام کے اراکین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ان کی اجازت ہو تو مدارس کی عمارتوں کی سکیورٹی کا بھی جائزہ لیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 27

مرحلہ مکمل ہو چکا ہے جبکہ تیسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے، جس کے لیے ایمرجنسی لگائی گئی تھی۔ صوبے میں ترقی اور امن کی بحالی اب اگلا بڑا چیلنج ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے تمام آئینی تقاضے پورے ہو چکے ہیں۔ صوبے میں سیاسی مقاصد کارفرما نہیں تھے اور نہ ہی ایمرجنسی کے نفاذ کے کوئی سیاسی مقاصد ہیں۔ وفاقی حکومت کی اولین ترجیح خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کا خاتمہ، امن کا قیام اور ترقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پرانے پارلیمنٹیرین اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت کا کنٹرول سنبھال لیا ہے اور فوری طور پر ایپکس کمیٹی کا اجلاس بلایا ہے۔

بقیہ 28

برائے صنعت و تجارت رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ ملکی برآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی بہتری کے لیے مزید اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ جمعہ کو پی آئی ڈی سی کانفرنس کے اختتامی سیشن سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے رانا احسان افضل نے کہا کہ حکومت 2035 تک پاکستان کی برآمدات کو 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے جبکہ درمیانی مدت میں برآمدات کو 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو برآمدات پر مبنی معیشت بنانے کے لیے جامع اصلاحات جاری ہیں۔ قومی ٹیرف پالیسی کے تحت کسٹمز ڈیوٹی 15 فیصد تک لائی جائے گی اور تقریباً 7500 ٹیرف لائنز پر ڈیوٹیوں میں اصلاحات جاری ہیں۔ کاروباری سہولت کے لیے 500 ریگولیٹری تقاضوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ رانا احسان افضل نے بتایا کہ وزیراعظم نے ٹریڈ فیسیلیٹیشن بورڈ کی منظوری دے دی ہے جس کا مقصد برآمدی لاگت کم کرنا اور تجارتی سہولتیں بڑھانا ہے۔ ایس ایم ای فنانسنگ کو دو ہزار ارب روپے تک بڑھانے پر کام جاری ہے جبکہ برآمدکنندگان کو ایگزم بینک کے ذریعے رعایتی فنانسنگ فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ 29

سی ٹی سی) بھی میں اختتام پذیر ہوگئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یہ مشق دونوں ممالک کی افواج کے درمیان مشترکہ انسداد دہشت گردی مشق کا چوتھا ایڈیشن تھا۔ مشق کے دوران انسداد دہشت گردی کے شعبے میں تجربات کا تبادلہ، آپریشنل مشقوں اور طریقہ کار کو بہتر بنانے اور بہترین عملی تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے جنگی صلاحیتوں میں اضافے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس مشترکہ مشق سے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون کی اہمیت اجاگر ہوئی، جبکہ انسداد دہشت گردی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 30

نہیں ہے، ایسے ملزمان کے ساتھ نرمی نہیں رکھی جا سکتی۔ ملزم کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ پولیس نے بھی زیادتی کا ثابت نہ ہونا لکھا ہے، میڈیکل رپورٹ بھی بچی سے زیادتی کا ثابت ہونا ثابت نہیں کر رہی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ اگر پولیس نے عدم شواہد کا لکھا ہے تو ٹرائل کورٹ کو فیصلہ کرنے دیں، باقاعدہ زیادتی ہوئی یا نہیں یہ ٹرائل کورٹ دیکھے گی۔ ملزم شاہ رخ کے خلاف 24 اگست 2026 کو ایبٹ آباد میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، عدالت نے ملزم کی ضمانت مسترد کر دی۔

بقیہ 31

درپیش مسائل پر تشویش کا اظہار کیا ہے اس حوالے سے ایچ آر سی پی کا کہنا ہے کہ توہین مذہب کے الزامات، جبری شادیوں، جبری تبدیلی مذہب اور نفرت انگیز تقاریر کے واقعات اقلیتوں کے مساوی شہری حقوق کے لیے چیلنج ہیں۔ متعلقہ رپورٹ میں اقلیتی حقوق کے تحفظ کے لیے 24 سفارشات بھی پیش کی گئی ہیں۔ ایچ آر سی پی کی رپورٹ 2025/26 میں مذہب یا عقیدے کی آزادی سے محرومی کے مطابق نیشنل کمیشن فار مائنارٹیز ایکٹ 2025 کی منظوری کے باوجود کمیشن تاحال فعال نہیں ہوسکا۔ رپورٹ میں توہین مذہب کے الزامات کا سامنا کرنے والے افراد کے قانونی مسائل اور مبینہ طور پر لوگوں کو ایسے مقدمات میں پھنسانے والے گروہوں کی تحقیقات نہ ہونے پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ رپورٹ میں مذہبی اقلیتی فرقے کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچانے اور پیش آنے والے 2 حملوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس فرقے کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 32

مندوب مقرر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سید حیدر شاہ اس وقت نیدرلینڈز میں پاکستان کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق سید حیدر شاہ اس سے قبل نیپال میں پاکستان کے سفیر اور بھارت میں ڈپٹی ہائی کمشنر بھی رہ چکے ہیں، انہوں نے 2002 سے 2006 تک نیویارک میں اقوام متحدہ کے لیے پاکستان کے مستقل مشن میں بھی خدمات انجام دیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا عہدہ عاصم افتخار احمد کے سیکرٹری خارجہ مقرر ہونے کے بعد خالی ہوا تھا۔ سید حیدر شاہ مارچ 2025 میں نیدرلینڈز میں پاکستان کے سفیر تعینات ہوئے تھے، جبکہ وہ نومبر 2020 سے اکتوبر 2022 تک نیپال میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے بھی فرائض انجام دے چکے ہیں۔ سفارتی امور کا وسیع تجربہ رکھنے والے سید حیدر شاہ کی اقوام متحدہ میں بطور مستقل مندوب تعیناتی سے متعلق فیصلہ ذرائع نے رپورٹ کیا ہے، اس حوالے سے باضابطہ سرکاری اعلان سامنے آنے پر تقرری کی حتمی حیثیت واضح ہوگی۔

بقیہ 33

عالمی آبادی، موسمیاتی تبدیلیوں، پانی کی قلت اور زرعی لاگت میں اضافے کے باعث خوراک کی دستیابی اور فراہمی کے حوالے سے چیلنجز بڑھ رہے ہیں، جن سے نمٹنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ عالمی یوم خوراک منانے کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں غذائی قلت کے مسئلے، متوازن غذا کی اہمیت اور ہر فرد کے لیے خوراک کی منصفانہ فراہمی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ ان کے مطابق صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے ضروری ہے کہ شہریوں کو ایسی خوراک میسر ہو جو ان کی جسمانی نشوونما، صحت اور بہتر معیار زندگی کے لیے ضروری غذائی اجزا فراہم کرے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ خوراک تک منصفانہ رسائی اور مناسب قیمتوں پر بنیادی غذائی اشیا کی دستیابی کو یقینی بنانا ایک قومی فریضہ ہے۔ غذائی تحفظ کا تصور صرف خوراک کی پیداوار تک محدود نہیں بلکہ اس میں خوراک کی مسلسل دستیابی، عوام کی قوت خرید، غذائیت کے معیار اور ترسیل کے مؤثر نظام کو بھی بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ متعلقہ اداروں کو ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص کم آمدنی والے خاندانوں، کو معیاری خوراک کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ 34

بھی انتہائی کم سطح پر رہنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی بی ایس نیوز کی رپورٹ کے مطابق ایران جنگ سے تقریباً دو ماہ قبل سابق امریکی آرمی چیف جنرل رینڈی جارج نے بھی امریکی انتظامیہ کو دفاعی ہتھیاروں کے ذخائر میں ممکنہ قلت سے خبردار کیا تھا۔ سی بی ایس نیوز کے مطابق امریکا کے پاس 2026 کے آغاز میں تقریباً 2,300 پیٹریاٹ انٹرسیپٹرز موجود تھے، جن میں سے ایران جنگ کے دوران اندازاً 1,050 سے 1,430 تک استعمال کیے جا چکے ہیں۔ جنگ سے قبل امریکا کے پاس تقریباً 355 تھاڈ انٹرسیپٹرز تھے، جن میں سے 190 سے 290 تک استعمال ہونے کی اطلاع ہے۔

بقیہ 35

یہ معاملہ حساس ہے اس کو اسمبلی فلور پر بیان نہیں کرسکتا، صوبے کے تمام اسکولز و کالجز کی عمارتوں کا جائزہ لینے کی ہدایت کردی ہے یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ارکان کی جانب سے پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل نے نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دشت گوران میں میر قمر خان مینگل کے گھر پر صبح چھ بجے فتنہ الہندوستان نے حملہ کیا، صبح چھ بجے سے شام چار بجے تک فائرنگ کا سلسلہ جاری رہا جس میں ہمارا ایک بندہ احمد نواز مینگل شہید اور ایک زخمی ہوا، یہ میرا گھر ہے، میری ماں اور بہنیں وہاں موجود ہیں یہ بلوچیت نہیں، اگر کسی کو اتنا ہی لڑنے کا شوق ہے جگہ، میدان اور وقت بتائیں، وزیراعلیٰ بلوچستان اس کا نوٹس لیں۔ سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پیش آنے والے واقعہ میں بچے اور بچیاں شہید ہوئی ہیں، وزیراعلیٰ سے گزارش ہے کہ وہ بلوچستان کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں کی عمارتوں کا جائزہ لینے کیلئے محکمہ تعلیم، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور وہاں کے مقامی کونسلران کو ہدایت کریں تاکہ وہ ہر علاقے کے اسکولوں میں جا کر دیکھیں اگر کوئی خستہ حال اسکول پایا جاتا ہے تو اس کو بند کردیں۔

بقیہ 36

مطابق شہزادی الجوہرہ بنت فہد بن مشاری بن سعود بن جلوی آل سعود انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ہفتے کے روز بعد نماز عصر دارالحکومت ریاض کی جامع مسجد امام ترکی بن عبداللہ میں ادا کی جائے گی۔

بقیہ 37

(ر) عبدالخالق اچکزئی نے اسما جنگ اور لائبہ ستار کے اغوا کے واقعات پر اراکین اسمبلی کو یقین دہانی کرائی ہے کہ آئندہ منگل کو ہونے والے اسمبلی اجلاس میں انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو طلب کر کے دونوں واقعات سے متعلق رپورٹ لی جائے گی۔ اسپیکر نے کہا کہ دونوں واقعات کے حوالے سے پولیس حکام سے تفصیلات حاصل کی جائیں گی تاکہ ایوان کو پیش رفت سے آگاہ کیا جاسکے۔

بقیہ 38

بات ہونی چاہیے۔ سیاسی رہنما آگ بجھانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں۔ یہ وہی سیاستدان ہیں جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔

بقیہ 39

ایف سالانہ اجلاس کے موقع پر ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ورلڈ بینک گروپ کے دیرینہ اشتراک عمل کے آئندہ مرحلے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فروری 2026 میں صدر اجے بنگا کے دورہ پاکستان کی بنیاد پر ہونے والی گفتگو میں اس بات پر توجہ دی گئی کہ معاشی استحکام کو پائیدار، سرمایہ کاری پر مبنی ترقی، نتیجہ خیز روزگار اور لوگوں کے بہتر معیار زندگی میں کیسے بدلا جائے۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے ورلڈ بینک گروپ کی عملی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے صدر اجے بنگا کی کوششوں کو سراہا، بالخصوص منصوبوں کی تیاری کا اوسط دورانیہ 19 ماہ سے کم کر کے نو ماہ کرنے اور مالی سال 2026 میں نجی سرمائے کو متحرک کرنے کی ریکارڈ سطح، 112 ارب امریکی ڈالر، کے حصول کو سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم کی عملدرآمد اصلاحات سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کی قیادت میں حکومت پاکستان کی جامع حکومتی اصلاحاتی کوششوں کو بھی اجاگر کیا، جن کا مقصد نظامی رکاوٹوں کو دور کرنا اور منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرنا ہے۔

بقیہ 40

موسمیاتی تبدیلی سے متعلق پالیسی سازی اور ادارہ جاتی ڈھانچے میں تبدیلیوں کا فیصلہ کرتے ہوئے پاکستان کلائمیٹ چینج ایکٹ 2017 میں ترمیم کا بل قومی اسمبلی میں پیش کر دیا ہے۔ مجوزہ ترامیم کے تحت موسمیاتی تبدیلی کونسل اور پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کی تشکیل نو، ارکان کی تعداد میں ردوبدل اور اختیارات کے تعین کی تجاویز شامل ہیں۔ ترمیمی بل کے مطابق موسمیاتی تبدیلی کونسل میں وفاقی وزرائے صنعت اور صحت کو شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم اور گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ کو بھی کونسل کا حصہ بنانے کی تجویز ہے۔ بل میں کونسل کے غیر سرکاری ارکان کی تعداد 20 سے کم کر کے 15 کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔

بقیہ 41

کی مذمت کرے، غزہ اور خطے کے دیگر علاقوں میں جنگوں نے قدرتی ماحول کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کے اثرات سرحدوں تک محدود نہیں رہتے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ایرانی صدر نے یہ بات آرمینیا میں منعقدہ ایک عالمی ماحولیاتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جس میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس بھی شریک تھے۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ خطے میں جارحانہ جنگوں کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کو 'ماحولیاتی نسل کشی' قرار دیا جانا چاہیے اور عالمی سطح پر اس کی مذمت ہونی چاہیے۔ ایرانی صدر کے مطابق جنگوں کے ماحولیاتی اثرات ایک ملک تک محدود نہیں رہتے، اس لیے اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی سطح پر مشترکہ اقدامات اور حل تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب غزہ اور مشرق وسطیٰ کے دیگر علاقوں میں تنازعات کے انسانی اور ماحولیاتی اثرات عالمی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔

بقیہ 42

خلاف یوم مذمت منایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حوثی باغیوں کی جانب سے مقدس مقامات پر حملے کرنا دہشت گردی اور فساد فی الارض ہے۔

بقیہ 43

نرم کرنے کے ممکنہ امریکی اقدامات کے پیش نظر سرمایہ کاروں کی محتاط حکمت عملی کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ خبر ایجنسی کی رپورٹس کے مطابق برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 41 سینٹ، یعنی 0.39 فیصد کمی کے بعد 105.51 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل 54 سینٹ، یعنی 0.55 فیصد سستا ہو کر 97.43 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ تیل کی قیمتوں میں یہ کمی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بین الاقوامی توانائی ایجنسی نے سپلائی پر دباؤ کم کرنے کیلئے مارچ میں ہنگامی ذخائر سے تیل جاری کرنے کے اعلان کے تحت 2 کروڑ بیرل سے زائد ڈیزل اور باقی ماندہ تیل جاری کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ 44

ہوئے کہا ہے کہ زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی لمحہ فکریہ بن چکی ہے اور صوبے میں پانی کا بحران سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سولر نظام کے ذریعے ٹیوب ویلوں سے زیر زمین پانی کے بے دریغ استعمال نے آبی وسائل پر دباؤ بڑھا دیا ہے۔ پانی کے بے تحاشا استعمال کو فوری طور پر روکنا ہوگا، بصورت دیگر موجودہ نسل اپنی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ آنے والی نسلوں کے حصے کا پانی بھی استعمال کرلے گی۔ ظہور بلیدی نے زور دیا کہ بلوچستان میں پانی کے ذخائر کے تحفظ اور زیر زمین پانی کی سطح میں مزید کمی کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، کیونکہ پانی کے وسائل کا تحفظ صوبے کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہے۔

بقیہ 45

اچکزئی کے الزامات پر بہت دکھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پوری پارٹی کے پاس 25 کروڑ روپے نہیں ہیں۔ جے یو آئی ف کا مزاج نہیں کہ پیسے دے کر نشستیں حاصل کرے۔ میں نے کبھی خود کسی کو پیسے نہیں دیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں جے یو آئی ف سے 20 نشستیں چھین لی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف اچکزئی مولانا فضل الرحمٰن کو بڑا بھائی کہتے ہیں تو دوسری طرف 25 کروڑ روپے کی رشوت کا الزام لگا رہے ہیں۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ پارٹی کے پاس اتنے وسائل ہی نہیں کہ وہ نشستیں خرید سکے۔ جے یو آئی ف ہمیشہ اصولوں پر سیاست کرتی رہی ہے اور اس کے مزاج میں رشوت اور خرید و فروخت جیسی باتیں نہیں ہیں۔

بقیہ 46

تشکیل دیے جانے چاہئیں جبکہ غربت، صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومتوں، بین الاقوامی تنظیموں، سول سوسائٹی اور مقامی آبادیوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) پاکستان کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے مضمون میں خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے موسمیاتی تبدیلی، تنازعات، معاشی دباؤ، عدم مساوات اور نقل مکانی کے باعث بڑھتے ہوئے چیلنجز کو اجاگر کرتے ہوئے ان سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اقدامات اور مضبوط شراکت داریوں پر زور دیا۔ اپنی والدہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سیاسی و سماجی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ عوامی خدمت ایک ایسی ذمہ داری ہے جس کی بنیاد ان لوگوں کی بات سننے، ان کے مسائل کو سمجھنے اور ان کے ساتھ کھڑے ہونے پر ہے جن کی آوازیں اکثر سنی نہیں جاتیں۔

بقیہ 47

دارالحکومت میں اخبارات کی ترسیل نہ ہونے کا معاملہ اٹھا دیا۔ سینیٹر مشعل یوسفزئی کو نکتہ اعتراض پر بات کرنے کی اجازت نہ مل سکی۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس کے دوران مسلم لیگ ن کی سینیٹر سعدیہ عباسی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں اخبارات تقسیم نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے نے ریڈ کیا اور وہ دفاتر سیل کر دیے جہاں سے اخبارات کی ترسیل ہوتی تھی۔ انہوں نے اسے سنگین قدم قرار دیتے ہوئے وزارت داخلہ سے جواب طلب کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 48

اسلحہ لائسنسوں کے اجرا کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں، جن کے مطابق مجموعی طور پر 13 ہزار 922 اسلحہ لائسنس جاری کیے گئے۔ دستاویزات کے مطابق ان میں 11 ہزار سے زائد غیر ممنوعہ بور جبکہ 2 ہزار 770 ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس شامل ہیں۔ قومی اسمبلی میں پیش کردہ تفصیلات کے مطابق سال 2024 میں 3 ہزار 151 اسلحہ لائسنس جاری کیے گئے، جبکہ 2025 میں 3 ہزار 125 لائسنسوں کا اجرا ہوا۔ رواں سال وزارت داخلہ کی جانب سے اب تک 4 ہزار 668 اسلحہ لائسنس جاری کیے جا چکے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق گزشتہ تین سال کے دوران ممنوعہ اور غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنسوں کے اجرا کی مجموعی تعداد 13 ہزار 922 رہی۔ تاہم فراہم کردہ تفصیلات میں ہر سال کے دوران ممنوعہ اور غیر ممنوعہ بور کے الگ الگ لائسنسوں کی تعداد واضح نہیں کی گئی۔